بعون صناع مکین و بفضل خلاق زمن

رسالہ خیر و برکت کا مرقع عملیات و تعویذات کا خزینہ خواب کی تعبیرات کا تحفہ

خزینۂ امان

مؤلفہ رموز حقی و جلی مقبول بارگاہ لم یزلی مولوی خواجہ محمد اشرف علی صاحب لکھنوی

در مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں [illegible] چھپا

فہرست حرز سلیمانی

باب ۱
شامل اور ۲۶ فصلوں کے

باب ۲
شامل اور [illegible] فصلوں کے

بعون صنّاع مکین ومکان فضل خلّاق زمین وزمان

رسالۂ خیر وبرکت کا مقالہ عملیات وتعویذات کا خزینہ خواب کی تعبیرات منتخبہ کا گنجینہ عجیبی

حرز یمانی

مؤلفہ رموز خفی وجلی مقبول بارگاہ لم یزلی مولوی خواجہ محمد اشرف علی صاحب لکھنوی

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں بطبع مزین چھپا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشرف سے کہاں ہو حمد باری
اونی سے کہاں ہو مدح اعلیٰ
سرمایۂ کل بشر دو عالم
اب آل عبا کی کیا ہو توصیف

نامی ہیں جو کب شگرف کاری
قطرہ سے ہو خاک وصف دریا
سرتاج رسل شفیع آدم
اصحاب نبی کی کیا ہو تعریف
وصف ان کا ہو سکے نہ ہرگز

وہ مرجع کل یہ جزو منفک
کس منہ سے ہو نعت مصطفائی
وصف ایسے کا مجھ سے ہو بیاں کیا
الحق کہ وہ حق کے ہیں مظاہر
اشرف سے بیاں زباں عاجز

وہ مرکز کل یہ نقطۂ اشک
قدرت یہ کہاں زباں نے پائی
کیا منہ ہے مرا مری زباں کیا
یہ قوت اربعہ عناصر

اسکے بعد ترجمہ وحدہ اسعد شیخ ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو بہ محمد اشرف علی لکھنوی عفا اللہ القوی
برادران دینی و یاران یقینی کی خدمت میں عرض پرداز ہے اپنے مطلب دلی کا بوساطت خامہ رقم طراز ہے کہ جب اس فقیر نے
سنہ ۱۲۹۲ ہجری میں مجربات سلیمانی کی تالیف سے فراغت پائی تو بحکم خیر الناس من ینفع الناس کے یہ بات دل میں
ٹھہرائی کہ اب ایک رسالہ فضائل نوافل و عملیات و تعویذ و نقشجات و تعبیر خواب وغیرہ کے بیان میں ایسا عام فہم ایسی شرح
و بسط سے لکھنے میں آئے حتی المقدور ہندی کی چندی پر بھی شرف پہنچائے کہ بے تکلف ہر ایک کی سمجھ میں آوے جو اس سے کچھ
فائدہ اٹھاوے عابدوں کو عبادت کا شوق ہو عاملوں کو عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کا ذوق ہو مریضوں کو نسخوں کے استعمال سے
شفا ہو بیماری دور ہو نکلی تجربہ سے مجرب دوا ہو اور معتبر کو بے سوچے تعبیر ہاتھ آئے عقدۂ مالا ینحل آسانی سے حل ہو جائے
جب توجہ خاطر پر یہ تدبیر نقش کالحجر ہوئی تو فقیر کو اس امر اہم کی طرف نظر ہوئی متوکلا علی اللہ اس رسالہ کے لکھنے کو قلم اٹھایا
اللہ تعالے نے اپنے فضل سے اختتام کو پہونچایا واسطے افادہ عام کے یہ مجموعہ ترتیب دیا ہے ان کتابوں سے
انتخاب کیا ہے تفسیر بحر الدرر تفسیر کشاف تفسیر مدارک فضائل النوافل احیاء العلوم ما ثبت بالسنۃ فتوح الاوراد
جواہر خمسہ اشراق الدرجات کتاب الاوراد احسن الاعمال مقصود القاصدین سنور القلوب تحفۃ العاشقین
مجربات دیربی عجائب المخلوقات مالابد منہ تعبیر الرؤیا قول الجمیل کنز العباد عمدۃ الصالحین مصابیح الایمان مفتاح الجنان

غنیۃ الطالبین حرز ثمین دار اخفا چلپی حاشیۂ بیضاوی مواہب لدنیہ حصن حصین اور شرح سفر السعادت فضائل القرآن صحیح بخاری صحیح مسلم ترمذی نوادر ابن رستم رسالہ صلوۃ الاسبوع عمل الیوم واللیلہ بستان فقیہ ابی اللیث جواہر جلالی تحفۃ المسلمین فوائد فیروزہ شاہی فضائل الاعمال دستور القاسمیہ سراج السالکین بیاض قلمی عملیات چار محلہ نام اس رسالہ کا اشرف الاعمال اور تطہیر الاعمال معروف بہ حرز سلیمانی ہے دافع بلیات دو جہانی ہے ناظرین بار یک بین جہان کہین ان اوراق پریشان مین سہو یا غلطی پائین خامۂ اصلاح سے بنائین اگر اس مولف سے نفع پائین مولف کو دعاے خیر سے یاد فرمائین الٰہی جو کوئی اس رسالہ کا مطالعہ کرے اُسے دارین کی خیر و برکت عطا فرمایا اور اپنے حبیب کے طفیل سے حاجتمندون کی حاجت بر لا ع این دعا از من و از خلق خدا آمین باد

باب اول اسمین دو فصلین ہین

فصل اول بیچ بیان فضائل نوافل کے جاننا چاہیے کہ نفلون کی فضیلتین بے شمار ہین اور انکے ثواب بیحساب نوافل وسیلہ ہین اللہ تعالی کی طرف پہونچنے کے جیسا کہ حق جل شانہ فرماتا ہے یا ایہا الذین اٰمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون تفسیر بحر الدرر مین لکھا ہے وَابتغوا الیہ الوسیلۃ سے مراد کثرت ہے یعنے نفل نمازون کا پڑھنا اور نفل روزون کا رکھنا جسنے نفلون کو ادا کیا تو گویا اوسنے اپنے نفس پر جہاد کیا جان تو کہ فرائض کے ادا کرنے مین عذاب الٰہی سے نجات ملیگی اور نفلون مین دارین کے مقاصد حاصل ہون گے جیسا کہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ جو کوئی چاہے کہ اللہ تعالے مجھے دین و دنیا کی خوبی عنایت کرے اسکو لازم ہے کہ نفلون کی کثرت کرے اور نفلون سے ترقی رزق بھی ہوتی ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے نماز نوافل بہت ادا کیے اسکے رزق مین ترقی ہوتی اور اُسنے گناہ مٹتے ہین حدیث شریف مین وارد ہے کہ جس نے گناہ کیا اور پڑھی دو رکعت نماز اللہ تعالی اوسکے گناہ بخشے گا اور دوسری جگہ اس طرح ہے کہ جس شخص نے گناہ کیا اور وضو کیا اور پڑھی دو رکعت نماز نفل کی بخشے گا اللہ تعالے گناہ اوسکے سلام کرنے سے پہلے اور دور کرے گا اوسکو آگ سے چالیس خندق اور اون سے ازدیاد مراتب ہے روایت صحیح مین آیا ہے کہ جس نے بہت نماز پڑھی اُسکے درجے بلند ہوے اور گھٹے گناہ اور بڑھین نیکیان اور ہر رکعت ہین نوافل کے ایک گھر جنت مین ملے گا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اس درجہ نفل پڑھتے تھے کہ پاے مبارک ورم کر آتے تھے اور بعض اصحاب رسول علیہ السلام کے دن و رات مین ہزار ہزار رکعت پڑھتے تھے حدیث مین آیا ہے کہ نوافل ہدیہ ہین تمہارے رب کی طرف نفلون کو اچھی طرح سے پڑھا کرو وارد ہے کہ جو کوئی پڑھے دو رکعتین

ہی لگا کر اوسکے گناہ اللہ تعالےٰ بخشتا ہے اور نوافل کو تنہائی مین پڑھے وارد ہے کہ جس آدمی نے
تنہائی مین دو رکعتین اور رکوع و سجود اچھی طرح ادا کیے اللہ تعالےٰ اوسپر جنت واجب کر دیتا ہے
اور جس شخص نے چار رکعتین اور کوئی اوس سے مطلع نہو اللہ تعالےٰ اوسکو نفاق اور کفر اور شرک اور
گمراہی سے بچاتا ہے اور رات کو نفل پڑھنا چاہیے جیسا کہ حدیث مین آیا ہے جو کوئی نماز پڑھے
رات کو اوسکا مُنھ دن کو نورانی ہوجاتا ہے ابو داؤد نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ جس
کسی شخص کی نماز فرض مین کچھ نقصان ہوگا اللہ تعالےٰ فرمائیگا کہ دیکھو اے فرشتو اس بندے کے
نامۂ اعمال مین سنت اور نفل ہے اگر ہوگا حق تعالےٰ اوس نقصان کو اس سنت اور نفل سے پورا کریگا
مؤلف کہتا ہے کہ جب نوافل کے فضائل کتاب مین دیکھے یا علماء سے سُنے تو یقین کامل کرے
کہ اللہ تعالےٰ ضرور ہم کو ثواب عطا کرے گا اور شوق اور حُسن عقیدت سے اوس کو ادا کرے
اللہ تعالےٰ کا وعدہ سچا ہے جو اوسنے اپنے انبیا اور اولیا کی زبان سے سُنا رکھا ہے بیشک
پورا کریگا اور اللہ تعالےٰ کی رحمت سے ناامید ہونا نہایت نادانی کی بات ہے وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ وَالْمُعِیْنُ ؏
فصل ۲ - اشارات معینہ مین اس جگہ بعضے اشارات لکھے جاتے ہین کہ ناظرین کو ہر جگہ
دقت نہ پڑے بنظر اختصار آیتون اور سورتون کے نام پر اکتفا کیا گیا سورہ فاتحہ سے اَلْحَمْدُ
قرآن شریف کی پہلی سورت مراد ہے اور اخلاص سے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور معوذتین سے
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مراد ہے کلمہ طیبہ یہ ہے لَآ اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کلمۂ توحید یہ ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کلمۂ تمجید یہ ہے سُبْحَانَ اللّٰہِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
لاحول سے یہ مراد ہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؏ اور استغفار
یہ ہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ؏ اور درود
شریف یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ
یہ صیغہ درود شریف کا مختصر ہے اسواسطے اسکو اختیار کیا ہے

باب دوسرا بیچ ذکر نمازون اور دعاؤن تمام سال کے مہینونکی اور اسمین ۲۶ فصلین ہین

فصل ۱- چاند دیکھنے کے بیان مین مقصود القاصدین مین لکھاہے کہ پہلی رات کا چاند تین بار کہے رَبِّي وَرَبُّكَ اللهُ اللهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي خَلَقَنِي وَخَلَقَكَ وَصَوَّرَنِي وَصَوَّرَكَ وَقَدَّرَ لَكَ مَنَازِلَ وَجَعَلَكَ اٰيَةً لِّلْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا شَهْرَ بَرَكَةٍ وَاَجْرٍ وَنُوْرٍ وَيُمْنٍ وَرِزْقٍ وَمُعَافَاةٍ اَللّٰهُمَّ قَاسِمَ الْخَيْرِ بَيْنَ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ اَقْسِمْ لَنَا فِيْهِ مِنْ خَيْرِ مَا اقْتَسَمْتَ بَيْنَ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ ۰ جب یہ دعا پڑھ چکے تو ۲۱ بار سورۂ فاتحہ یہ مہینہ خیر و برکت سے گذرے تسمیہ سے مہینہ بھر آفات سے بچا رہے **ایضاً** سراج السالکین مین ہے کہ جب چاند دیکھے تو ۳ سورۂ ملک اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اللہ چاہے تو تمام سال امن سے رہے **ایضاً** سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محرم کا چاند ملاحظہ فرماتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے مَرْحَبًا بِالْحَدِيْدَيْنِ وَالشَّهْرِ الْجَدِيْدِ وَالْيَوْمِ الْجَدِيْدِ مَرْحَبًا بِالْكَاتِبِ الشَّهِيْدِ اَلتَّبْيَانِي بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۰

فصل ۲- بیچ ذکر نوافل ماہ محرم کے وجہ تسمیہ محرم کی یہ ہے کہ اس مہینہ مین قتال حرام ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی بزرگی کرے محرم کی بزرگ کرے گا اوسکو اللہ بہشت مین اور نجات دے گا آتش دوزخ سے دوسری حدیث مین یون ہے کہ غنیمت جانو قیام شب ہاے ماہ محرم کو تحقیق کہ ایک شب کی عبادت بزرگ زیادہ ہے عبادت سات ہزار برس سے کذا فی تحفۃ المسلمین **ایضاً** مقصود القاصدین مین لکھاہے کہ جو شخص پڑھتاہے اول شب ماہ محرم کو سورہ بقر اسکے گناہ بخشے جاتے ہین اور واجب ہوتی ہے اسپر جنت **ایضاً** کتاب مذکور مین لکھاہے کہ جو کوئی پڑھے پہلی شب محرم کو دو رکعت اول مین سورۂ انعام اور دوسری مین یٰس لکھی جاتی ہے اوسکے لیے عبادت آٹھ ہزار برس کی **ایضاً** جو کوئی پڑھے اول شب محرم کی دو رکعت ہر رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے تین بار سورۂ اخلاص اللہ تعالےٰ اوسکے لیے ایک سال کی عبادت لکھتاہے **ایضاً** فضائل الاعمال حافظ ابو نعیم مین ہے کہ ماہ محرم کے پہلے روز دو رکعت پڑھے اور

بی لگا کر او...

تنہائی مین دو... کے ہاتھ اوٹھا کر تین بار یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِیْمُ وَھٰذِهٖ

اور جس شخص نے... جَدِیْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِیْھَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَالْعَوْنَ عَلَی النَّفْسِ

اکرام... الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَاَسْئَلُكَ الْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ یَا كَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ **ایضاً** مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی پہلے روز محرم کے

دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ اخلاص پچیس بار پڑھے اوسکے لیے ایک سال

کی نیکیون کا ثواب لکھا جاتا ہے **ایضاً** جو شخص بارہ رکعت پڑھے بعد فاتحہ کے ہر رکعت سورہ

اخلاص بارہ مرتبہ اوسکے لیے بارہ ہزار برس کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے

فصل ۳ - نوافل عاشورہ مین - ... سورہ کہتے ہین روایت ہے کہ جو کوئی شب

عاشورہ کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت ... بعد فاتحہ کے پچاس بار سورہ اخلاص بخشتا ہے اللہ تعالے

گناہ اوسکے پچاس برس کے گذرے ہوے ... پچاس آنے والے کے **ایضاً** شب عاشورہ کو

دو رکعت پڑھے ہر ... مین بعد ... تین بار سورہ اخلاص اور بعد سلام کے ستر بار کلمہ تمجید

اللہ تعالے ... کی قبر کو نور ... سے معمور فرماوے گا **ایضاً** اشراق الدرجات مین ہے کہ حضرت

امام حسین ... نبی اللہ ... عاشورہ کے دن دو رکعت پڑھتے تھے پہلی مین بعد فاتحہ کے الم نشرح

دوسری مین ... اذا جاء پچیس مرتبہ خداے تعالے اوسکی برکت سے گناہون کی آمرزش

کرے گا او ... جنت دیوے گا ساتھ نعمتہاے بے انتہا کے **ایضاً** فضائل النوافل مین لکھا ہے

کہ چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے چارون قل ایک ایک بار پڑھے اللہ تعالے

ہول قبر سے نجات دے گا **ایضاً** دعاے عاشورہ اس دعا کو تین بار پڑھے سال بھر جمیع آفات

سے بچا رہے وہ یہ ہے سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْاَءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰی وَزِنَةَ

الْعَرْشِ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ

وَالْوِتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ وَاَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ كُلَّھَا بِرَحْمَتِكَ یَا

اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَھُوَ

حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ

خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا كَثِیْرًا **ایضاً**

سراج السالکین سے منقول ہے کہ جو کوئی اس دعا کو عاشورا کے دن پڑھے گا جو کچھ حاجت

رکھتا ہوگا بر آوے گی وہ دعا یہ ہے اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ

وَجَدِّہٖ وَبَنِیْہِ فَرِّجْ عَمَّا اَنَا فِیْہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

فصل ۴ ۔ نوافل ماہ صفر مین مشتق ہے صفر سے اور اُسکے معنی خالی کے ہین چونکہ یہ مہینہ خیر و برکت سے خالی ہے اسواسطے نام اُسکا صفر رکھا اور عجائب المخلوقات وغیرہ مین لکھا ہے کہ اس مہینے مین مردم قتال کو جاتے تھے گھر اونکے خالی ہوتے تھے لہذا ساتھ اس اسم کے مسمّے کیا اس مہینے مین نزول بلایات ہے تصدق کرین اور نمازین پڑھین مگر اس مہینے کو منحوس جاننا اور شادی وغیرہ خوشی کے کام کو نہ کرنا خلاف شرع ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صاف فرمایا ہے کہ صفر کی نحوست کچھ نہین صحیح مسلم مین یہ حدیث موجود ہے اور اس مہینے کے آخری چہار شنبہ کو عوام الناس بہت اچھا سمجھتے ہین اسمین غسل کرتے اور اچھی پوشاک پہننا اور میلے جانا اور سیر باغ کی کرنا اور عید کا سا دن سمجھنا اور گھڑے توڑنا ضروری اور بہتر ٹھہراتے ہین اور یہ جو مشہور ہے کہ اس دن مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غسل صحت فرمایا یہ سب باتین بے اصل ہین البتہ آخر صفر سے رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی بیماری جسمین آپنے انتقال کیا شروع ہوئی تھی حدیث مین آیا ہے کہ جو کوئی اول شب ماہ صفر مین چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے قل ہو اللہ احد پڑھے اللہ تعالےٰ جمیع بلیات و آفات سے محفوظ رکھے گا **ایضاً** جو کوئی اس مہینے مین پہلی رات کو چار رکعت پڑھے اول مین بعد فاتحہ کے قل یا ایہا الکافرون اور دوسری مین سورہ اخلاص اور تیسری مین سورہ فلق اور چوتھی مین سورہ ناس اور ہر سورہ پندرہ پندرہ بار اور بعد سلام کے کلمہ تمجید ستر بار اور درود شریف ستر بار پڑھے لکھا جاتا ہے ثواب چار سو برس کی عبادت کا **ایضاً** منقول ہے کہ نماز آخری چہار شنبہ کو اس طریقے سے پڑھے کہ بعد نماز اشراق کے غسل کرے اور کپڑے طاہر پہنے اور پھر کسی سے بات نکرے اور چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ کوثر ستر بار اور اخلاص پانچ بار اور معوذتین ایک ایک بار پڑھ کر تمام کرے پھر سجدہ مین جا کر ۱۴ بار یَا وَھَّابُ اور وَھُوَ الْمُحْیِی الْحَقُّ ایکبار کہے پھر سجدے سے سر اوٹھا کر الم نشرح اکسٹھ بار اور والتین اکسٹھ بار اور اذا جاء و قل ہو اللہ اکسٹھ بار اور اسم یَا وَھَّابُ اکیس ار چار سو بار وَھُوَ الْمُحْیِی الْحَقُّ ایک ہزار ایکسو بار پڑھ کر سجدے مین جائے اور دونون اسمون کو چودہ چودہ بار کہے اور تین بار یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ بَارِکْ وَسَلِّمْ **ایضاً** دوسرا طریقہ چہار شنبہ کا مجربات دیربی مین

لکھا ہے کہ آخری چہار شنبہ کے دن چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ کوثر سترہ بار
اور سورہ اخلاص پانچ بار اور معوذتین ایک بار اور بعد سلام کے اس دعا کو پڑھے اللہ تعالے
اوسکو تمام سال جمیع بلیات سے محفوظ رکھے گا دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى يَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ
يَا عَزِيْزُ ذُلَّتْ بِعِزَّتِكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ اِكْفِنِيْ عَنْ شَرِّ جَمِيْعِ خَلْقِكَ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا
مُنْعِمُ يَا مُكْرِمُ يَا مَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّ الْحَسَنِ
وَاَخِيْهِ وَجَدِّهٖ وَاَبِيْهِ اِكْفِنِيْ شَرَّ هٰذَا الْيَوْمِ وَمَا يَنْزِلُ فِيْهِ يَا كَافِيْ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ؕ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ؕ فقیر مولف کو بعض عارفین نے تعلیم فرمایا ہے
کہ بعد اس دعا کے ستر ستر بار سورہ الم نشرح و سورہ والتین و سورہ نصرت و سورہ اخلاص پڑھے بعدہ
ہزار بار یَا وَهَّابُ اور ہزار بار وَهُوَ الْحَيُّ الْحَقُّ اور سو بار یَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ
يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ اسکے بعد يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ يَا رَزَّاقُ ایک ایک بار پڑھکر دعا مانگے اس عمل کو
ہر چہار شنبہ کو کیا کرے **ایضاً** جو کوئی آخری چہار شنبہ کو بعد نماز ضحیٰ کے چار رکعت پڑھے بعد سلام کے
الم نشرح اور والتین اور نصر اور اخلاص ہر ایک ستر بار ثواب عظیم پاوے **ایضاً** مشائخ کبار سے
منقول ہے کہ آخری چار شنبہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت اس تعویذ کو لکھکر پانی مین گھولے اور اسمین
چاندی کا چھلا سات بار بجھاوے جو اس چھلے کو بائین ہاتھ کی چھنگلیا مین پہنے رہے بواسیر دور ہو جاوے
جس عورت کے درد زہ ہو اوسکے کمر مین باندھ دے جلد فراغت ہو جاوے وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓمّٓ الٓمّٓصٓ الٓرٰ الٓمّٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمّٓ طٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ

فصل ۵ نوافل ربیع الاول مین کتب معتبرہ مین لکھا ہے کہ وقت تسمیہ شہور کے یہ مہینہ
ابتدائے فصل ربیع مین واقع ہوا تھا لہذا مسمی ساتھ اس اسم کے کیا یہ مہینہ بہت متبرک ہے اس مین
رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی ولادت باسعادت ہے اور جس شب مین آپ نے قدم دنیا مین رکھا
وہ شب افضل ہے شب قدر سے تصریح اس کی ابن حجر مکی اور شیخ عبد الحق دہلوی نے کی ہے مسلمانونکو
چاہیے کہ اس مہینے مین خوشی کرین جو کوئی اس مہینے کی پہلی رات اور پہلے روز مین چار رکعت پڑھے
ہر رکعت مین بعد الحمد کے سورہ اخلاص سات بار اللہ تعالے اوسکے لیے ثواب سات سو برس کی
عبادت کا لکھتا ہے **ایضاً** بارھوین تاریخ کو چھ سو سات مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ثواب عظیم پاوے
ایضاً فتوح الاوراد مین لکھا ہے کہ صحابہ اور تابعین بروز عرس حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یعنے بارھوین اس ماہ کو بہ نیت ہدیہ روح پر فتوح کے بیس رکعت نماز پڑھتے تھے اور ہر رکعت مین اکیس ۲۱ بار سورہ اخلاص اور بعد سلام کے سو مرتبہ درود شریف چنانچہ ایک بزرگ اس نماز کی مداومت رکھتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اُن سے خواب مین فرمایا کہ تم کو اپنے ساتھ بہشت مین لے جاؤن گا جسکو حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بشارت دین وہ قطعی جنتی ہے مسلمانون کو لازم ہے کہ اُس کو شوق سے پڑھین اور حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شفاعت کے امیدوار رہین

فصل - ۶ - نوافل ربیع الآخر وجہ تسمیہ اوپر مذکور ہوا اوس سے ظاہر ہے جو کوئی پہلی رات کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص نو مرتبہ اللہ تعالیٰ اُسکے لیے جنت مین گھر بناتا ہی **ایضاً** فتوح الاوراد مین ہے کہ ربیع الآخر کی تیسری شب کو چار رکعت پڑھے اور بعد سلام کے چالیس بار یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ کہے ثواب عظیم پاوے **ایضاً** گیارھوین ربیع الآخر کو فاتحہ حضرت غوث الثقلین کا باعث خیر و برکت ہے اور طریقہ اوسکا یہ ہے کہ اول یہ درود شریف گیارہ بار پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ مَنْبَعِ الْحِلْمِ وَالْحِکَمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ بَارِکْ وَسَلِّمْ بعد اسکے سورہ فاتحہ سات بار سورہ اخلاص گیارہ بار آیۃ الکرسی ایکبار پڑھکر پھر وہی درود گیارہ بار پڑھے پھر یہ عبارت اور اشعار پڑھے بارواح پاک جمیع انبیاء و رسل صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین خصوصاً بروح پر فتوح حضرت سرور کائنات خلاصہ و خاصہ موجودات رحمت عالمیان وصفوت آدمیان و تتمہ دور زمان و شفیع مذنبان احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم علے الخصوص ؎ سید و سلطان فقیر و خواجہ مخدوم و غریب ٭ بادشاہ و شیخ درویش و ولی مولانا ٭ میر صالح فاطمہ ثانی اسامی والدین ٭ پیر ایشان بوسعید مرد حق مردانہ ٭ زینب و بی بی نفیسہ خواہران حضرت اند ٭ این اسامی شانزدہ باید کہ ہر فرزانہ ٭ میر عبد الجلیل اُستاد آنحضرت و یاران سعید حاجی عبد الوہاب حاجی عبد الرزاق حاجی عبد الکریم حاجی عبد الرشید نذر اللہ ثواب و فاتحہ و شیرینی بطفیل روح حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بروح پاک حضرت جناب غوث الاعظم رضی اللہ عنہ و بروح جمیع اسامی از طرف فلان قبول باد جب دسوین تاریخ گذر جائے تو گیارھوین شب کو فاتحہ دے اکثر مشائخ کا یہی معمول ہے وَاللّٰہُ وَلِیُّ التَّوْفِیْقِ

فصل - ۷ - نوافل جمادی الاول مین اس مہینے کا یہ نام اسواسطے ہوا کہ وقت تسمیہ کے یہ مہینہ شدت فصل سرما مین واقع ہوا کہ پانی بستہ ہو جاتا تھا اشراق الدرجات مین ہے کہ پہلی رات کو پانچ بار تکبیر کہے بعدہ بیس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص ایکبار اور بعد سلام کے درود سو بار **ایضاً** جو کوئی دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ جمعہ اور دوسری

مین سورہ مزمل ثواب عظیم پاوے۔ ایضاً جو کوئی پہلے روز دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد
فاتحہ کے سورہ اخلاص گیارہ بار اللہ تعالے اوسکے گناہ بخشتا ہے

فصل ۸۔ نوافل جمادی الآخر مین وجہ تسمیہ اوپر سے ظاہر ہے فتوح الاوراد مین لکھا ہی کہ
پہلی رات مین بعد مغرب کے پندرہ بار سورہ اخلاص اور ایک بار معوذتین اور سجدے مین تین بار
إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ کہے اللہ تعالے اوسکی حاجتین برلاوے گا۔ ایضاً
پہلے روز چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ اخلاص تیرہ بار اوسکے نامہ اعمال مین اللہ تعالے
سو نیکیان لکھتا ہے اور سو گناہ اوسکے مٹاتا ہے ایضاً دسوین کو بارہ رکعت دوگانہ پڑھے
ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے لا یلاف ایکبار بعد فراغت کے سورہ یوسف پڑھے سال بھر تک تنگدست
اور مفلس نہو۔ ایضاً آخر اس مہینے مین روزہ رہے اور رات کو بیس رکعت پڑھے

فصل ۹۔ نوافل ماہ رجب مین مشتق ہے ترجیب سے اور وہ بمعنی تعظیم کے ہے اور اس
مہینے کی عرب بہت تعظیم کرتے ہین اور اس مہینے کا شہر اللہ بھی ہے اسواسطے کہ حدیث مین آیا ہے
کہ رجب شہر اللہ کا ہے اور شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان میری امت کا مہینہ ہے دوسری حدیث
مین یون ہے کہ بزرگی رجب کی تمام مہینون پر مانند بزرگی قرآن کے ہے اور کلامون پر ثابت باستحقین
ہے کہ رجب بڑا بزرگ مہینہ ہے دونی ہوتی ہین نیکیان اس مہینے مین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا کہ رجب ایک نہر ہے بہشت مین سفید زیادہ برف سے اور میٹھی زیادہ شہد سے جو کوئی اس مہینے
مین روزہ رکھے گا اللہ تعالے اسی نہر سے اوس روزہ دار کو سیراب کرے گا مقصود القاصدین مین
لکھا ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مہینے کا چاند دیکھتے تو فرماتے تھے اللّٰهُمَّ بَارِكْ
لَنَا فِي رَجَبٍ وَشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا إِلَى شَهْرِ رَمَضَانَ اللّٰهُمَّ هٰذَا الشَّهْرُ شَهْرُكَ
وَنَحْنُ عِبَادُكَ فَاغْفِرْ عِبَادَكَ شَهْرَكَ وَارْحَمْهُمْ بِرَحْمَتِكَ وَأَعْطِهِمْ مَا يُعْطِي
عِبَادُكَ الصَّالِحِينَ اللّٰهُمَّ وَفِّقْ لَنَا تَوْفِيقَ طَاعَتِكَ وَاعْصِمْنَا بِعِصْمَتِكَ يَا
ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ایضاً جو کوئی پہلی رات کو بعد نماز مغرب کے بیس رکعت پڑھے
اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ اخلاص ایک بار پڑھے جمیع آفات سے محفوظ رہے گا ایضاً
حدیث مین ہے کہ رجب کے پہلے روز اور پندرھوین اور اخیر دن مین غسل کرے خارج ہووے
اپنے گناہون سے گویا آج ہی اپنی مان سے پیدا ہوا اور پہلے روز بعد طلوع آفتاب کے غسل کرے
اور دس رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے قل یا ایہا الکافرون ایک مرتبہ اور اخلاص

تین مرتبہ اور بعد سلام کے کلمہ تمجید اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ
لِمَا مَنَعْتَ یَا ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ لکھا جاوے گا ثواب عبادت ہزار برس کا **ایضاً**
جو کوئی پہلے روز رجب کے بعد طلوع آفتاب کے دو رکعت اور ضحی کے وقت چار رکعت اور قبل ظہر
چھ رکعت اور بعد ظہر کے آٹھ رکعت قبل عصر کے دس رکعت اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ
اخلاص گیارہ بار پڑھے اور بعد سلام کے استغفار دس بار اللہ تعالے اوسکے لیے سات سو برس کی
عبادت کا ثواب لکھتا ہے **ایضاً** سراج السالکین وغیرہ مین ہے کہ پہلے روز جو کوئی ماہ رجب مین
سورہ طہ و الم تنزیل و یس پڑھے گا اللہ تعالے اوسکو دوزخ سے آزاد کریگا **ایضاً** مقصود القاصدین
مین ہے کہ ہر رات کو جو کوئی رجب مین سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیگا قیامت مین اوسکے ساتھ نور ہوگا
ایضاً فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی شخص پڑھے ہر روز رجب مین بعد نماز
فجر کے سورہ یس بخشیگا اللہ تعالے پچاس برس کے گناہ اوسکے اور نجات پاوے گا وہ عذاب قبر سے

فصل - ۱۰ - نماز لیلۃ الرغائب مین رغائب جمع رغیبہ کی ہے بمعنی عطاے کثیر وہ ماہ رجب پہلے
پنجشنبے اور جمعے کے درمیان کی رات ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ غافل نہ رہو
اس رات سے تحقیق کہ اس رات کا ملائکہ نے لیلۃ الرغائب نام رکھا ہے اور اس رات کو ملائکہ نازل
ہوتے ہین اور حدیث مین ہے کہ جو کوئی اس رات کو بہت عبادت کرے گویا اوسنے تمام سال عبادت کی
ایضاً مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی لیلۃ الرغائب مین بعد نماز مغرب کے بارہ رکعت پڑھے
ہر رکعت مین انا انزلناہ تین مرتبہ اور اخلاص بارہ بار اور بعد سلام کے ستر بار کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ پھر سجدے مین جا کر ستر بار پڑھے سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ
وَالرُّوْحِ پھر سر اوٹھاوے اور ستر بار کہے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّكَ
اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَعْظَمُ پھر دوسرے سجدے مین جا کر دعاے مذکور ستر بار اور سر اوٹھا کر ستر بار
درود شریف مذکورہ بالا پڑھے اور اللہ تعالے سے اپنی حاجت مانگے دعا قبول ہوگی اور گناہ محو ہونگے
اور نیکیاں بڑھین گی **ایضاً** کتاب مذکور مین مسطور ہے کہ جو کوئی بعد عشا اور قبل وتر کے چار رکعت
پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص سو بار سات سو حج کا ثواب پاویگا **ایضاً** جو کوئی صبح ہوتے ہوئے
دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص گیارہ بار گویا کہ اوسنے ہزار برس عبادت کی

فصل - ۱۱ - نماز شب استفتاح مین پندرھوین شب ماہ رجب کی ہے اس واسطے کہ اس رات کو
بہشت کے دروازے کھل جاتے ہین یہ رات نہایت بزرگ ہے جواہر خمسہ مین ہے کہ دس رکعت

پانچ سلام سے پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص تیس بار پڑھے اور بعد سلام کے استغفار سو مرتبہ **ایضاً** جو کوئی دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے آیۃ الکرسی تین مرتبہ اور سورہ اخلاص پانچ مرتبہ دس حج اور دس شہیدون کا ثواب اُس کو ملے گا

فصل - ۱۲ - نماز یوم استفتاح مین یہ دن مبارک ہے اسی دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کلام کیا اس دن کو بزرگ جاننا ضرور ہے حدیث شریف مین ہے کہ جس شخص نے اس دن کی بزرگی کی اللہ تعالےٰ اوس پر دروازے رحمت کے کھولتا ہے مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی شخص نیدرھوین رجب کو بعد طلوع آفتاب کے پچاس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص اور فلق اور ناس ایک ایکبار گناہون سے بری ہوگا گویا کہ اوسی دن پیدا ہوا ہے اور شہیدون کے ساتھ محشور ہوگا **ایضاً** جواہر جلالی مین ہے کہ اس دن مین دس رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے دس بار سورہ اخلاص اللہ تعالےٰ اُسکے رزق مین فراخی کریگا اس نماز کے ثواب کی انتہا نہین

فصل - ۱۳ - بیچ ذکر نماز شب معراج کے ستائیسوین رات رجب کی یہ ہے یہ رات نہایت بزرگ ہے اللہ تعالےٰ اپنے کلام پاک مین فرماتا ہے سُبْحَانَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مفتاح الجنان مین ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک قبر پر تشریف لے گئے اور وہ قبر بہت تاریک تھی آنحضرت نے فرمایا کہ اگر ستائیسوین رات ماہ رجب کو بیدار رہتا تو تیری قبر تاریک نہوتی فوائد فیروزہ شاہی مین لکھا ہے کہ جو کوئی اس شب کو بارہ رکعت ایک سلام اور تین قعدون سے پڑھے ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے کوئی اور سورہ ضم کرے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ بعد سورہ فاتحہ کے سبح اسم ایک بار اور سورہ قدر دس بار اور بعد سلام کے کلمہ تمجید سو بار اور استغفار سو بار اور درود سو بار پڑھے پھر سجدے مین جاوے اور اپنی حاجت اللہ تعالےٰ سے طلب کرے حاجت بر آوے گی **ایضاً** اشراق الدرجات مین لکھا ہے کہ دو رکعت پڑھے اور رکعت اول مین بعد سورہ فاتحہ کے الم ترکیف اور دوسری مین سورہ قریش ثواب عظیم پاوے **ایضاً** مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی چھ رکعت شب معراج مین پڑھے اور ہر رکعت مین سات بار سورہ اخلاص اللہ تعالےٰ اوسکی سب حاجتین بر لاوے

فصل - ۱۴ - بیچ ذکر عبادت ماہ شعبان کے وجہ تسمیہ اس مہینے کا حدیث مین یون وارد ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اصحاب سے کہ تم جانتے ہو کہ شعبان کا نام شعبان کیون ہوا صحابہ نے عرض کیا کہ اللہ و رسول جانتا ہے فرمایا آنحضرت نے کہ نکلتی ہین اس سے نیکیان بہت

اسواسطے اُسکا نام شعبان رکھا تحفۃ المسلمین مین ہے کہ جب حضرت سرور کائنات معراج کو تشریف لیگئے
تو حق جل وعلا سے عرض کیا کہ الٰہی تو نے موسیٰ کو شعبان عنایت کیا میرے تئین کیا دیا حضرت حق سے
خطاب ہوا کہ تجکو شعبان دیا چنانچہ شعبان نے جادوگرون کے سحر کو مٹا دیا اور شعبان تیری امت کے
گناہون کو مٹا دیگا حدیث مین آیا ہے کہ شعبان مہینہ میرا ہے جس شخص نے بزرگی کی میرے مہینے کی
بزرگی کی میرے حکم کی جسنے بزرگی کی میرے حکم کی داخل ہوگا جنت مین مقصود القاصدین مین لکھا ہے
کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم شعبان کے مہینے کا چاند دیکھتے تو فرماتے تھے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ
شَھْرِیْ فَاغْفِرْ لِاُمَّتِیْ فِیْ شَھْرِیْ مَا لَا یَغْفِرُ فِیْ سَائِرِ الشُّھُوْرِ ط اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا
بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ مِنَ الْبَلَایَا وَالْحَذْلَانِ اَسْئَلُکَ فِیْہِ الْمَغْفِرَۃَ وَالرَّحْمَۃَ
فِیْ کُلِّ سَاعَۃٍ وَّزَمَانٍ اِنَّکَ اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ الرَّحِیْمُ الرَّحْمٰنُ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا رَمَضَانَ
کَمَا رَزَقْتَنَا شَعْبَانَ اشراق الدرجات مین مسطور ہے کہ شعبان کی پہلی رات کو چار رکعت پڑھے
اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص سترہ بار خداے تعالےٰ اوسکے نامۂ اعمال مین
ثواب ستر ہزار برس کی عبادت کا لکھتا ہے - **ایضاً** پہلی رات کو جو کوئی چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین
بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص سات مرتبہ لکھا جاتا ہے اُسکے لیے ثواب سات ہزار برس کی عبادت کا
ایضاً مقصود القاصدین مین ہے کہ شب اول ماہ شعبان مین قبل صبح کے دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین
اخلاص ستر بار اور رکوع اور سجود مین بعد تسبیح معمولی کے یہ کہے سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ
وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ قَائِمٌ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ اللہ تعالےٰ
عذاب دوزخ سے بچائیگا اور بہشت مین جگہ دیگا **ایضاً** جو کوئی آخر جمعہ شعبان مین مابین مغرب اور عشا
کے دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور سورہ کافرون ایکبار اور
سورہ اخلاص دس بار اگر اُسی سال مین مرجائیگا شہید مرے گا اور اس نماز کا ثواب بہت ہے -
فصل ۱۵ : بیچ بیان اعمال **شب برات** کے شب برات یہ مہینہ نہایت مبارک ہے خدای اپنے کلام مین
فرماتا ہے اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ الآیۃ مفسرین فرماتے ہین کہ لیلۃ مبارکہ سے مراد شب برات
ہے اور بڑی فضیلت اسکی یہ ہے کہ خداے تعالےٰ اُس رات کو مبارک رات فرمایا حدیث مین آیا ہے
کہ شب برات کی بزرگی کہ وہ یہ رات اللہ تعالےٰ کے نزدیک بڑی بزرگ ہے اور اس رات کی ایک بزرگی
یہ ہے کہ سب کام تقسیم ہوتے ہین اس سے یہ مراد ہے کہ سارے برس آئندہ کے ہر شخص کی موت
اور روزی وغیرہ نیک اور بد کام جو جو ہونے والے ہین لکھکر ملائکہ کو اونکی تعیینی مل جاتی ہے برات کے

معنی چیٹھی کے ہین جو کسی کام کے لیے کسی کو دیتے ہین اسلیئے اس کا نام شب برات ہوا اس رات مین جہانتک
نیک کام کرے قرآن شریف اور استغفار اور درود اور نوافل وغیرہ پڑھتے پڑھتے رات تمام کرے بدعات
شنیعہ سے باز رہے تفصیل انکی کتب مبسوطہ مین لکھی ہے مَنْ اَرَادَ الْاِطِّلَاعَ فَلْيَرْجِعْ اِلَيْهِ اب
اس رات کی نوافل کا بیان کرتا ہون مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی بعد مغرب کے شب برات کو
بیس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے دس بار سورہ اخلاص پڑھے لکھتا ہے اللہ تعالےٰ
اسکے نامہ اعمال مین دس ہزار نیکیان ایضاً اس رات کو عشا کے بعد غسل کرے بعد اسکے دو رکعت
نماز تحیۃ الوضو پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے آیۃ الکرسی ایکبار اور سورہ قدر ایکبار
سورہ اخلاص تین بار پھر آٹھ رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ قدر ایکبار اور سورہ
اخلاص پانچ بار ثواب عظیم پاوے - ایضاً تفسیر کشاف مین لکھا ہے کہ جو کوئی شب برات کو سو رکعت
پڑھے اور ہر رکعت مین دس بار قل ہو اللہ پڑھے حق تعالےٰ سو فرشتے بھیجتا ہے تاکہ اوسکے پاس رہین
فرشتے بشارت بہشت کی دیتے ہین اور مکاید شیطان سے بچاتے ہین ایضاً مروی ہے کہ اس شب مین دس
رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے دس بار سورہ اخلاص پھر بعد سلام کے سجدے مین جاوے
اور یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ سَجَدَ لَكَ سَوَادِيْ وَخَيَالِيْ مَا غَيْرُكَ يَا عَظِيْمُ خدا اسے تعالےٰ ستر ہزار
گناہ اوسکے نامہ اعمال سے مٹاتا ہے اور ستر ہزار نیکیان لکھتا ہے ایضاً اشراق الدرجات مین ہے
کہ چودہ رکعت پڑھے ہر رکعت مین کوئی سورہ ضم کرے بعد سلام کے سورہ فاتحہ اور اخلاص چودہ
چودہ بار اور پھر آیۃ الکرسی ایکبار اور ایک بار آیہ کریمہ پڑھے لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ پھر جو دعا کرے قبول ہووے
ایضاً مروی ہے کہ شیخ امام عارف باللہ ابو الحسن بکری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بہتر ہے کہ اس رات مین
یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ
وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ایضاً کتاب کنز العباد مین لکھا ہے کہ جو
کوئی داہنی آنکھ مین تین سلائی اور بائین آنکھ مین دو سلائی سرمے کی لگاوے تمام سال آنکھ درد نکرے
اور عبادت پر کبھی سستی نہووے اور نظر تیز ہو جاوے

فصل ۱۶- اعمال ماہ رمضان مین رمضان مشتق ہے رمض سے اور اُس کے معنی جلانے کے
ہین چونکہ ماہ رمضان مین صوم کے سبب گناہ جلجاتے ہین جیسے لوہے سے میل جلجاتا ہے اسواسطے

اس مہینے کا نام رمضان رکھا گیا یہ مہینہ بڑا متبرک ہے اللہ تعالے فرماتا ہے شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْ
اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ اور فرمایا فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ط اور حدیث شریف مین
آیا ہے کہ تحقیق اللہ تعالے لئے شرف بخشا ہے رمضان کو سب مہینون پر اور شرف دیا ہے سب
کتابون پر قرآن کو اور فرض کیا اوسمین روزے کو اور سنت کیا قیام کو اور حدیث مین یون ہے
کہ جس وقت آتا ہے رمضان کھولے جاتے ہین دروازے جنت کے اور بند کیے جاتے ہین دروازے
دوزخ کے اور پابند کیے جاتے ہین شیاطین اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب رمضان کا چاند
دیکھتے تھے تو فرماتے تھے اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنِيْ مِنْ رَمَضَانَ وَسَلِّمْهُ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا صِيَامَهٗ وَقِيَامَهٗ
وَتِلَاوَةَ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرَكَ بِالْقَلْبِ وَاللِّسَانِ مروی ہے کہ جس شخص نے دیکھا ہلال رمضان کا
اور خوش ہوا حلال ہوئی اُسکے لیے جنت اور حرام ہوئی اوسپر دوزخ مقصود القاصدین مین ہے
کہ جو کوئی شخص پہلی رات کو رمضان مین دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورۂ فتح
ایکبار پڑھے نگاہ رکھیگا اوس کو اللہ تعالے ہر بلا سے دوسری سال تک ایضاً جو کوئی اول شب
دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورۂ قدر دو مرتبہ پڑھے گویا کہ ستر ہزار رات
عبادت کی۔ ایضاً جو کوئی پہلی رات رمضان شریف مین چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت
مین بعد سورۂ فاتحہ کے اونیس بار سورۂ اخلاص پڑھے بے انتہا ثواب پاوے ایضاً مروی ہے
کہ جو شخص پہلے روز رمضان شریف کی چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی پانچ
بار اور بعد سلام کے ایکبار اللہ تعالے اُس کا گھر جنت مین بناتا ہے ایضاً جو کوئی پہلے روز رمضان
کے چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت اول مین آیۃ الکرسی ایکبار اور اخلاص پچیس بار اور چوتھی رکعت
مین معوذتین ایکبار اور اخلاص پچیس بار ثواب عظیم پاوے ایضاً پہلی شب سے اور آخیر مہینے
تک اس ماہ مبارک کے تراویح کی بیس رکعت سنت موکدہ ہین ختم قرآن باعث خوشنودی رحمان ہے

تفصیل اُسکی کتب فقہ مین بشرح وبسط مرقوم ہے

فصل ۱۷ بیچ ذکر نماز شب قدر کے یہ رات نہایت برکت کی ہے اللہ تعالے فرماتا ہے
لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ط ہر سال رمضان شریف مین ایک شب ہوتی ہے
اُس کو شب قدر کہتے ہین عبادت کرنا اوس شب مین بہتر ہے ہزار مہینے سے اور مشہور روایت
ہے موافق وہ ستائیسوین شب ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بھی یہی مذہب ہے اس کا
بیان بڑی بڑی کتابون مین بتفصیل ہے اس مختصر رسالہ مین اُس کی گنجایش نہین اب نوافل

تحریر ہوتے ہین مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی شب قدر کو سو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورۂ قدر تین مرتبہ اور اخلاص دش مرتبہ اللہ تعالےٰ اوسکے لیے جنت مین گھر بناوے گا ایضاً جو کوئی صبح ہوتے وقت چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین سورۂ قدر تین بار اور اخلاص پچاس مرتبہ پھر بعد فراغت کے سجدہ کرے اور کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ اکتالیس بار اللہ تعالےٰ اوسکی حاجتین برلاوے گا اور دعا اوسکی قبول کرے گا ایضاً شب قدر مین اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ وَالْمُعَافَاتِ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا یَا عَفُوُّ

فصل ۱۸- نماز ماہ شوال مین شوال مشتق ہے شول مصدر سے اور معنی اُسکے برداشتن کے ہین اس مہینے عرب سیر وشکار کرتے تھے اور اپنے گھرون سے باہر جاتے تھے یہ مہینہ بھی مبارک ہے اول شہور حج سے ہے خداے تعالےٰ فرماتا ہے اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ط اس سے شوال اور ذی قعدہ اور ذی حجہ مراد ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے تئین پلیدہ کرو شوال مین اسواسطے کہ تمہارا بدن پاک ہوا ہے صوم رمضان سے دوسری حدیث مین یون ہے کہ جس شخص نے پایا ماہ شوال کو اور بچا اپنے نفس کو برائی سے حلال ہوئی اوسپر جنت جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مہینے کا چاند دیکھتے تو فرماتے تھے اَللّٰهُمَّ هٰذَا الشَّهْرُ اَوَّلُ شَهْرٍ مِّنْ اَشْهُرِ الْحَجِّ عَلٰی رُزِقْنَا بِحُرْمَتِهِ الْحَجَّ وَالْفَتْحَ وَتَبَّحَ اَللّٰهُمَّ صَحِّحْ اَبْدَانَنَا مِنَ الْاَسْقَامِ وَوَفِّقْنَا زِیَارَةَ بَیْتِكَ الْحَرَامِ وَجَنِّبْنَا مِنَ الْحَرَامِ فِیْ الْاَنَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ مقصود القاصدین مین لکھا ہے کہ پہلی رات کو شوال کے چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص اکیس بار کھولتا ہے اللہ دروازے جنت کے اور بند کرتا ہے دروازے دوزخ کے ایضاً اشراق الدرجات مین ہے کہ جو کوئی پہلی رات کو بارہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص پانچ بار اللہ تعالےٰ ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھتا ہے - ایضاً جس نے پہلے روز شوال کے بعد نماز عید کے مسجد سے باہر جاکر چار رکعت پڑھی رکعت اولی مین سورۂ اعلےٰ اور دوسری مین والشمس اور تیسری مین والضحیٰ اور چوتھی مین اخلاص لکھا جاتا ہے اوسکے لیے ثواب ستر برس کی عبادت کا عید الفطر کی کتب فقہ مین لکھی ہے بخوف طوالت یہان نہین لکھی ایضاً جو کوئی محتاج آدمی عید کے دن دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین ماعون ایکبار اور اخلاص تین بار اوس کو ثواب صدقہ فطر کا ہو گا گویا کہ اوسنے صدقہ فطر ادا کیا-

فصل ۱۹- نماز مہینے ذیقعدہ مین بستان فقیہ ابو اللیث مین لکھا ہے کہ اس مہینے کو ذی قعدہ

اسواسطے کہتے ہین کہ عرب اس مہینے مین جنگ کو ترک کرتے تھے اور اپنے گھرون مین بیٹھ رہتے تھے یہ اول
ماہہاے حرام ہے حدیث مین آیا ہے بزرگی کرو ماہ ذی قعدہ کی تحقیق کہ وہ اول مہینہ ہے شہر حرام سے
جب حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اس مہینے کا چاند دیکھتے تو فرماتے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ اَوَّلُ مِنْ
اَشْھُرِ الْحَرَامِ وَاَوْسَطُہٗ مِنْ شُھُوْرِ حَجِّ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فَاغْفِرْ لَنَا جَمِیْعَ الْمَعَاصِیْ
وَالْاٰثَامِ وَلَا تُؤَاخِذْنَا یَوْمَ یُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ یَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ پھر اسکے بعد طہ پڑھتے تھے اور مقصود القاصدین مین لکھا ہے کہ جو کوئی پہلی
رات کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین اخلاص تیس بار ثواب عظیم پاوے - ایضاً جواہر خمسہ
مین لکھا ہے کہ جو شخص پہلی رات کو تیس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ
اذا زلزلت ایکبار اور بعد سلام کے سورہ عم ایکبار ثواب بے انتہا پاوے ایضاً پہلے روز چار
رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص پچیس بار اللہ تعالے اوسکے لیے گھر جنت مین بناویگا
ایضاً جواہر خمسہ مین لکھا ہے کہ نوین کو دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ مزمل اور بعد سلام
کے سورہ یٰس تین بار ایضاً اس مہینے کے ہر جمعہ مین چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد
فاتحہ کے سورہ اخلاص بیس بار ثواب اکیس حج کا پاوے ایضاً اس مہینے کے اخیر روز بعد چاشت
کے دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین سورہ قدر تین بار اور بعد سلام کے گیارہ بار درود اور پندرہ بار
فاتحہ پڑھکر سجدے مین جاے خداے تعالے سے جو دعا مانگے قبول ہووے

فصل ۱۸۔ نماز مہینے ذی الحجہ مین - وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس مہینے مین موسم حج کا ہے اور تمامی
سال ہے علما فرماتے ہین کہ اس مہینے مین چار بزرگیان ہین ایک یہ کہ اسمین ترویہ ہے دوسرا
یہ کہ عرفہ ہے تیسرے یہ کہ روز نحر ہے چوتھے ایام تشریق ہین یہ دوسرا مہینہ ہے اشہر حج کا اس
مہینے متبرک کی بزرگی کرنا چاہیے اسلیے کہ اللہ تعالے نے عشرہ اولی کی قسم کھائی ہے فرمایا وَالْفَجْرِ
وَلَیَالٍ عَشْرٍ الآیۃ حدیث مین ہے کہ جب ذی حجہ کا مہینہ آوے تو تمجید اور تحلیل اور تسبیح
کرو ہر تسبیح مین ثواب حج کا اور جہاد کا ہے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ماہ ذی حجہ کا چاند
دیکھتے تو فرماتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ شَرَّفَ الشُّھُوْرَ بِالشَّھْرِ الْحَرَامِ وَشَرَّفَ الْبِلَادَ
بِالْبَلَدِ الْحَرَامِ وَشَرَّفَ الْبُیُوْتَ بِالْبَیْتِ الْحَرَامِ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ ھٰذَا الشَّھْرَ
بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ بِالْفَضْلِ وَالْاِکْرَامِ بِحُرْمَۃِ الرُّکْنِ
وَالْمَقَامِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ ذُنُوْبَنَا بِعِزَّتِہٖ وَاسْتُرْ عُیُوْبَنَا بِعَظَمَتِہٖ وَبَارِکْ عَلَیْنَا بِبَرَکَتِہٖ

وَلَا تُوَاخِذْ بِالتَّقْصِيْرِ يَا بَصِيْرُ يَا خَبِيْرُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

مقصود القاصدین مین لکھا ہے کہ پہلی رات کو ذی حجہ کی دو رکعت پڑھے رکعت اولی مین
بعد فاتحہ کے تین آیتین سورہ انعام کی اور دوسری مین کافرون جنت اوسکے لیے واجب ہوگی -
ایضاً جو کوئی چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص پچیس بار لکھتا ہے اللہ تعالے اوسکے
لیے ثواب عبادت پچیس برس کا - ایضاً جو شخص ہر رات مین عشر اول کے دو رکعت پڑھے اور
ہر رکعت مین سورہ کوثر اور سورہ اخلاص ایکبار اللہ تعالے اوسکے درجے بلند کرتا ہے ایضاً
جواہر خمسہ مین لکھا ہے کہ جو کوئی شب عرفہ کو دو رکعت پانچ سلام سے پڑھے اور ہر رکعت مین لایلاف
پانچ مرتبہ ثواب عظیم پاوے ایضاً ہر شب جمعہ کو چھ رکعت پڑھے ہر رکعت مین اخلاص پندرہ بار اور
دس بار خدا سے اللہ تعالے اسکے گناہ بخشے گا

فصل ۱۲ - نماز شب ترویہ مین یہ ساتوین اور آٹھوین ذیحجہ ہے انھین راتون مین
حضرت خلیل اللہ علیہ الصلواۃ والسلام نے ذبح کرنے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا خواب دیکھا تھا
حدیث مین ہے کہ جو کوئی اس شب مین جاگے اور عبادت کرے اوسپر جنت واجب ہوئی ہے
مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی شب ترویہ کو سولہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے
آیۃ الکرسی ایک بار اور اخلاص پندرہ بار عطا کرے گا اللہ تعالے اوسکو بعوض ہر رکعت کے
ثواب شہید کا ایضاً کتاب مذکور مین مرقوم ہے کہ جو کوئی دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین اخلاص
سو بار گناہ سے پاک اور صاف ہوجائیگا جیسے اپنی مان کے پیٹ سے پیدا ہوا اور اللہ تعالے
اوس کا گھر جنت مین بناوے گا

فصل ۲۲ نماز روزہ ترویہ مین اشراق الدرجات مین ہے کہ جو کوئی ساتوین اور آٹھوین
تاریخ ذی حجہ کو چھ رکعت پڑھے چار رکعت ایک سلام سے رکعت اول مین بعد فاتحہ کے سورہ
والعصر ایک بار اور دوسری مین لایلاف اور تیسری مین کافرون اور چوتھی مین سورہ اذاجاء
اور بعد سلام کے دو رکعت اور پڑھے رکعت مین سورہ اخلاص سو بار ثواب عظیم پاوے
ایضاً چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص پانچ بار سو برس کی عبادت کا
ثواب اوسکے نامۂ اعمال مین لکھین

فصل ۲۳ - نماز شب عرفہ مین یہ نوین شب ہے اسواسطے کہتے ہین کہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام خواب
شب ترویہ کو وسوسۂ شیطانی جانتے تھے اور جب دوبارہ خواب دیکھا اور خیال کیا کہ کس لڑکے کو ذبح کرون

تو حضرت حق سے اسمٰعیل کا حکم ہوا اب پہچان لیا اور رشک جاتا رہا اور کتاب عمدۃ الصالحین
مین ہے کہ دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی سو بار اور دوسری مین سورہ اخلاص
سو بار ثواب عظیم پاوے ایضاً چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص پچاس بار
بعد سلام کے ہزار بار ہزار برس کی عبادت کا ثواب پڑھنے والے کو اللہ تعالے عطا فرماتا ہے

فصل ۲۴- نوافل عرفہ مین اشراق الدرجات مین ہے کہ عرفے کے روز چار رکعت پڑھے اور
ہر رکعت مین سورہ کافرون تین بار اور اخلاص اکیس بار حاجتین بر آوین اور ثواب ہزار حج کا پاوے
ایضاً مفتاح الجنان مین لکھا ہے کہ جو کوئی دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ کافرون اور
اخلاص تین بار پڑھے ثواب عظیم پاوے - ایضاً کتاب مذکور مین ہے کہ درمیان نماز ظہر و عصر کے
چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص پچاس بار اللہ تعالے اُسکے لیے ہزار نیکیان لکھتا ہے
اور ہزار برائیان اوسکے نامہ اعمال سے مٹاتا ہے ایضاً کتاب جواہر خمسہ مین ہے کہ چار رکعت
پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ قدر اکیاسی بار اور بعد سلام کے ستر بار درود شریف اور ستر بار
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ پڑھے گناہ بخشے جاوین۔

فصل ۲۵ نماز شب عید اضحیٰ فضائل النوافل مین ہے کہ جو کوئی شخص شب عید اضحیٰ
مین دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے والضحیٰ دس بار اور اخلاص تین بار
جب نماز سے فارغ ہو تو سو بار استغفار اور درود شریف سو بار ثواب بحد پاوے ایضاً
عمدۃ الصالحین مین ہے کہ بارہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اُس کے آیۃ الکرسی ایکبار اور
سورہ اخلاص پانچ بار سب گناہ دور ہون گویا کہ اپنی مان سے پیدا ہوا ایضاً اشراق الدرجات
مین لکھا ہے کہ چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص اور معوذتین ایکبار اور بعد سلام کے
ستر بار درود شریف اللہ تعالے اوسکے سو برس کے گناہ بخشے گا- ایضاً مقصود القاصدین
مین لکھا ہے کہ بارہ رکعت پڑھے اور رکعت اول مین آیۃ الکرسی ایک بار اور دوسری مین
شَھِدَ اللّٰہُ سے اَلْاِسْلَام تک اور بعد سلام سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ایک بار اخلاص
دس بار اور ناس ایک بار اللہ تعالے اوسکو دس شہیدون کا ثواب دیگا اور
فردوس برین مین جگہ پاوے گا

فصل ۲۶- بیچ بیان نوافل روز عید اضحیٰ مین مصابیح الایمان مین لکھا ہے کہ بعد نماز
عید الضحیٰ کے جب گھر مین آوے چار رکعت پڑھے رکعت اولٰے مین بعد فاتحہ کے سبح اسم اور دوسری

مین سورہ والشمس اور تیسری مین سورہ والضحیٰ اور چوتھی مین سورہ اخلاص ثواب تلاوت کتب منزلہ کا پاوے ایضاً فضائل النوافل مین ہے کہ دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین سورہ والشمس پانچ بار ثواب عظیم پاوے ایضاً کتاب مذکور مین ہے کہ بعد نماز عید الضحیٰ کے چار رکعت پڑھے اور رکعت اول مین والمرسلات ایک بار اور دوسری رکعت مین والضحیٰ اور تیسری مین الم نشرح اور چوتھی مین اخلاص ثواب قربانی کا پاوے

باب تیسرا نیچ ذکر نوافل و اوراد ہر شب و روز تمام ہفتے کے

فصل اول نوافل شب جمعہ مین اس سے اسواسطے ابتدا کی کہ دن اس کا بقول سید الانام سید الایام ہے مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی دو رکعت پڑھے جمعہ کی رات کو خالصاً واجب ہوگی اوسپر جنت ایضاً جو کوئی دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص ستر بار اور استغفار ستر بار ثواب عظیم پاوے ایضاً جو کوئی شخص دس رکعت پڑھے ہر رکعت مین اخلاص دس بار گویا کہ بارہ برس اللہ تعالےٰ کی عبادت کی

فصل ۲- نوافل روز جمعہ مین یہ دن نہایت بزرگ ہے ہزارون حدیثین اسکی فضیلت مین وارد ہین مقصود القاصدین مین لکھا ہے کہ جو کوئی دس رکعت پڑھے بعد فاتحہ کے ہر رکعت مین اخلاص ایکبار اور بعد سلام کے کلمہ تمجید سنو مرتبہ اور درود سنو مرتبہ ثواب عظیم پاوے ایضاً جو شخص بعد نماز جمعہ کے دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین قدر ایکبار اور اخلاص پانچ بار بخشے گا اللہ گناہ اوسکے اگرچہ ہونگے موافق شمار ستارون اور مقدار ریگ صحرا کے ایضاً جو کوئی نماز جمعہ کے بعد دو رکعت پڑھے اور رکعت اوسلے مین آیۃ الکرسی ایکبار اور فلق پچیس بار اور دوسری مین اخلاص ایکبار اور ناس پچیس بار اور بعد سلام کے لاحول پچاس بار ثواب بہت پاوے

فصل ۳- نوافل شب شنبہ کے اشراق الدرجات مین ہے کہ بعد نماز مغرب کے بارہ رکعت پڑھے بعد فاتحہ کے کوئی سورہ ضم کرے اور بعد سلام کے درود شریف سنو بار اللہ تعالےٰ اوسکے گناہ بخشے گا ایضاً فضائل الاعمال مین معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی شب شنبہ مین چھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص تین بار اللہ تعالےٰ اوسکے دل سے کینہ اور کبر اور فسق دور کریگا ایضاً رسالہ صلوٰۃ الاسبوع مین لکھا ہے کہ دو رکعت پڑھے اور پہلی رکعت مین کافرون دس بار

اور دوسری مین قل ہو اللہ دس بار امتیان محمدی مین سے جسقدر لوگون کی شفاعت چاہے گا اللہ تعالے انکو بخشے گا۔

فصل ۴۔ نوافل روز شنبہ مین فضائل الاعمال مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی ہفتے کے دن چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ کافرون تین بار اور بعد سلام کے آیۃ الکرسی ایکبار اللہ تعالے عبادت یکسالہ کا ثواب لکھتا ہے **ایضاً** جو کوئی بعد نماز مغرب کے بارہ رکعت پڑھے بعد سورہ فاتحہ کے کوئی سورہ ضم کرے اور بعد سلام کے سو بار درود شریف پڑھے گا اللہ تعالے اوسکے جمیع گناہ بخشے گا **ایضاً** مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی تین بار اور سورہ اخلاص ستائیس بار ثواب بے انتہا پاوے

فصل ۵۔ نوافل شب یکشنبہ مین مقصود القاصدین مین مرقوم ہے کہ جو کوئی شب یکشنبہ کو بیس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے اخلاص پچاس بار اور معوذ تین ایکبار ثواب عظیم پاوے **ایضاً** کتاب مذکور مین لکھا ہے کہ جو کوئی دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص تین مرتبہ اللہ تعالے اوسکو دوزخ سے آزاد کرے گا **ایضاً** عمل الیوم واللیلہ مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی شب یکشنبہ کو چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص تین بار اور بعد سلام کے استغفار ستر بار اللہ تعالے اوسکے اگلے پچھلے گناہ بخشے گا **ایضاً** غنیۃ الطالبین مین ہے کہ اس رات کو بیس رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص ایک بار اور معوذتین ایک بار اور بعد سلام کے استغفار سو مرتبہ درود سو بار اور لاحول سو بار اور سو بار اَشْهَدُ اَنَّ اٰدَمَ صِفْوَةُ اللّٰهِ وَفِطْرَتُهٗ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ وَمُوْسٰى كَلِيْمُ اللّٰهِ وَعِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ

فصل ۶۔ نوافل روز یکشنبہ مین مقصود القاصدین مین ہے کہ چار رکعت پڑھے اٰمَنَ الرَّسُوْلُ آخر تک ایکبار لکھتا ہے اوسکے لیے اللہ تعالے ثواب ہزار حج اور ہزار عمرے کا جو شخص قبل عصر کے چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین سورہ اخلاص ایکبار گویا کہ اسنے کتب آسمانی کی تلاوت کی **ایضاً** احیاء العلوم مین مروی ہے کہ بعد ظہر کے چار رکعت پڑھے رکعت اولے مین سورہ سجدہ اور دوسری مین سورہ تبارک الذی پھر سلام پھیرکے دو رکعت پڑھے پہلی مین سورہ سجدہ اور دوسری مین

سورہ جمعہ اللہ تعالے اوسکی حاجتین برلاوے

فصل ۷ - نوافل شب دوشنبہ مین مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی چار رکعت بیک سلام پڑھے پہلی مین سورہ اخلاص دس بار دوسری مین بیس بار تیسری مین تیس بار اور چوتھی مین چالیس بار اور بعد سلام کے ستر بار اخلاص اور پھر بار اللھم اغفرلی اور ستر بار درود شریف اللہ تعالے ہزارون حاجتین روا کرے **ایضاً** جو شخص بارہ رکعت اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی ایکبار اور بعد سلام کے بارہ بار قل ہو اللہ اور استغفار اور درود بارہ مرتبہ قیامت کے روز فرشتہ ندا کریگا کہ اے فلان شخص اوٹھ اور اپنا ثواب لے حج اور عمرے کا ثواب پائیگا۔

فصل ۸ - بیچ ذکر نوافل روز شنبہ کے فضائل الاعمال مین حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو کوئی روز دوشنبہ کو دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین آیۃ الکرسی اور تینون قل تین تین بار اور بعد سلام کے استغفار دس بار اوسکے سب گناہ بخشے جاوینگے **ایضاً** غنیۃ الطالبین مین ہے کہ جو کوئی بعد اشراق کے بارہ رکعت پڑھے ہر رکعت مین آیۃ الکرسی ایک بار اور بعد فراغ کے اخلاص اور استغفار بارہ بار اللہ تعالے اسکے اگلے اور پچھلے گناہ سب بخشے گا۔

فصل ۹ - نوافل شب سہ شنبہ مین فضایل الاعمال مین سمرۃ بن جندبؓ سے مروی ہے کہ جو کوئی شب سہ شنبہ کو چھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے تینون قل کو ختم کرے اور بعد فراغ کے تینون قل کو پڑھے اور کلمہ توحید ستر بار اللہ تعالے اوسکو قیامت مین حورین عطا کرے گا **ایضاً** مقصود القاصدین مین ہے کہ جو شخص دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص اور فلق اور ناس پندرہ مرتبہ اللہ تعالے اوسکو ثواب بے انتہا دیوے گا **ایضاً** بارہ رکعت پڑھے اور آیۃ الکرسی اور اخلاص تین بار گھر اوسکا جنت مین بنایا جاوے گا

فصل ۱۰ - نوافل روز سہ شنبہ مین فضائل الاعمال مین مروی ہے کہ جو شخص روز سہ شنبہ کو دس رکعت ضحیٰ کے وقت پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی ایکبار اور اخلاص تین بار اللہ تعالے اوسکے سب گناہ بخشے گا **ایضاً** بعد زوال کے آٹھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص گیارہ بار لکھا جاتا ہے اوسکے لیے ثواب عالمون اور شہیدون اور غازیون کا **ایضاً** جو کوئی دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین والتین ایکبار اخلاص اور معوذتین ایکبار ثواب پاوے۔

فصل ۱۱ - بیچ نوافل شب چہارشنبہ کے مقصود القاصدین مین ہے کہ جو شخص شب چہارشنبہ مین دو رکعت پڑھے رکعت اول مین بعد فاتحہ کے آیۃ الکرسی تین بار دوسری مین اخلاص تین بار

ثواب بے انتہا پاوے **ایضاً** جو کوئی سولہ رکعت پڑھے جو سورہ چاہے الحمد کے ساتھ ملا دے اور بعد سلام کے پھر دو رکعت پڑھے اور اخلاص تین بار ستر آدمیون کی وہ شفاعت کرے گا **ایضاً** فضائل الاعمال مین بروایت انس رضی سے مروی ہے کہ جو کوئی چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین قل ہو اللہ چالیس بار اور بعد سلام کے ستر بار استغفار ثواب عظیم پاوے۔

فصل ۱۲- نوافل روز چہارشنبہ مین فضائل الاعمال بروایت معاذ بن جبل رضی سے مروی ہے کہ جو کوئی چہارشنبہ کے دن بارہ رکعت پڑھے وقت طلوع آفتاب کے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی ایکبار اخلاص تین بار اور معوذتین ایکبار زیر عرش فرشتہ ندا کرتا ہے کہ گناہ تیرے بخشے گئے اور پیغمبرون کے ساتھ اوٹھے گا۔ **ایضاً** رسالہ صلوۃ الاسبوع مین ہے کہ جو کوئی دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اذا زلزلت ایکبار اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ ہزار برس کی عبادت کا ثواب ملے گا **ایضاً** مقصود القاصدین مین لکھا ہے کہ جو شخص چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص پچیس بار ثواب بے انتہا پاویگا۔

فصل ۱۳- نوافل شب پنجشنبہ مقصود القاصدین مین ہے کہ جو شخص دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی اور اخلاص اور فلق اور ناس پندرہ بار پڑھے ثواب عظیم پاوے **ایضاً** آٹھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص نو مرتبہ اللہ تعالے اوسکے گناہ بخشے گا **ایضاً** غنیۃ الطالبین مین ہے کہ جو شخص مابین مغرب اور عشا کے دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی اور تینون پانچ پانچ بار اور بعد فراغت کے استغفار ستر بار ثواب بے انتہا پاوے

فصل ۱۴- نوافل روز پنجشنبہ مقصود القاصدین مین لکھا ہے کہ جو کوئی شخص پنجشنبہ کے دن دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی ایکبار اور سورۂ اخلاص پچیس بار اللہ تعالے اوسکو بخشے گا اور اوسکے لیے گھر جنت مین بناویگا **ایضاً** جو کوئی بعد ظہر کے دو رکعت پڑھے اور رکعت اول مین آیۃ الکرسی سو بار اور دوسری سورۂ اخلاص سو بار ثواب عظیم پاوے **ایضاً** فضائل الاعمال مین بروایت معاذ بن جبل رضی سے مروی ہے کہ جو کوئی چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اذا جاء پانچ بار اور انا اعطینا ستر بار اور بعد فراغ کے استغفار سو بار ثواب عظیم پاوے **ایضاً** غنیۃ الطالبین مین لکھا ہے کہ جو کوئی دو رکعت پڑھے رکعت اول مین آیۃ الکرسی سو بار اور دوسری مین اخلاص سو بار اور بعد سلام کے سو بار درود اللہ تعالے ثواب دیگا بقدر روزہ ماہ رجب اور شعبان اور رمضان اور ہزار حاجیون کے اور فضائل الاعمال مین ہے کہ اس نماز کو

مابین ظہر و عصر کے پڑھے

فصل ۱۵ ۔ بیچ ذکر اور اوراد و سبوع کے بعد نماز فریضہ وغیرہ ضرور ہے کہ واسطے بر آمد حاجات کے وظیفہ بھی پڑھا کرے جواہر خمسہ مین سلطان المعتقدین حضرت شیخ ظہور الحق والدین حضرت حاجی حضور سے منقول ہے کہ ہر روز ہزار بار پڑھے روز شنبہ یَا ھُوَ یَا اللّٰہُ روز یکشنبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ روز دوشنبہ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ روز سہ شنبہ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ روز چہارشنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ روز پنجشنبہ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ روز جمعہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ایضاً اشراق الدرجات اور فتوح الاوراد مین لکھا ہے کہ حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بعد نماز صبح کے سو بار پڑھے اور اگر سرعت اجابت کی چاہے تو ہزار بار پڑھے روز یکشنبہ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ روز دوشنبہ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ روز سہ شنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ روز چہارشنبہ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ روز پنجشنبہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ روز جمعہ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا کَرِیْمُ روز شنبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ایضاً پانچون وقت کا وظیفہ اس طریقے سے پڑھے وقت فجر کے ایکہزار بار بروز یکشنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بروز دوشنبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بروز سہ شنبہ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ بروز چہارشنبہ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ بروز پنجشنبہ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ بروز جمعہ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ بروز شنبہ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ وقت ظہر کے ایکہزار بار بروز یکشنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ بروز دوشنبہ درود شریف بروز سہ شنبہ لاحول بروز چہارشنبہ اَسْتَغْفَار بروز پنجشنبہ کلمۂ توحید بروز جمعہ کلمۂ تمجید بروز شنبہ کلمۂ طیب وقت عصر کے ایکسو بار بروز جمعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بروز شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ بروز یکشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْجَلِیْلُ یَا عَزِیْزُ یَا جَلِیْلُ بروز دوشنبہ دَرُوْدِ بروز سہ شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا وَّ مُخْلِصًا بروز چہارشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ بروز پنجشنبہ کلمۂ تمجید وقت مغرب اسماے غیر منقوطہ نہایت مجرب اور موثر ہین بروز شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ السَّلَامُ الْمُصَوِّرُ ایک سو بار بروز یکشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَکَمُ الْعَدْلُ ایک سو دس بار بروز دوشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ الْوَدُوْدُ ایک سو بیس [۱۲۰] بار بروز سہ شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ ایک سو تیس بار بروز چہارشنبہ

لا الٰہ الا اللہ الملک الصمد الاول ایکسو چالیس بار بروز پنجشنبہ لا الٰہ الا اللہ الملک المالک ایکسو پچاس بار بروز جمعہ کلمہ طیب ایکسو ساٹھ بار وقت عشا کے بعد فرض قبل سنت خواہ وتر کے پڑھنا چاہیے ایکہزار اور ایک بار بروز جمعہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ بروز شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بروز یکشنبہ اَلَا اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ بروز دوشنبہ اللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ بروز سہ شنبہ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ بروز چہارشنبہ لَا یُجَلِّیْھَا لِوَقْتِھَا اِلَّا ھُوَ ط بروز پنجشنبہ اِنَّمَا اَشْکُوْ بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰہِ ط ایضاً علماء کبار سے منقول ہے کہ بعد نماز کے فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور چارون قل واسطے برآمد حاجات دینی و دنیوی کے پڑھا کرے

فصل ۱۶ - مسبعات عشر مین منقول ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام نے ابراہیم تیمی رح کو ہدیہ دیا اور کہا کہ یہ ہدیہ ہے امت حضرت صلعم کے لیے ان مین سے جو کوئی پڑھے گا جملہ آفات سے محفوظ رہے گا اور دونو جہان کی نیکیان پاویگا اور دس موکل اسکے مال کی حفاظت کرینگے وہ یہ ہے کہ قبل طلوع آفتاب اور قبل غروب کے پڑھنا چاہیے با تسمیہ سات بار ان دسون کو پہلے سورہ فاتحہ دوسرے سورہ ناس تیسرے فلق چوتھے سورہ اخلاص پانچوین سورہ کافرون چھٹے آیۃ الکرسی ساتوین کلمہ تمجید آٹھوین یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَحَبِیْبِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ نوین اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ دسوین اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ افْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ غَفُوْرٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَلِکٌ بَرٌّ رَّؤُوْفٌ الرَّحِیْمُ ۵ ج

باب چوتھا بیچ ذکر اون نمازون اور روزونکے کہ نام ان کے مشہور ہین

فصل اول نماز اشراق مین نوادر ابن رستم مین ہے کہ اشراق کی نماز پچاس انبیا علیہم السلام پر فرض تھی اور ہمارے پیغمبر پر واجب اور ہمارے اوپر مستحب ہے اور اسکی فضیلت مین بہت سی حدیثین وارد ہین چنانچہ ترمذی نے حضرت انس رض سے روایت کی ہے کہ فرمایا پیغمبر صلعم نے جو پڑھے نماز صبح کی ساتھ جماعت کے پھر بیٹھے یاد کرتا ہوا اللہ کو آفتاب کے طلوع تک

پھر پڑھے دو رکعت تو ملے گا ثواب حج اور عمرے کا پورا پورا الا بر منہ مین ہے کہ اگر چار رکعت پڑھے اول روز
مین اللہ تعالے فرماتا ہے کہ آخر روز تک مین اوسکو کفایت کرتا ہون مقصود القاصدین مین لکھا ہے
کہ جو کوئی نماز اشراق کی چھ رکعت پڑھے لکھا جاتا ہے اوسکے لیے ثواب ہزار برس کی عبادت کا **ایضاً**
جو کوئی دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین اخلاص پانچ بار گویا کہ اللہ تعالے کی صبح سے شام تک
عبادت کی **ایضاً** دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص تین تین بار دس برس کی عبادت کا
ثواب ملے گا اور قبر اوسکی روشن ہوگی نور سے اور بہشت مین جگہ پاوے گا

فصل ۲- نماز چاشت مین چاشت کے وقت کی حق تعالے نے قسم کھائی ہے فرمایا والضحیٰ
یہ نماز حضرت آدم علیہ السلام پر فرض تھی ہمارے اوپر یہ نماز مستحب ہے ابوداؤد نے روایت کی ہے
معاذ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جو بیٹھے مصلے پر بعد فراغت نماز صبح کے
یہان تک کہ پڑھے دو رکعت نماز چاشت کی اور نہ بولے اس درمیان مین مگر اچھی بات بخشے جائینگے
گناہ اوسکے اگرچہ ہون کف دریا سے زائد صحیحین مین ام ہانی سے آٹھ رکعت مین اور مسلم بن معاذ
سے دو رکعت اور ام سلمہ سے بارہ رکعت اقل دو رکعت اور اکثر بارہ رکعت اسکے درمیان مین
جسقدر ہو سکے اور یہ نماز مجرب ہے برکت رزق کے بارہ مین اور محتاج اوسکی مزاولت سے
غنی ہو جاتا ہے **ایضاً** مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی بارہ رکعت پڑھے تین تسلیمون سے
رکعت اول مین والشمس اور دوسری مین واللیل اور تیسری مین والضحیٰ اور چوتھی مین
الم نشرح اور باقی رکعت مین آیۃ الکرسی ایکبار اور اخلاص تین بار اور بعد فراغت کے سٹو بار
کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ط ثواب بے انتہا پاوے

فصل ۳- نماز فی الزوال مین جب آفتاب ڈھل جاوے تو چار رکعت پڑھے چنانچہ ابوداؤد
نے ابوایوب انصاری سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے چار رکعت
قبل نماز ظہر کے ایک سلام سے پڑھے مقبول ہوتی ہین دعائین اور دروازے آسمان کے اوسکے
پہونچنے کے واسطے کھلتے ہین مقصود القاصدین مین ہے کہ چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین
اخلاص تین بار اور آیۃ الکرسی ایکبار اللہ تعالے اُسکے گناہ سب بخشے گا

فصل ۴- نماز قبل عصر مین یہ نماز مستحب ہے ترمذی نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے
روایت کی ہے کہ پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم چار رکعت قبل عصر کے پڑھتے تھے دو سلام سے اور
امام احمد نے روایت کی ابن عمرؓ سے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے رحمت کرے

اللہ اوسپر جو پڑھے قبل عصر کے چار رکعت اور بہتر ہے کہ چار رکعت پڑھے ایک سلام سے

فصل ۵- نماز اوابین جسکو نماز بین العشائین بھی کہتے ہین ابن ہمام نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو پڑھے بعد مغرب کے چھ رکعت وہ لکھا جائیگا اوابین سے اور در مختار مین ہے کہ ان کو ایک سلام سے پڑھے اور چاہے دو سے اور چاہے تین سے مقصود القاصدین مین ہے کہ جو کوئی بعد مغرب کے چھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے اخلاص تین بار لکھا جاتا ہے اوسکے لیے ثواب سب انتہا ہے ایضاً منقول ہے کہ بعد نماز مغرب کے بیس رکعت پڑھے ہر رکعت مین اخلاص تین تین بار اور بعد فراغ کے سو بار درود اور سو بار استغفار پڑھے قبر اوسکی روشن اور فراغ ہوگی

فصل ۶- نماز قبل عشا مین چار رکعت قبل عشا کے مستحب لکھی ہے مگر اس بارے مین کوئی حدیث نظر سے نہین گذری حضرت بحر العلوم علیہ رحمۃ اللہ القیوم نے لکھا ہے کہ میرے والد اس نماز کو ہمیشہ پڑھتے تھے مگر فرماتے تھے کہ اوسکی اصل حدیث سے نہین ملتی اکثر اکابر دین پڑھتے آئے ہین اجر سے خالی نہین ہے

فصل ۷- نماز تہجد مین ترمذی نے ابو امامہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ لازم پکڑو اپنے اوپر نماز تہجد کو کیونکہ یہ طریقہ اچھے لوگون کا ہے جو پہلے تم سے تھے اور سبب ہے نزدیکی کا خدا کی طرف اور سبب ہے دور ہونے گناہون کا اور باز رہنے کا گناہون سے اگرچہ فقہا رحمۃ اللہ علیہ نے تہجد کو مستحب لکھا ہے لیکن بعض محققین کے نزدیک سنت موکدہ ہے چنانچہ ملا علی قاری نے مرقاۃ مین لکھا ہے کہ قیام شب کا سنت موکدہ ہے ابی حنیفہ کے نزدیک رسالۂ مالابد منہ مین ہے کہ نماز تہجد سنت موکدہ ہے پیغمبر صلے اللہ علیہ نے کبھی ترک نہین فرمائی اور اگر احیاناً کبھی ترک بھی ہوئی تو بارہ رکعت دن مین قضا فرمائی اور کم چار رکعت سے تہجد کی روایت نہین ہے اور طیبی نے لکھا ہے کہ ابتدا اسکے وقت جب رات کی آخر تہائی باقی رہے فضایل النوافل مین ہے کہ جو کوئی تہجد کی چار رکعت بدو سلام پڑھے اور ہر رکعت مین سورہ اخلاص بارہ بارہ بار اور بعد سلام کے دو بار سورۂ مزمل پڑھے پھر حق تعالے سے اپنی حاجت چاہے دعا اوسکی مستجاب ہو- ایضاً رسالہ مالابد منہ مین ہے کہ کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تہجد کی چار رکعت پڑھی ہے رکعت اولی مین سورۂ بقر اور دوسری مین سورہ آل عمران اور تیسری مین سورۂ نسا اور چوتھی مین سورۂ مائدہ

ایضاً بارہ رکعت چھ سلام سے پڑھے اول مین اخلاص ایکبار دوسری مین دو مرتبہ اسی طرح بارہ تک

فصل ۸ بیچ بیان صلوٰۃ التسبیح کے ابوداؤد نے روایت کی ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جب تم صلوٰۃ التسبیح پڑھوگے اللہ تعالیٰ بخشے گا تمھارے گناہ پہلے اور پچھلے پرانے اور نئے چھوٹے اور بڑے پوشیدہ اور ظاہر چوک اور جان کر اگر ہو سکے ہر روز اسے پڑھو ایک مرتبہ اور نہین تو ہر جمعہ کو اور نہین تو ہر مہینے مین ایکبار اور نہین تو سال مین ایکبار اور نہین تو ساری عمر مین ایکبار حرز ثمین مین ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی رح نے کہا ہے کہ صلوٰۃ التسبیح مہمات مسائل دین سے ہے اور روایت کیا ہے ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور حاکم و قاضی عیاض رح نے اسکے فضائل کو اور تصحیح کیا ہے ابن خزیمہ اور عبد اللہ بن المبارک نے اور یہ فرمایا کہ یہ نماز بہت اچھی ہے اور اسپر مواظبت چاہیے اور اوس سے غفلت نکرے اور اگر دن کو پڑھے تو بعد زوال کے قبل نماز ظہر اور چاہے رات کو پڑھے رسالہ مالابد منہ مین ہے کہ چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ اور سورے کے پندرہ بار سُبحانَ اللہِ وَالحمدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکبرُ اور رکوع مین دس بار کھڑے ہونے مین دس بار اور پہلے سجدے مین دس بار اور مابین دونون سجدون کے جب بیٹھے تو دس بار اور دوسرے سجدے مین دس بار اور بعد دونون سجدون کے دس بار بیٹھکر ہر رکعت مین پچھتر بار اور چارون مین تین سو پڑھے **ایضاً** حرز ثمین مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے یہ چار سورے صلوٰۃ التسبیح مین منقول ہین سورہ اَلْہٰکُمُ التَّکَاثُرُ وَالْعَصْرِ وَ قُلْ یٰاَیُّہَا الْکَافِرُوْنَ وَسُورۃ الاخلاص

اور دوسری روایت مین یہ اِذَا زُلْزِلَتْ وَالْعَادِیَاتِ نَصْرُ و اِخلاص

فصل ۹- تحیۃ الوضو مین فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو مسلمان وضو کرے اچھی طرح سے پھر کھڑے ہوکر دو رکعت پڑھے توجہ دل سے واجب ہوگی اُسکے واسطے جنت و دو رکعت بعد وضو کے قبل خشک ہونے اعضا کے پڑھنی مستحب ہے اور اگر وضو مکروہ وقت مین کیا تو یہ نماز نہ پڑھے

فصل ۱۰- نماز تحیۃ المسجد مین جب کوئی شخص مسجد مین آئے تو مستحب ہے کہ دو رکعت پڑھے امام محمد رح نے موطا مین روایت کی ہے ابو قتادہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب آدمی مسجد مین نماز پڑھے دو رکعت قبل بیٹھنے کے اور اگر تمام دن مین کئی مرتبہ مسجد مین آوے تو ایک مرتبہ کافی ہے اگر بسبب حدث یا خوف یا کراہت وقت یا ازدحام کے تحیۃ المسجد پڑھنے پر قادر نہو مستحب ہے کہ چار بار کہے سُبحانَ اللہِ الحمدُ للہِ وَلَا اِلٰہَ

اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اور منقول ہے کہ یہ کہنا برابر ہے دو رکعت کے

فصل ۱۱- نماز کسوف یعنے سورج گہن کی ابوداود نے روایت کی قبیصہ سے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ نشانی ہے خدا کی ڈراتا ہے اللہ تعالےٰ اس سے بندوں کو جب دیکھو اس سے نماز پڑھو یہ نماز سنت ہے صحیح مذہب مین اور بعضے کہتے ہین کہ واجب ہے طریقہ اسکا یہ ہے کہ امام جمعہ دو رکعت پڑھاوے اور ہر رکعت مین ایک رکوع کرے اور نمازون کے مثل اور قرات بہت دراز کرے تاکہ آفتاب روشن ہو جاوے اور اگر نماز تمام ہو جاوے اور آفتاب روشن نہو تو استغفار کرتا رہے یہان تک کہ آفتاب روشن ہووے

فصل ۱۲- نماز خسوف یعنے چاند گہن کی یہ نماز دو رکعت کی ہے چاہیے کہ قرات دراز کی جاوے تا روشن ہونے چاند کے اور اگر چاہین قرات کو کوتاہ کرکے ذکر اور استغفار مین مشغول رہین قسطلانی نے ابن حبان سے نقل کی ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز چاند گہن کی پڑھی ہے اور اسمین جماعت منقول نہین ہے فرادی فرادی اپنے گھرون مین پڑھین-

فایدہ سورج گہن اور چاند گہن مین تصدق کرنا مستحب ہے بخاری نے روایت کی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ چاند سورج نشانیان ہین خدا کی نشانیون سے کسی مرنے جینے سے انمین گہن نہین لگتا جب تم گہن دیکھو تو دعا کرو اللہ سے اونکے روشن ہونے تک اور تکبیر کہو اور تصدق کرو فقرا اور مساکین پر

فصل ۱۳- بیچ بیان صیام نوافل کے روزہ رکھنا نہایت عمدہ عبادت ہے اللہ تعالےٰ کے نزدیک یہ عبادت خفی ہے کہ اوسپر کوئی اور مطلع نہین ہوتا صحیحین مین ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ ہر عمل حسنہ پر ابن آدم کو دس گونہ ثواب ہوتا ہے سات سو گونہ تک حق تعالےٰ فرماتا ہے مگر روزہ تحقیق کہ روزہ میرے واسطے ہے اور مین خود جزا دونگا اور بعضے مفسرین نے اس حدیث کے معنی یون لکھے ہین کہ بیہقی نے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے سفیان بن عینیہ سے پوچھا کہ معنی اس حدیث قدسی کے کیا ہین اونھون نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ترین احادیث اور محکم ترین سے ہے معنی اوسکے یہ ہین کہ جب روز قیامت کو درمیان کسی آدمی اور اوسکے مخاصم کے محاسبہ ہوگا جو کچھ کہ اوپر اوس کے حقوق خلق سے نکلیگا اعمال نیک سے اوسکو ملیگا یہان تک کہ کوئی عمل سے اوسکے پاس باقی نرہیگا جب نوبت روزے کی آئیگی اللہ تعالےٰ عوض اوسکے روزے کو نہ دیگا اور فرمائیگا

کہ اوس کو میرے لیے چھوڑ کہ روزہ خاص میرے لیے ہے اور مابقی مظالم کے عوض ثواب دیکر اوس کو راضی کرے گا پس روزہ ہمراہ اپنے بہشت مین لے جاویگا اور روزہ دو قسم کا ہوتا ہے فرض اور نفل فرض روزہ ماہ رمضان کا ہے اوسکو اللہ تعالے نے اپنے عباد پر فرض کیا ہے اور منکر اوس کا کافر اور تارک اوسکا بے عذر فاسق ہے اور حال اوسکا مفصل فقہ کی کتابون مین لکہا ہے اس رسالہ مین صوم نفل کا بیان ہے **روزۂ بیض** یہ روزے حضرت آدم علیہ السلام پر فرض تھے جسوقت حضرت ابو البشر زمین پر تشریف لائے آپکے چہرہ انور پر تاریکی آگئی تھی جب آپکی توبہ قبول ہوئی تو اللہ تعالے نے وحی بھیجی اون کی طرف کہ روزے رکھین ایام بیض یعنے ہر مہینے مین تیرھوین اور چودھوین اور پندرھوین کے جب آپنے یہ روزے رکھے تو منہ چمکنے لگا اس لیے اونکو روزے ایام بیض کے کہتے ہین پھر فرمایا حق جل شانہ نے کہ جو کوئی تیری اولاد سے ان روزون کو رکھے گا اوس کا منھ قیامت کے دن چمکے گا چودھوین رات کے چاند کی طرح سے اور یہ روزے سب پیغمبرون نے رکھے ہین اور مستحب ہے کہ رجب کی مہینے سے شروع کرے اشراق الدرجات مین ہے کہ ایام بیض مین دن کو روزہ رکھے اور افطار کے بعد سولہ رکعت پڑھے آٹھ سلام سے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے آیۃ الکرسی بارہ بار اور سورۂ اخلاص تین بار حق تعالے اوسکے گناہ بخشے گا۔ **روزۂ عاشورہ** اس دن کے روزے کا بڑا ثواب ہے اکثر نبیون نے رکہا ہے حدیث مین ہے کہ جو کوئی اس دن روزہ رکھے اوسنے گویا تمام سال روزہ رکھا دوسری حدیث مین ابن عباس سے مروی ہے کہ روزہ رکھو عاشورہ کے دن اور مخالفت کرو یہود کی روزہ رکھو اوسکے ایک دن قبل سے یا ایک دن بعد یعنے نوین اور دسوین یا دسوین اور گیارھوین مروی ہے کہ جو کوئی روزہ رکھے عاشورا کو گناہ اوسکے اگلے اور پچھلے بخشے جاوینگے **ہزاری روزے** تہذیب الصلوۃ مین ہے کہ تمام سال مین یہ روزے پانچ ہین ایک روز ستائیسوین رجب کی کہ اوس شب کو معراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوئی ہے دوسرے پچیسوین ذیقعدہ اس روز بنا کعبے کی ہوئی ہے تیسرے اٹھارھوین ذی الحجہ اوس روز کعبہ تیار ہوا ہے چوتھے بائیسوین محرم اوس مین نبوت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوئی پانچوین بارھوین ماہ ربیع الاول کی اوس روز وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہوئی تفسیر مدارک مین ہے کہ سال مین سات روزے ہین کہ ہر ایک روزے کے لیے ثواب ہزار برس کی عبادت کا ہے

پانچ روزے مذکورہ بالا اور چھٹا روزہ ساتوین رجب کہ اول بار حضرت جبریل علیہ السلام
ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوے اور ساتوین اور سترھوین ربیع الاول
کو کہ اس روز بقول بعض آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوے ہین **روزہ شش عید**
جو کوئی چھ روزے بعد عید الفطر کے رکھے ثواب چھ ہزار برس کی عبادت کا پاوے اور تشنگی
قیامت سے محفوظ رہے رسالہ قاسمیہ مین لکھا ہے کہ اس روزے مین تفریق کرے تو بہتر ہے
یعنے ایک روز روزہ رکھے اور ایک روز افطار کرے صحیح مسلم مین ابو ایوب انصاری سے
مروی ہے کہ فرمایا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی روزے رکھے رمضان کے اور پھر رکھے
چھ روزے عید کے پس گویا اوس نے تمام سال روزے رکھے چاہیے کہ ہر سال یہ روزے رکھے
روزہ ذی الحجہ جو کوئی نو دن بقرہ عید کے عرفہ تک روزے رکھے ثواب نو ہزار برس کی
عبادت کا پاوے **روزہ طے** یعنے تین دن یا پانچ دن تک روزہ برابر رکھنا تزکیہ نفس کے
واسطے نہایت عمدہ ہے مگر فقہا کے نزدیک جائز نہین ہمارے مشائخ رحمنے یہ طریقہ رکھا ہے کہ
رات دن کچھ نہین کھاتے شام کو ایک لونگ وغیرہ سے افطار کرتے ہین کہ افطار بھی ہوا اور پیٹ
بھی نہ بھرا پھر نیت روزے کی کرتے ہین **روزہ دہر** تمام سال روزے رکھنا حدیث مین آیا ہے
کہ جو کوئی روزے رکھے سال بھر اوس پر حرام ہو جاتی ہے آگ مگر بہتر یہ ہے کہ ایک روز
درمیان دے کے روزہ رکھے **روزہ روز دوشنبہ** حدیث شریف مین ہے کہ جو
کوئی پیر کے دن روزہ رکھے اللہ تعالے اوسکے لیے چھ ہزار برس کی نیکی کا ثواب لکھتا ہے اور
اوسکے لیے گھر جنت مین بناتا ہے **روزہ روز پنجشنبہ و جمعہ** حدیث شریف مین آیا ہے
کہ جو کوئی پنجشنبہ کو روزہ رکھے اللہ تعالے اوسکے نامہ اعمال مین ثواب اسی ہزار برس کی عبادت
کا لکھتا ہے **ایضاً** آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جو کوئی جمعہ کے دن
روزہ رکھے اور ہزار بار سورۂ اخلاص پڑھے ثواب بے انتہا پاوے **فائدہ**
ہر سال مین چھ روزے رکھنا مکروہ ہین نفلی روزہ اکیلا رکھنا صوم صمت یعنے چپ رہنا اور صوم نوروز
جمعے کو اگر دو مہرانہ ملاوے استقبال ماہ رمضان کا روزہ سال مین یہ پانچ روزے حرام ہین
عید الاضحے کو دسوین سے ترھوین تک اور عید الفطر کے روز

باب پانچوان بیچ ذکر عملیات اور تعویذات کے اور اسمین ۲۲ فصلین ہین

جب اسماے ربانی کی دعوت کا ارادہ ہو تو اول چاہیے کہ آدمی عبادت ظاہری کی طرف متوجہ ہو نوافل اور اوراد پر ثابت قدم ہو کر مشقت کا عادی ہو جاوے اور جب عبادت پر کسل نہو تو اسماے الٰہی کی دعوت پر مشغول ہووے پھر اسرار الٰہی کا انکشاف ہو گا اب فقیر بسملہ اور فاتحہ کی دعوت کا ذکر کرتا ہے مخفی نرہے کہ نقش بھرنے کے طریقے فقیر نے نقش سلیمانی اور مجربات سلیمانی مین مفصل لکھے ہین اسواسطے اس رسالہ مین نہین لکھے جسکو شوق ہو اُن دونون کتابون مین دیکھ لیوے

فصل اوّل بسم اللہ کے بیان مین نظم اے عزیزے اسم بسم اللہ را ؛ کت نسازی گر زلوح دل جدا ؛ چون تو خوانی اسم بسم اللہ بجان ؛ کار مشکل گردوت آسان عیان ؛ حدیث مین آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہین کوئی بندہ کہ کہے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ مگر حکم کرتا ہے اللہ کراما کاتبین کو یہ کہ لکھین بیچ نامہ اعمال اوسکے چار لاکھ درجے بہشت کے اور دور کرین اوسکے نامہ اعمال سے چار لاکھ برائیان دوسری حدیث مین یون ہے کہ جو کوئی لکھے بسم اللہ اچھی طرح واسطے تعظیم اللہ کے بخشے گا اللہ تعالےٰ گناہ اوسکے جتنے کہ گذرے ہین ترکیب دعوت بسم اللہ چاہیے کہ اول ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے اور معاصی سے اجتناب کر کے عروج ماہ مین بعد نماز صبح کے دعوت شروع کرے اوسکے تین طریقے ہین الوف یعنے ہزار اور مات یعنے سیکڑہ اور عشرات یعنے دہائی ہر روز دس ہزار بار دس روز تک پڑھے سب ایک لاکھ ہووے اور مات اختیار کرے ہر روز ہزار بار پڑھے اور اگر عشرات کو اختیار کرے ہر روز ہزار سو بار لیکن دعوت الوف کی بہتر ہے بعد اتمام ایام معینہ کے ہر روز سو بار پڑھا کرے پھر جس امر کے واسطے پڑھے حاجت برآوے ایضاً بسملہ کو ہر روز سات سو چھیاسی بار ایک اربعین تک پڑھے بعد اتمام اربعین کے ہر روز ایک سو تئیس بار پڑھا کرے پھر جب کوئی مہم پیش آوے تو اونیس بار وقت معینہ پر اونیس روز تک پڑھے ایضاً رسالہ منور القلوب مین لکھا ہے کہ عبد اللہ ابن عمر سے منقول ہے کہ اونھون نے فرمایا کہ جس شخص کو حق تعالےٰ کی طرف کوئی حاجت ہووے تو چاہیے کہ بدھ اور جمعرات اور جمعہ کو پیہم روزہ رکھے اور تیسرا دن جمعہ کا ہو گا غسل کر کے مسجد مین جاوے اور جو کچھ ہو سکے تصدق کرے اور بعد نماز جمعہ کے قبلہ رو ہو کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِاَسۡمِكَ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَا اِلٰہَ

اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ
وَّ لَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا
بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ط وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَجِلَتِ الْقُلُوْبُ
مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ ط اس دعا کو پڑھکر اپنی حاجت کا
نام لیوے کہ فلان مطلب میرا بر آوے **ایضاً** علما فرماتے ہین کہ جو کوئی بسم اللہ کو
چھ سو پچیس مرتبہ لکھکر تعویذ بناکر اپنے پاس رکھے گا خلایق کی نظرون مین اوسکا وقار
ہوگا **ایضاً** اور بعض خواص سے محبت ہے جو کوئی بسم اللہ کو سات سو چھیاسی بار
پڑھکر پانی پر دم کرکے جسکو چاہے پلوا دیوے تو اسکو محبت شدید ہوگی اور اگر یہ
پانی کند ذہن کو پلاوے ذہین ہو جاوے **ایضاً** جب کسی کو کوئی حاجت پیش آوے
تو نوچندی جمعہ کے دن جب آفتاب طلوع ہو دو رکعت نفل پڑھے پھر اس نقش کو
لکھکر پڑھے اور بازو پر باندھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	الله	بسم
الله	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	الله

ایضاً جو کوئی ارادہ کرے دفع شر ظالم کا تو چاہیے
کہ ایک رانگے کی تختی پر یہ نقش لکھکر اور درمیان
مین نام اوسکا لکھے اور ہینگ سے دھونی
دیکر چولھے مین دفن کرے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	الله	الرحمن	الرحیم	فلان
الله	الرحمن	الرحیم	فلان	بسم
الرحمن	الرحیم	فلان	بسم	الله
الرحیم	فلان	بسم	الله	الرحمن
فلان	بسم	الله	الرحمن	الرحیم

ایضاً

جو کوئی نقش بسم اللہ کو با طہارت لکھکر
اپنے پاس رکھے گا جسکے سامنے جاویگا وہ اسکی
عزت کرے گا رزق غیب سے ملیگا جو مشکل
ہوگی آسان ہوگی نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٨٩	٢٥٢	١٩٩	١٩٦
٢٠٠	١٩٧	١٩٠	٢٠١
١٩٣	١٩٧	٢٠٣	١٩١
٢٠٣	١٩٢	١٩٣	١٩٨

فصل ۲- سورۂ فاتحہ کے بیان مین سورۂ فاتحہ بڑی عظیم الشان سورۃ ہے حق تعالی فرماتا ہے وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ یعنے دین ہمنے تجکو اے محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سات آیتین کہ مکرر پڑھی جاتی ہین نماز مین مراد اس سے سورہ فاتحہ ہے اور دیا ہمنے تجکو قرآن عظیم مراد اس سے بھی سورۂ فاتحہ ہے ازبسکہ یہ جزو اعظم قرآن کی ہے مبالغہ فرمایا کہ یہ قرآن عظیم ہے ابونعیم اور دیلمی نے ابو داؤد سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ فاتحہ الکتاب کفایت کرتی ہے اوس چیز سے کہ کوئی چیز قرآن سے کفایت نہین کرتی اگر فاتحہ الکتاب ایک پلہ ترازو مین رکھین اور تمام قرآن کو دوسرے پلہ مین تو البتہ فاتحہ الکتاب ساتھ قرآن کے برابر ہو ابو عبیدہ فضایل قرآن مین حسن بصری سے روایت کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی فاتحہ الکتاب کو پڑھے گویا اوسنے کتب منزلہ کو پڑھا علما فرماتے ہین کہ جو کچھ اگلی کتابون مین ہے وہ سب قرآن مین ہے اور جو کچھ قرآن مین ہے وہ سب سورۂ فاتحہ مین ہے رسالہ منور القلوب مین لکھا ہے کہ دعوت سورۂ فاتحہ حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کو تعلیم فرمائی اونھون نے حضرت امام حسن کو اور اونھون نے حضرت امام حسینؑ کو اونھون نے حضرت امام زین العابدین کو اور اونھون نے حضرت امام محمد باقر کو اور اونھون نے امام جعفر صادق کو اونھون نے امام موسی کاظم کو اور حضرت بایزید فرماتے ہین کہ مین نے اونتیس برس تک دعوت چہل اسم اور قرشیا اور تسخیر مین صرف کیے اور فایدہ کماحقہ نہ دیکھا اتفاقاً خدمت مین امام جن و انس حضرت موسی کاظم کے گیا اور عرض حال کیا کہ اونتیس برس ہوگئے کہ یہ آپ کا غلام دعوت کرتا ہے اور کچھ بھی تجلیات خاص سے نہ دیکھا کمال لطف سے فرمایا کہ یا طیفور ابھی منزل مقصود دور ہے ابھی دعوت کر کہ مراد کو پہونچے مین نے بہت عاجزی سے اپنا سر حضرت امام ہمام کے آگے رکھدیا اور عرض کیا کہ یا امام میرے تئین تعلیم فرمائیے اور راہ ہدایت کی بتلایئے کہ مجکو قوت دعوت کی حاصل ہو اور بھید مکاشفات اور مراقبات کے کھل جائین امام نے فرمایا کہ واللہ اگر ہزار برس تک دعوت کرتا رہے گا کچھ حاصل نہوگا جب تک ہماری اجازت سے

سورۂ فاتحہ کی دعوت نکرے گا کبھی مطلب کو نہ پہونچے گا پھر مین نے عرض کیا کہ یا حضرت تعلیم فرمایئے
بعد مدت کے آپ نے خلوت کی اجازت دی اونتالیس دن تک دعوت مشغول رہا ہر روز عجائبات
دیکھتا تھا اور کچھ بھی خوف ہوتا تھا اڑتیسوین روز چار موکل بہت سے کواکب کے ساتھ میرے
پاس آئے اور سلام علیک کی اور مین نے جواب سلام کا دیا اور کہا کہ ہم حاضر ہوئے ہین اے
صاحب دعوت اپنا مدعا کہہ کہ تیری خدمت بجالاوین اور ہم سب فرمانبردار اسما کے ہین اور جسقدر
کہ اللہ تعالے نے ملک اور ارواح تمام جن اور انس پیدا کیے ہمارے تحت و تصرف مین ہین جو
کچھ تیرا مدعا ہو حاصل ہوگا مین نے جواب کچھ نہ دیا یہان تک کہ اونھون نے کمال الحاح سے
پھر کہا مینے اونکا نام پوچھا ایک نے کہا کہ میرا نام ارفائیل ہے کہ جبرئیل بھی کہتے ہین چار
ہزار گروہ فرشتون کے میرے تحت و تصرف مین ہین اور تمام ارواح بِحَقِّ خُطْمُت
هِیَا وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْفُرْقَانِ الْاَعْظَمُ وَبِحَقِّ اُمُّ الدَّعَوٰاتِ اور اوسکے بعد
دوسرا موکل آیا مین نے اوسکا نام پوچھا اوس نے کہا کہ نام میرا مورخ اور مشہور نام میکائیل
ہے لاکھ ارواح جن و انس میرے فرمان مین ہین بقوت اس دعوت کے جس کام کا حکم کرے
تو بجالاوین پھر تیسرا موکل آیا مین نے اوس کا نام پوچھا اس نے کہا کہ میرا نام سرخائیل
ہے اور اسرافیل بھی کہتے ہین تمام جن و انس و شیاطین اور ارواح ارضی و سماوی
اس اسم کے تابع ہین اور وہ سب میرے مطیع اور فرمان بردار ہین جو کچھ فرمایئے بجالاوین
اور اوسکے بعد چوتھا موکل آیا مینے اوسکا نام پوچھا کہا میرا نام ششنخ ہے اور عزرائیل
بھی کہتے ہین اللہ تعالے نے مجکو سب بزرگیان عنایت فرمائین ہین میرے بارہ ہزار
تین سو ملک اور سات ہزار جن اور انس تابع ہین یا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ وَبِحَقِّ
یا بُدُّوحُ جب صاحب دعوت مجکو طلب کرے حاضر ہون اور جس مطلب کے لیے کہے
بجالاؤن مین نے بخور آگ پر ڈال کر اون کو رخصت کیا اور اونتالیسوین روز تمام عالم
علوی و سفلی کے تئین مشاہدہ کرتا تھا اور عجائبات اور غرائبات دیکھتا تھا چالیسوین
روز امام زمان کا پابوس ہوا امام نے میرے اوپر بہت لطف فرماکر مجھے رخصت کیا اور
فرمایا جسکو لائق پانا اجازت دینا طریقہ زکوۃ سورۂ فاتحہ یہ ہے کہ اول ترک حیوانات جلالی
و جمالی کرے عروج ماہ مین دو شنبہ کے روزہ رکھے اور رات کو خلوت مین بیٹھکر ہر شب مین ہزار
ہزار بار چالیس دن تک پڑھا کرے اور جب تک چلہ تمام ہو خلوت سے باہر نہ آئے مگر ضرورت

معضائقہ نہین اور کسی سے بات نکرے اور بعد ہر صدی کے درود پڑھے **ایضًا** حضرت شیخ سعدالدین حموی نے فرمایا کہ جس کسی کو کوئی حاجت پیش آوے سورہ فاتحہ کو اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ تک پڑھکر سورہ اخلاص اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ کَمَا جَمَعْتَ بَیْنَ صِفَاتِکَ وَ اَسْمَائِکَ وَ اَفْعَالِکَ فَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ حَاجَتِیْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ سَلَّمَ پھر باقی سورہ کو پڑھے حاجت برآوے **ایضًا** جب کوئی شخص بیمار ہو بعد نماز فجر کے چینی کی رکابی پر نقش سورہ فاتحہ مشک اور زعفران سے لکھکر دھو کر پلاوے بیمار بہت جلد اچھا ہو جاوے ساعت زہرہ یا مشتری مین لکھکر اپنے پاس رکھے جس حاکم کے پاس جاوے وہ مہربان ہو جاوے اور معاش مین تنگی ہو رزق غیب سے ملے عزیز خلائق ہو نقش یہ ہے

۷۸۶

الحمد لله رب العلمین الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین	اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم	غیر المغضوب علیهم ولا الضالین آمین
اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم	غیر المغضوب علیهم ولا الضالین آمین	الحمد لله رب العلمین الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین
غیر المغضوب علیهم ولا الضالین آمین	اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم	مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین	الحمد لله رب العلمین الرحمن الرحیم
مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین	الحمد لله رب العالمین الرحمن الرحیم	غیر المغضوب علیهم ولا الضالین آمین	اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم

ایضًا جو کوئی اس نقش سورہ فاتحہ کو اپنے پاس رکھے فتوح غیب سے ہو اور بیمار ہو اگر ہووے بھی تو بہت جلد شفا پاوے اور جمیع خلائق اسکے مسخر ہوں اور کوئی مشکل پیش نہ آویگی یہ نقش تمام سورہ مع بسم اللہ و آمین کا ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۲۱ ع	۱۱۸ ع	۸
۱۱۹ ع	۷	۲	۱۲ع ع
۶	۱۶ ع	۱۲۳ ع	۳
۱۲۲ ع	۴	ع	۱۱۷ ع

فصل - ۳ - قضائے حاجات مین رسالہ مالابدمنہ مین ہے کہ جب کسی کو کوئی حاجت پیش آوے وضو
کرکے دوگانہ ادا کرے پھر اللہ تعالی کی تعریف کرے یعنے سبحان اللہ کہے اور درود اپنے پیغمبر خدا پر بھیجے
اوسکے بعد لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيمُ الْكَرِيمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
أَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْعِصْمَةَ مِنْ
كُلِّ ذَنْبٍ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ لَا تَدَعْ لِي ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ
وَلَا دَيْنًا إِلَّا قَضَيْتَهُ وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا إِلَّا غَفَرْتَهُ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ **ایضاً** رسالہ دستور القاسمیہ مین ہے کہ جس کسی کو کوئی حاجت پیش آوے
شب جمعہ کو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ اخلاص تین بار اور بعد سلام کے ہزار
بار ان کلمات کو کہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيعُ حاجت
اوسکی بر آوے **ایضاً** تحفۃ المسلمین مین ہے کہ شیخ احمد بونی نے فرمایا کہ جس کو کوئی حاجت پیش آوے
آخر شب مین دو رکعت نماز پڑھے اور اس آیۃ کو اپنے ہاتھ پر لکھے وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ
اور دعا کے لیے ہاتھ پھیلائے اور کہے اَللّٰهُمَّ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ أُرِيدُ مِنْكَ كَذَا وَكَذَا أَجِبْ
دُعَائِي إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ **ایضاً** جب کوئی مشکل پیش آوے تو صلوۃ التفرع پڑھے پاک زمین پر
کھڑے ہوکر چار رکعت کی نیت باندھے اور ہر رکعت مین سورہ فاتحہ اکتالیس بار پڑھکر پھر کوئی
سورہ ضم کرکے رکوع کرے بعد سلام کے سجدے مین جاکے اکتالیس بار یا کریم یا رحمن یا
رحیم کہے اور پھر اپنا بایان رخسارہ زمین پر رکھے اور اکتالیس بار وَعَنَتِ الْوُجُوهُ
لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ کہے بعد اسکے داہنا رخسارہ رکھے اور کہے اکتالیس بار یَا حَيُّ یَا قَيُّومُ پھر اپنی
حاجت خدا سے مانگے اور نہایت عاجزی کرے مجرب ہے **ایضاً** مقصود القاصدین مین ہے کہ جب
تجکو حاجت پیش آوے غسل کر اور پاک کپڑے پہن اور چار رکعت اس طریقے سے پڑھ پہلی مین بعد
فاتحہ کے سو بار وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ اور دوسری مین سو بار
أَلَا إِلَى اللّٰهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ اور تیسری مین سو بار نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ اور چوتھی
مین سو بار إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا اور بعد سلام کے غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ
پھر سجدہ کرے اور سو بار استغفار کہے **ایضاً** کتاب مذکور مین لکھا ہے کہ حاجات مشکلہ کے
بر آنے کے واسطے دو رکعت پڑھے پہلی مین وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ
مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ستر بار اور دوسری مین وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ

اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا اور بعد سلام کے استغفار اور تسبیح درود
سو بار پھر سجدے مین جاوے اور کہے اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ستر بار حق تعالے سے
حاجت مانگے بر آوے گی ایضًا اشراق الدرجات مین ہے کہ بارہ رکعت چھ سلام سے پڑھے اور
ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے کوئی سورہ ضم کرے اور بعد فراغ تشہد کے سجدے مین جاوے اور سات بار
سورہ فاتحہ اور دس بار آیۃ الکرسی اور دس مرتبہ کلمہ توحید پڑھے اور اپنی حاجت مانگے سلام پھیر کے
یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اقْضِ حَاجَتِيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ
اور دس بار يَا هَادِيْ اور دس بار يَا مُدَبِّرَ الْاَمْرِ اور دس بار يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ
ایک ہفتہ نہ گزریگا کہ حاجت بر آویگی ایضًا اکیلے مکان مین دو رکعت پڑھے اور بعد سلام کے
سجدہ کرے اور یہ دعا پڑھے پچاس مرتبہ يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ اِسْتَشْفِعْ بِكِ اِلَى اللّٰهِ
فِيْمَا نَزَلَ بِيْ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ بِرَحْمَتِهٖ ایضًا واسطے بر آمد جمیع حاجات دینی اور دنیوی کے
آیۃ الکرسی کافی ہے مسلم نے ابو داؤد سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم نے کہ آیۃ الکرسی بزرگترین آیتون کی ہے ثواب مین بیچ کتاب اللہ کے نقل کی ابن حبان نے
جو رکھے آیۃ الکرسی اپنے مال یا اولاد پر یعنے دم کرے یا لکھکر لٹکاوے تو نزدیک نہین ہونے کا
تیرے شیطان یعنے تیرے مال اور اولاد کے پاس نہین آنے کا اور ضرر نہین کرنے کا منقول ہے
کہ جب آیۃ الکرسی نازل ہوئی تو اسکے ساتھ ستر ہزار فرشتے آئے یہ واسطے جلالت اور علو مرتبت
کے تھا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہ جو کوئی بعد ہر نماز کے پڑھیگا تو داخل ہوگا
جنت مین اور علماء نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس کو صبح کے وقت پڑھیگا تو وہ شخص خدا کی امان مین
رہیگا شر شیطان سے اوسکی دعوت کے طریقے مشائخ نے بہت لکھے ہین لیکن آسان یہ ہے کہ
بعد نماز فجر اور شام کے پڑھا کرے اول اور آخر درود اس آیۃ کریمہ مین لیکن دو وقت ہین جب
هُوَ پر پہونچے تو چھنگلیا کو کھڑی کرے گردش دے اور جب اَلْقَيُّوْمُ پر پہونچے چھنگلیا کے پاس
والی اونگلی کھڑی کرے اور جب وَلَا نَوْمٌ پر پہونچے تو بیچ کی اونگلی اور جب حِفْظُهُمَا پر
پہونچے کلمے کی اونگلی اور جب اَلْعَزِيْزُ پر پہونچے انگوٹھے کو اور وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ کو دس بار
تکرار کرے اور ایک بار بوضع معہود داہنے ہاتھ کے انگوٹھے سے اشارہ کرے اور دوسری بار
بائین ہاتھ کے انگوٹھے سے اشارہ کرے پھر ان آیات کو پڑھے وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الٓمّٓ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

سُبحَانَكَ اِنّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ہرایک کو امین سے تین بار پڑھے اور اشارہ دونون انگوٹھون
سے کرے اور کہے اَللّٰھُمَّ یَا وَھَابُ پھر ابہام دست راست سے انگلیان بند کرے اور یَا فَتَّاحُ
یَا رَزَّاقُ یَا غَنِيُّ یَا اَنِيُّ یَا بَدُّوحُ یَا حَفِیظُ یَا لَطِیفُ کہکر دست چپ سے انگلیان اخیر تک
بند کرے وَ یُعَظِّمُ هٰذِہِ الْاٰیَاتُ الْمُقَطَّعَاتُ کہے پھر جو حاجت ہو دل مین رکھے اور بِحَقِّ
كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُ کہکے انگلیان داہنے ہاتھ کی کھول دے اور پھر بائین ہاتھ کی انگلیون کو
بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُ کہکر کھول دے پھر لفظ یٰس کو تین بار کہے داہنے ہاتھ کی انگلیان
بند کرے پھر بائین ہاتھ کی پھر وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيمِ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِيمِ وَعَنَتِ الْوُجُوهُ
لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ یَا حَيُّ یَا قَيُّومُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِينُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيثُ دِثْلِ بِلِرَبِّ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ کہے پھر اَلَا اِنَّ الذِّينَ سے خَالِدُوْنَ تک پڑھکر پھر یہ دعا پڑھے
تَحَصَّنْتُ بِذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ وَاعْتَصَمْتُ بِذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوتِ وَتَوَكَّلْتُ
عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ دَخَلْتُ فِي حِرْزِ اللّٰهِ وَعِصْمَةِ اللّٰهِ وَكَنَفِ اللّٰهِ وَاَمَانِ اللّٰهِ
وَجِوَارِ اللّٰهِ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ بِسْمِ اللّٰهِ
بَابُنَا وَتَبَارَكَ حِيطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حِصَارُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ
قُفْلُهُ وَمِسْمَارُهُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ٥
پھر ہاتھیلی پر دم کرکے اپنے تمام جسم پر ملے اور دعا مانگے اس کے خواص بہت ہین اس رسالہ
مختصر مین گنجایش نہین ہے - علامہ ابوالیسر قطان خلیفہ شیخ کریم الدین الحلوانی نے شیخ و مرد
اس سے نقل کیا ہے کہ جو شخص اس آیۃ کو اول تاریخ ماہ محرم مین تین سو سات بار اور ہر بار بسم اللّٰہ
کے ساتھ پڑھے اور بعد فراغ کے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ یَا مُحَوِّلَ الْاَحْوَالِ حَوِّلْ اِلٰی اَحْسَنِ
الْاَحْوَالِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ یَا عَزِیزُ یَا مُتَعَالُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ
صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ سب آفتون اور بلاؤن سے
محفوظ رہیگا ایضاً یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے جو کوئی
جس مطلب کے واسطے لکھکر اپنے بازو پر باندھے مطلب
برآویگا اگر اپنے مال مین دھریگا تو چور اور دیمک وغیرہ
سے ضایع نہوگا اور جو کوئی سفر مین اپنے پاس رکھیگا تو اس کو
قطاع الطریق اور جانور درندہ کی گزند سے محفوظ رکھیگا نقش یہ ہے

۷۸۶

۳ ۵۱۶	۳ ۵۱۹	۳ ۵۳۲	۳ ۵۰۹
۳ ۵۲۱	۳ ۵۱۰	۳ ۵۱۵	۳ ۵۲۶
۳ ۵۱۱	۳ ۵۲۴	۳ ۵۱۷	۳ ۵۱۴
۳ ۵۱۸	۳ ۵۱۳	۳ ۵۰۲	۳ ۵۲۳

ایضاً جو کوئی نقش سورہ نمل کو لکھکر اپنے پاس رکھیگا اُس کو کوئی مشکل نہ آویگی جس کام کا ارادہ کریگا اللہ تعالےٰ بر لاویگا۔ سورۂ نمل بہر ہر حاجت ہر کہ یکہفتہ خواند او بہر روز ۂ حق کفا کند مراد آتش ز گرد و از فضل حق بسا فیر درۂ نقش یہ ہے

۸۵۹۹۰	۸۵۹۹۳	۸۵۹۹۶	۸۵۹۸۲
۸۵۹۸۴	۸۵۹۸۹	۸۵۹۸۹	۸۵۹۹۴
۸۵۹۹۵	۸۵۹۹۸	۸۵۹۹۱	۸۵۹۸۸
۸۵۹۹۲	۸۵۹۸۷	۸۵۹۸۶	۸۵ ۹۷

ایضاً جب کوئی مشکل پیش آدے تو نقش سورۂ عنکبوت کو لکھکر اپنے پاس رکھے۔ دفع غم را تو عنکبوت بخوان ۂ ہفت نوبت کہ تا شوی بےغم ۂ در نویسی بزعفران بمشک ۂ بہر خرسندای مدار کرم ۂ شربت آن چو باز خوری ۂ شوی آسودہ دل ز بیش و کم ۂ نقش یہ ہے

۷۸۶

۶۸۸۲۴	۶۸۸۲۷	۶۸۸۳۰	۶۸۸۱۶
۶۸۸۲۹	۶۸۸۱۷	۶۸۸۲۳	۶۸۸۲۸
۶۸۸۱۸	۶۸۸۳۲	۶۸۸۲۵	۶۸۸۲۲
۶۸۸۲۶	۶۸۸۲۱	۶۸۸۱۹	۶۸۸۳۱

ایضاً جو کوئی نقش سورۂ احزاب کو لکھکر اپنے پاس رکھے مشکلیں حل ہوں فراخی رزق میں ہو جب نقش لکھے تو چالیس بار پڑھے۔ ہر کہ از دشمنت ست پر تشویش ۂ درد سازد چو سورۂ احزاب ۂ تا مگر از میان قرآن ۂ دشمنانت شوند جملہ خراب ۂ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۸۸۱۴	۱۸۸۱۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۷
۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۸	۱۸۸۱۳	۸۸۸۱۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۲۳	۸۸۸۱۵	۸۸۸۱۲
۸۸۸۱۶	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۲۱

ایضاً سورۂ یٰسٓ حلال مشکلات ہے حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ یٰسٓ قلب قرآن ہے یہ سورہ نہایت بزرگ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علیؑ تو سورۂ یٰسٓ کو اپنے اوپر لازم پکڑ یعنے اسکا عمل اور استعمال کر اس میں دس برکتیں ہیں۔ پڑھیگا اُسکو گرسنہ مگر یہ کہ وہ آسودہ و سیر ہوگا اور نہ پڑھیگا تشنہ مگر وہ کہ سیراب ہوگا اور اگر برہنہ پڑھیگا یعنے جسکو لباس میسر نہو گا تو اُسکے لیے لباس ہوگا اور جو زن بے مرد یا مرد بے زن اس سورت کو پڑھیگا اوسکو عقد ازواج حاصل ہوگا اور جو شخص خوفناک اُس کو پڑھا کرے گا وہ امن میں رہیگا اور جو مریض پڑھیگا وہ شفا پائیگا اور اگر محبوس و قیدی اُس کو پڑھا کرے گا وہ رہا ہوگا اور جو مسافر اُسکو پڑھیگا اُسکے سفر پر اعانت غیب سے ہوگی اور جو شخص کسی وجہ سے غمزدہ ہوگا اور اوسکی تلاوت کریگا اوسکا غم دور ہوگا اور جس کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اُسکے پڑھنے سے ملجائیگی اور اکثر علمائے جفر اور سیر ہیں کہ اس میں اسم اعظم ہے منقول ہے جو کوئی بعد نماز فجر کے

پڑھا کرے گناہوں کا کفارہ ہووے اگرچہ ہووین ستر برس کے شرائط پڑھنے اس سورہ کے یہ ہین کہ کپڑے پاک پہنے اور وضو کرے اور رو بقبلہ ہو کر بیٹھے اور حضور دل سے پڑھنا شروع کرے اس سورہ مین تین جگہ اشارہ کرے اوس مقام پر اپنا مطلب کہے بیشک مراد بر آوے گی اشارہ اول اِمَامٍ مُّبِیْنٍ اور اشارہ ثانیہ کُلٌّ فِیْ فَلَکٍ اور اشارہ ثالثہ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ اس سات مبین ہین جب مبین پر پہونچے تو چھنگلیا دست راست بند کرنا شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرے اور رکھو لینے مین انگوٹھے سے کھولے اور پھر فاتحۃ الکتاب اور آیۃ الکرسی پڑھے اور جب سورہ تمام کرے یہ کلمات پڑھے سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ کُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ بِکُلِّ مَکْنُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَ عِلْمِہٖ وَحِکْمَتِہٖ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ اور تین بار یَا مُفَرِّجُ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ **ایضاً** جو کوئی نقش سورہ یٰسٓ شریف کو گلاب اور زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے کوئی مشکل پیش نہ آوے اگر آوے بھی تو بہت جلد دفع ہو جاوے عورت عقیمہ کے لڑکا پیدا ہو اور سحر اور جادو اثر نکرے دشمن دوست ہو جاوے حفظ ایمان گراز خدا خواہی ختم یٰسٓ بکن چل دیکبارہ ور نویسی بزعفران و گلاب بر بیاض کثیرۃ الانوار پس بشوئی باب تازہ خوری منکشف گردد سبب اسرار در دلت نور حق ظہور کند گر بدانی مراتب ابرار نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۱	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۲۴۰	۵۵۳۶۰

ایضاً طریق ختم سورہ انا فتحنا جس کو کوئی حاجت ہو ہفتہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز پانچ بار پڑھے اور جمعہ کے دن گیارہ بار اور جب سورہ تمام ہووے تو ہر بار سورہ نصر اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ یَا مَنْ تَضَایَقَتِ الْاُمُوْرُ فَفَتَحَ لَھَا بَابًا لَّا یَصِلُ اِلَیْہِ الْاَوْھَامُ تَضَایَقَتْ عَلٰٓی اُمُوْرِیْ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْتَحْ لِیْ بَابًا لَّا یَصِلُ اِلَیْہِ وَھْمِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّیَا الْاِجَابَۃِ جَدِیْدٌ وَّلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَیْضًا نقش سورہ فتح واسطے بر آمد
حاجات کے لکھکر اپنے بازو پر باندھے سے فتح نصرت گر از خدا خواہی ؛ سورۃ الفتح خوان چل و یکبارہ
تا کہ ہنگامہ حرب دشمن ، بگذرانی بر تیغ گوہر بار ، ور نویسی و بر کتف بندی ، ایمن آئی ز دشمن بکار
نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۹۹ ۷۴	۲۱۳ ۷۴	۲۱۰ ۷۴	۲۰۶ ۷۴
۲۱۱ ۷۴	۲۰۵ ۷۴	۲۰۵ ۷۴	۲۱۲ ۷۴
۲۰۴ ۷۴	۲۰۸ ۷۴	۲۱۵ ۷۴	۲۰۱ ۷۴
۲۱۴ ۷۴	۲۰۲ ۷۴	۲۰۳ ۷۴	۲۰۹ ۷۴

ایضًا ختم سورہ واقعہ واسطے بر آمد حاجات کے اس
طریق سے سورہ مذکور کو پڑھے کہ عصر کے وقت چارشنبہ کے
دن غسل کرے اول وقت دو رکعت نماز ادا کرکے با وضو ہو کر بیٹھے اور پہلے روز
سورہ واقعہ ایکبار پڑھے اور دوسرے روز دو مرتبہ
اور تیسرے روز تین مرتبہ اسی طرح سے بڑھاتا جاوے
یہانتک کہ چالیسویں روز چالیس بار اس طور سے کہ مغرب تک ختم ہو جاوے اگر ممکن نہ ہو قبل عصر کے
پڑھے جب عصر کا وقت آوے تو نماز پڑھکر پھر پڑھے اور پڑھنے سے قبل ہر روز غسل کیا کرے ایضًا
نقش سورہ واقعہ کو واسطے بر آمد جمیع حاجات کے لکھکر اپنے پاس رکھے سے ای کہ درماندہ گشتہ و ذلیل
درمیان فقر و فاقہ و درویشی ، سورۃ الواقعہ چل و یکبارہ ، ختم کن تا ز فقر باز رہی ، چون ز خواری
رستہ ز دولت باعزیزان ، ترا دہد خویشی ، تنگی از حال او برود در حال ، یابی از فضل حق عطا
بیشی -

نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۲ ۷۸۶ ۹۳	۹۳ ۷۸۶ سورہ	۹۷۸۶ ۴۴	۳۲ ۷۸۶ ۹۳
۹۷۸۶ ۳۵	۹۳ ۷۸۶ ۲۳	۹۷۸۶ ۴۴	۹۳ ۷۸۶ ۳۴
۹۷۸۶ ۴۹	۴ ۷۸۶ ۹۳	۹۷۸۶ ۴۹	۹۳ ۷۸۶ سورہ
۹۹ ۷۸۶ ۳۳	۹۳ ۷۸۶ ۲۷	۹۷۸۶ ۲۶	۹۳ ۷۸۶ سورہ

ایضًا نقش سورہ نجم کو لکھکر اپنے پاس رکھے کوئی مشکل
پیش نہ آوے گی سے بست و یکبار ہر کہ سورہ نجم ،
از برائے بر آمدن حاجات ، گر بخوانی مراد را یابی ،
از برائے ندامت و حسرات -

نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۳۵۳۸	۲۳۵۵۲	۲۳۵۴۸	۲۳۵۴۵
۲۳۵۴۹	۲۳۵۴۲	۲۳۵۲۹	۲۳۵۵۵
۲۳۵۴۴	۲۳۵۴۶	۲۳۵۵۰	۲۳۵۴۰
۲۳۵۵۳	۲۳۵۴۳	۲۳۵۴۲	۲۳۵۲۶

ایضًا سورہ حشر کو جو کوئی لکھکر اپنے پاس رکھے
جمیع صعوبات سے اللہ تعالےٰ اوسکو بچاوے گا -
سے گر ہمی خواہی شود چل روز ، ہر سحرگہ بصدق دل یکبار
سورۃ الحشر را بخواند کاین ، ہر چہ خواہی بکام دل آن کار
لیکر گردد تمام حقی یکروزہ خواند از سر تکبیر و دیگر بار ، چار رکعت نماز حاجت خوان ، اگرت ہست حاجتہا و دلدار

سورۃ الحشر خوان بہر رکعت ؛ تا مراد دولت دہر غفار ؛ نقش یہ ہے ....

۸۸۹

۲۲۳۷۵	۲۲۳۶۸	۲۲۳۶۱	۲۲۳۵۸
۲۲۳۷۰	۲۲۳۵۹	۲۲۳۶۴	۲۲۳۶۹
۲۲۳۵۶	۲۲۳۷۳	۲۲۳۶۱	۲۲۳۶۲
۲۲۳۶۶	۲۲۳۶۲	۲۲۳۷۰	۲۲۳۶۳

ایضاً طریقہ ختم سورہ مزمل لطائف غائبیہ مین مسطور ہے کہ حضرت مخدوم شیخ احمد مغربی سے حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے یون روایت کی ہے کہ واسطے بر آمد حاجات کے گیارہ روز تک گیارہ بار درمیان سنت و فرض ظہر یا عشا کے پڑھے اور قبل شروع کے یَا جَمِیْلُ دس بار اور تیس بار یہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور یہ درود پڑھکر شروع کرے درود یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ بِعَدَدِ الرَّمْلِ وَالْحَصٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْکَافِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ بِعَدَدِ الْمَطَرِ وَجَمِیْعِ الْاَشْیَاءِ پس ہر محل پر اشارہ کرتا جاے اول اَقُوْمُ قِیْلًا پر واسطے محبت کے کہے الٰہی رحیمی و کریمی فلان بن فلان را مطیع من گردان اور بجہت ہلاکی چون فرعون را ہلاک گردانیدی ہمچنان فلان را ہلاک گردان علی ہذا القیاس دوسرے رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ سے یَقُوْلُوْنَ تک تین بار تکرار کرے اور اپنا مطلب کہے تیسرے اِنَّ لَدَیْنَا اَنْکَالًا کو تین بار تکرار کرے اور چوتھے وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ کو تین بار تکرار کرے اور کہے قَدْ رَبِّیْ حَاجَتِیْ فَاِنَّکَ قَادِرٌ وَّاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور پانچوین یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ تین بار کہے اَللّٰھُمَّ مِنْ فَضْلِکَ اَبْتَغَیْتُ وَمِنْ فَضْلِکَ فَارْزُقْنِیْ فَلَا تُخَیِّبْنِیْ یَا ذَا الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ اور چھٹے وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ کو بھی تین بار کہے پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہکے اپنی حاجت مانگے اور سورہ تمام کرے مشائخ نے اس سورہ کی ہزار خاصیتین لکھی ہین اس رسالہ مختصر مین گنجائش نہین جس مطلب کے واسطے پڑھے گا بر آوے گا

ایضاً جو کوئی نقش سورہ مزمل کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے جملہ حاجتین بر آوین رزق مین ترقی ہو دشمن دوست ہوجاے بھاگا ہوا پھر آجاے عزت پاوے اگر اپنے اسباب مین رکھے تلف نہو قید سے رہا ہو بیمار اچھا ہو ظالم کے ہاتھ سے بچا رہے ۔ ہر کہ خواند مدام مزمل ؛ از سر شوق غالب اوقات با رویت حضرت رسول خدا ؛ افضل المخلوق سید السادات ؛ بہتر از رویت رسول خدا ؛ در جہان چیست اے کریم صفات ؛ جملہ حاجات او روا گردد ؛ حاصل آید مراتب درجات ؛ ہمہ چیز از زیارت بنمودست ؛ سید کائنات را اصلوٰۃ ~

نقش یہ ہے ......

ایضاً واسطے برآمد جمیع حاجات کے شب جمعہ کو اس نقش کو لکھکر روبرو رکھے اور چار رکعت بہ نیت نماز کن فیکون پڑھے پہلی مین بعد فاتحہ کے سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تَیْسِیْرُ الْاُمُوْرِ دوسری مین وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار تیسری مین نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ سو بار اور چوتھی مین اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا سو بار پڑھے اور سلام کے بعد غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ سو بار بعدہ سجدے مین جاکر دو سو بار دعاے منقوش نقش پڑھے

۷۸۶

۱۷۱۹	۱۷۳۲	۱۷۲۹	۱۷۲۶
۱۷۳۰	۱۷۲۵	۱۷۲۰	۱۷۳۱
۱۷۲۴	۱۷۲۷	۱۷۳۴	۱۷۲۱
۱۷۲۳	۱۷۲۲	۱۷۲۳	۱۷۲۸

نقش یہ ہے ......

ایضاً واسطے جمیع مہمات کے اس نقش کو لکھکر اور آیہ مندرجہ نقش کو ہر روز مع سورۂ اخلاص ستر بار پڑھے اور نقش کو روبرو رکھے۔

۷۸۶

اَسْتَغْفِرُ ۱۷۴۱	اَللّٰهَ ۶۶	وَاَتُوْبُ ۴۱۵	اِلَیْهِ ۴۶
۴۱۳	۴۷	۱۷۴	۶۷
۴۸	۴۱۷	۶۴	۱۷۳۹
۶۵	۱۷۳۸	۴۹	۴۱۶

نقش یہ ہے

ایضاً اس نقش کو لکھکر اور آیہ کریمہ جو نقش مین لکھی ہے ہر روز ہزار بار پڑھے اور مطلب بہت جلد برآوے مجرب ہے۔

۷۸۶

حَسْبُنَا ۶۶	اللّٰهُ ۶۶	وَنِعْمَ ۱۶۰	الْوَکِیْلُ ۹۶
۱۶۶	۹۶	۱۲۴	۶۵
۹۵	۱۶۴	۶۸	۱۲۳
۶۷	۱۲۴	۹۴	۱۶۵

نقش یہ ہے ......

ایضاً واسطے حاجات صعب کے یہ نقش بہت سریع التاثیر ہے چاہیے کہ چند آدمی ایک مجلس مین بیٹھکر باوضو چالیس ہزار آیہ مندرجہ نقش کو پڑھین اور اپنے سامنے رکھین یہ عمل روز یکشنبہ عروج ماہ مین عصر کے وقت جب کہ قمر برج ثابت مین ہو کرین مرادات دلی برآوین اگر صدق دل سے پڑھین

۷۸۶

رَبَّنَا اٰتِنَا ۶۰۵	مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً ۸۰۲	وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ ۱۹۲	اَمْرِنَا رَشَدًا ۷۹۶
۱۹۴	۱۹۶	۷۰۶	۷۴۱
۷۹۵	۱۹۱	۸۴۴	۷۸۷
۸۴۳	۷۰۸	۷۹۴	۱۹۲

نقش یہ ہے

ایضاً ترکیب زکوۃ نقش اجل ہر روز باوضو چونتیس ۳۴ بار نقش لکھکر آٹے مین گولیان بناکر دریامین ڈالے جب چلہ تمام ہوجاوے گا تو زکوۃ پوری ہوگی پھر حسب مطلب کے واسطے پانچ تعویذ لکھکر اپنے زانو کے نیچے رکھے گا مطلب برآوے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

من الظالمین ۵۹۲	انی کنت ۵۹۲	انت سبحانک ۵۹۲	لا اِلٰہ اِلّا ۹۹
۵۹۱	۱۰۰	۱۱ ۵۱	۵۳۲
۱۰۱	۵۹۴	۵۲۹	۱۱ ۵۰
۵۳۰	۱۱ ۴۹	۱۰۲	۵۹۳

ایضاً جو کوئی اعداد قرآن مجید کو شرف آفتاب مین چاندی کی تختی پر کندہ کراکے اپنے پاس رکھے گا جمیع خلائق اوس کی مسخر ہوگی اور رزق غیب سے ملے گا سفر اور حضر مین جملہ آفات سے محفوظ رہیگا اس رسالہ مختصر مین سب کی گنجائش نہین جسکے پاس ہوگا اوسکو سب منکشف ہوجائیگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴		۱
۱۳	۲	یاجبرئیل	۷	۱۲
۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۶
۰	۱۶	یامیکائیل	۹	
۱۰	۵	۳		۱۵

ایضاً جب کسی کو کوئی حاجت پیش آوے اس نقش اسم پاک محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اکیس دن تک ہر روز نوسے نقش لکھکر دریامین ڈالا کرے مراد برآوے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳ ۹۸۱۲۲۱	۱۳ ۹۸۱۲۲۲	۱۳ ۹۸۱۲۲۳	۱۳ ۹۸۱۲۱۴
۱۳ ۹۸۱۲۲۶	۱۳ ۹۸۱۲۱۵	۱۳ ۹۸۱۲۲۰	۱۳ ۹۸۱۲۲۵
۱۳ ۹۸۱۲۱۶	۱۳ ۹۸۱۲۲۹	۱۳ ۹۸۱۲۲۴	۱۳ ۹۸۱۲۱۹
۱۳ ۹۸۱۲۲۳	۱۳ ۹۸۱۲۱۸	۱۳ ۹۸۱۲۱۷	۱۳ ۹۸۱۲۲۰

۷۸۶

۲۲	۲۶	۲۹	۱۵
۲۸	۱۶	۲۱	۲۷
۱۷	۳۱	۲۴	۲۰
۲۵	۱۹	۱۸	۳۰

ایضاً اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے جس کام کے واسطے ارادہ کریگا انشاء اللہ تعالیٰ مراد

پوری ہوگی نقش یہ ہے۔

٤٩٦

٣٨	٤٢	٤٥	٣٠
٤٤	٣١	٣٧	٤٣
٣٢	٤[illegible]	٤٠	٣٦
٤١	٣٥	٣٣	٤٦

پھر دس بار کہے استخیر اللہ پھر تین بار درود کہے اور اس دعا کو پڑھے اللھم انی استخیرک
واستشیرک بعلمک یعلم عواقب امور الخلق اسکے بعد اپنے کام کی نیت کرے اور سورہ
حمد اھدنا الصراط المستقیم تک پڑھکر یہ دعا پڑھے اللھم یا من یعلم اھدنا
ما لا نعلم بعد ازان تسبیح کے دانون کو ہاتھ سے پکڑے پھر وہان سے دانون کو

دو و وکرکے گنے اگر جفت ہون بد ہو وہ کام ہرگز نکرے اور اگر طاق رہین نیک ہو اُس کام کو کرے
ایضاً حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہو کہ جو شخص ارادہ کرے کسی مردے کے دیکھنے
کا تو وہ عشا کے فرض و سنت اور وتر پڑھکر پھر چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد
فاتحہ کے سورہ تکاثر پڑھے اور بعد ازان پاک بستر پر لیٹ کر یہ کلمات کہے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ
فُلَانًا عَلَی الْحَالَۃِ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا وہ شخص اُس مردے کو اُسی شب خواب مین دیکھیگا
ایضاً علامۃ السنوسی نے اپنے مجموعہ مجربات مین لکھا ہو کہ جو کوئی ارادہ کرے کہ دیکھے اپنے
خواب مین کسی اپنے حبیب یا کسی دوست کو کہ وہ زندہ ہو یا مردہ یا اپنے کسی مطلب کو جسکی
امید خدا سے رکھتا ہو تو چاہیے کہ ایک خالی مکان مین جہان کوئی دوسرا آدمی نہو بیٹھے اور پاک
کپڑے پہنے اور باوضو ہو کر دو رکعت ادا کرے رکعت اولے مین بعد فاتحہ کے سورہ والشمس
سات بار دوسری مین واللیل اور بکثرت درود پڑھے اور طاہر بچھونے پر لیٹے اور یہ نقش
لکھکر کے سرہانے رکھے اور سو رہے جو کچھ ہوگا معلوم ہو جائیگا نقش یہ ہے

ایضاً جو شخص ارادہ کرے کہ اپنے خواب مین
کسی غائب کو دیکھے اور یہ معلوم ہو کہ وہ شخص
زندہ ہے یا مردہ تو رات کو سوتے وقت وضو
کرے اور لباس پاکیزہ پہن کر اور باوضو قبلہ
رو داہنے پہلو پر لیٹ کر سورہ والشمس اور واللیل

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

اور والتین اور اخلاص ہر ایک کو سات سات پڑھے اور اُسکے بعد یہ کلمات کہے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ
[illegible] وَاجْعَلْ لِیْ [illegible] وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی حَاجَتِیْ
دعوتی چنانچہ پہلی شب خواہ دوسری شب خواہ تیسری شب مین خواہ کسی شب مین
ساتوین شب تک ضرور ضرور دیکھیگا اور ان شبون مین کچھ نہ دیکھے تو معلوم کر کہ تو نے
اس عمل مین کچھ نقصان کیا ہے کوئی امر فرو
گذاشت کیا ہے پھر کرے انشاء اللہ تعالےٰ
مشاہدہ کریگا اس استخارہ کو ہمارے علمائے
بارہا آزمایا ہے تو صحیح پایا ہے اور اس نقش کو
لکھکر اپنے سرھانے رکھکر سو رہے یہ ہے

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

فصل ۳۳ - منتروں میں۔ چونکہ یہ کتاب بنظر فایدہ عام تالیف کی ہی اور اس سے
غرض ہی کہ خواص اور عوام کو نفع ہو نہ یہ کہ خاص خاص فایدہ پاءین اور عوام محروم رہجاءین ایسی کتابین
تو بہت ہین کہ جنکو خواص ہی پسند کرتے ہین اور عوام اپنی کوتاہ فہمی سے اونکے مطالب سے فیضیاب
نہین ہوتے ہین اور بہت سے کتابین ایسی ہین کہ جنکی طرف خواص توجہ نہین فرماتے ہین
عوام مطالعہ کرتے ہین لہذا فقیر مولف عفا عنہ نے اس کتاب کو بخیال افادہ خاص عام
تالیف کیا ہے کہ جو کوئی اعمال علوی کا طالب ہو وہ بھی فایدہ اوٹھاوے اور جو سفلی پر راغب ہو
وہ بھی منتفع ہو جاءے اسواسطے اردو مین پہلے عملیات اور تعویذات علوی لکھے اور انکے بعد منتر
جنتر وغیرہ بھی شامل کر دئے اب فقیر کے ذہن ناقص مین یہ کتاب مفید خاص و عام ہو گئی جنکو آیات
قرآنی کا پڑھنا دشوار ہی وہ منتر پڑھکر اپنا کام نکالین جان کو کہ منتر وہ ہی جو پڑھا جائے موہنی کا منتر
ایک اتوار سے دوسرے اتوار تک بلا ناغہ دریا پر جاوے اور یہ منتر ایکسو اکیس (۱۲۱) بار پڑھ کر منہ
مطلوب کے گھر کی طرف ہو اور جب پڑھ چکے سیدھا اپنے گھر مین چلا آئے پیچھے مڑ کے نہ دیکھے
ساتوان دن نہ گذریگا کہ معشوق خود بخود آجائیگا - موہن من موہن آس باندھون پاس
باندھون کیس باندھون موہنی بولتے کی زبان باندھون ڈال رکھون موہنی ہاتھ بکھائی کمکھ
لی پیچھے پیچھے نکھائی آٹھ پہر موہن جیو موہن تیرا نام پاٹ کا بیٹھون موہن آسن بیٹھا جوگی
سنہاسن بیٹھا راجہ موہن جل رہے جلال موہن جل جلتی آگ بجھاؤن فلانے پیچھے مری ماما کر یا چلی
آوے دوہائی ہومنت گرو کی دوہائی حبشی گرو کی دوہائی اسمٰعیل گرو کی دوہائی فاضل گرو کی
دوہائی علی بخش گرو کی ایک مرغ دو لونگ اور روٹ جب یہ کام ہو جائے تو تیری بھیت دونگا -
ایضاً سورج نکلنے سے پہلے نہا کر لوبان اور دو لونگ آگ مین جلائے صندل اور عطر اور لوبان
اور پھول اپنے پاس رکھے اور اس منتر کو اکیس بار سات منگل تک پڑھے جب عمل قبضہ مین آجائے تو پھول
پر (۲۱) دفعہ پڑھکر پھونک دے اور مطلوب کی پشت پر مارے خدا چاہے تو وہ ساتھ ہو جائے اور وہ
منتر یہ ہے کاورو دیس سے آئی الکھادیبی جہان اسمٰعیل جوگی کی لاگی پھلواری جہان بسے لونا چماری
جہان جائے ہمارے پھول کے پاس سو سو آوے ہمارے پاس دوہائی لونا چماری کی -
ایضاً آلی اور نمک ملا کر ہوم کرے تو مرد و عورت قابو مین آوے اور وہ منتر یہ ہی ادنگ
ماتا نگنی ہر نیک سواہا ایضاً محبت کا منتر اکاس بیل قدرے روئی مین لپیٹ کر اتوار کے
دنکو ایک بجے چنبیلی کا تیل جلاوے اور سہاگ کا عطر اور بڑا پان اور پھول کے پاس رکھے اور

کاجل پارکر آنکھون مین لگائے جسکے سامنے جائے وہ عاشق ہوئے ایضاً اگر کوئی شخص سور کی
اور کانٹا سیاہی منگل کے دن دشمن کے گھر مین ڈالے تو دشمنی ہوجائے ایضاً رائی اور
چوراہے کی مٹی اور قبرستان اور مرگھٹ کی خاک جمع کرکے جس گھر مین ڈالے لڑائی بید ہووے
ایضاً دشمن کا پیشاب بند کرنے کی ترکیب اتوار کو چھچھوندر مار کر اوسکی کھال مین دشمن کے
پیشاب گاہ کی مٹی بھر کر ریشم سے سیدے جبتک وہ مٹی نہ نکالے پیشاب بند رہے ایضاً
عورت کے بال اور مرد کا کپڑا جلا کر دونون کو کھلادے آپسمین دشمن ہوجائین ایضاً بیمار کو
منتر جب آدھے سر مین درد ہو اس منتر کو سات بار پڑھکر دم کرے تو درد جاتا رہے منتر یہ ہے اونگ ستہ
نام اونش گرو کی آگیا بیائی بن مین کچی بن بھل کھائے ہاتک بار سے سو منت پھری اسپندی یہ
اوتر جائے شید سا پنچاپند کا پنجا پھورو منتر منت جی کی ہاچا ایضاً اسکہن دیکھنے کا منتر یہ ہے
منتر پڑھکر جھاڑے منتر یہ ہے اونگ نہ مو اول ال جاپر پھرے نہ لاتے جہان بیٹھا ہو منتھا آئی
پھوئی پانی نگری نہ پڑھتے ہو منت راکھے میرا ایضاً نکسیر بند ہونے کا منتر اس منتر کو
روئی لیئے پھو لیئے پر پڑھکر ناک مین منتر رکھے اونگ نمو دلش گر کو چار آٹھ چار
کھاٹ نکھ نکھ ہے چوراسی گھاٹو ہے نیز سمیجے چیز ہاتھ ہر تھلنے ہو سر سے
نٹ سنگ پھر نہ تھامنے تو اہی ماتا دودھ پیا حرام کرے دانت کے کیڑے دور ہونے کا
منتر اسکو بھار گی بھو بھل ۱۲ بار پڑھکر داتون ملے کیڑے جاتے رہینگے اونگ ہرا ہر
مرے اکشم سواہا ایضاً جسکو بواسیر ہو اس منتر کو تین دفعہ پڑھکر پانی پر دم کرکے
آبدست لیوے بواسیر خونی و بادی جاتی رہے منتر یہ ہے خراسان کی بیٹی شاہ خونی
بادی دونون جائین ایضاً پسلی کے آزار کا جو لڑکون کو اکثر سوار نفس اور پسلی مین
گڑھا پڑ جاتا ہے پسلی ہولی یا دیوالی مین پاک صاف ہو کر اکیسو ایکبار پڑھے اور لوبان جلاتا
رہے پھر وقت ضرورت کے لکڑی رام سر اور سات مسکین کوری سات سات انگل کی لاوے اور یہ
منتر سات بار پڑھکر تیلیون یا لکڑیون سے جھاڑے دونون چیزین بڑھ جاوینگی جب مرض جاتا رہیگا
بدستور سات انگل کی ہوجاوینگی منتر یہ ہے سمندر کے کنارے سر اگا سرگا وکے پیٹ مین باچھا
باچھا کے پیٹ مین کلیجہ کلیجے کے پیٹ مین ڈب ڈب کیے گھر پڑے دوہائی لونا چماری کی ایضاً سانپ
کے منتر جب کسی آدمی یا جانور کو سانپ کاٹے تو اس منتر کو گیارہ بار پڑھکر پانی پر دم کرے اور
آدھا پانی پلادے اوسکو اور آدھا منہ پر مارے منتر یہ ہے ہنگ رانا کا ہے کاٹے رکا کا پانی ہو

سوہن رے مرجا پھری کاہی کاٹا **ایضاً** بھوت پریت دور کرنے کا منتر اسکو پڑھو اور سوت کا
پر لیکر سات بار جھاڑے منتر اونگ نمو آدیش گورو کو ہر بائین ہر اپنے ہر بار بے بستار آگے پیچھے
ہر گھڑی راکھے سرجن ہار ہنگنت بجلی سری نرسنگھ جی ہنٹ کھساوتا کال راکھو راکھ چار چکر لی
سرسنگھ جی کے آگے سیلون آنا سیون دور جائے پڑے پران کال کشنگ چھل چھدر کجری بھوچر پریت
بھوت میری بھگت کروگی شکست پھر منتر ایشر دباجا **ایضاً** بخار کا منتر اس اشلوک کو مریض
پڑھے یا اور کوئی شخص ایکسو آٹھ بار پانی پر پڑھکر ملاوے تجاری جاتی رہے منتر یہ ہے پریے
کرشن بلبھدر شیخ پروشو منوا نرده یا اوگھا مسمرن باثری نہ خر بیاوہی بھوچنے **ایضاً** مرگی
کا منتر اکیس بار پڑھکر تیر سے جھاڑے منتر یہ ہے اونگ نمو سری رام اٹھو اٹھو ڈھکم خرچھاؤ
دھنکم خرچھاؤ مرگا مار مرگا مار اونگ ڈسہ ڈہ سواہا واضح ہو کہ جن منتروں میں دوہائیاں مثل نونا
چماری اور دیبی وغیرہ کی ہوں اہل اسلام کو ممنوع ہیں کیونکہ لغزش ایمان کا خوف ہے

فصل - ۴۲ - جنتروں میں - اب تعویذات لکھتا ہوں اس جنتر کو پھول کے برتن
میں بلا صندل سرخ سے لکھکر عورت کو گھولکر پلادے وہ فریفتہ ہو جائے یہ ہے -

۷۸۶

۲۸	۳۵	۲	۷
۸	۲	۳۲	۳۱
۳۴	۲۹	۹	۱
۴	۶	۴۰	۳۴

ایضاً اس نقش کو بھوج پتر پر لکھکر اپنے پاس رکھے جہاں جائے عزت ہو نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۴	۵۱	۲	۷
۶	۳	۴۸	۴۷
۵۰	۴۵	۸	۱
۴۳	۴	۴۶	۴۹

ایضاً اس نقش کو جامن کے رس سے لکھکر اپنے پاس رکھے تو راجہ کا خوف دل سے جاتا رہے

ایضاً اس نقش کو کمہار کے آوے ڈالدے تو دشمن خراب ہو **ایضاً** سوتے میں نہ ڈرے گا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۹	۷۲	۲	۷
۶	۳	۸۲	۸۴
۸۵	۸۰	۸۱	۱
۴۰	۸۵	۸۲	۸۴

۷۸۶

۸۵	۹۲	۲	۸
۷	۳	۹۹	۸۸
۹۱	۹۶	۹	۱
۴	۶	۸۷	۱۰

ایضاً اس نقش کو لڑکے کے گلے مین ڈالے بد نظر نہ لگے نقش یہ ہے

ایضاً اس نقش کو بھوج پتر پر لکھکر بیمار کے گلے مین ڈالے بیمار اچھا ہو جائے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۲	۸۱	۲۳	۲۲
۹۸	۸۲	۹	۱۱
۲۵	۳۷	۴۹	۵
۴۵	۳۷	۹	۱

ایضاً اس نقش کو ندی کے کنارے بیٹھ کر لکھے دشمن پر فتحیاب ہو نقش یہ ہے۔

۱۰۰۰	۸	۹	۲۰۰
۸	۱۱۹	۱۰۰۱	۷۹
۱۹۸	۴	۸۲	۱۰۰۲
۸۱	۱۰۰۳	۱۹۷	۵

ایضاً جس کام کے لیے اس نقش کو لکھے اچھی طرح سے ہو جائے یہ ہے۔

۷۸۶

۷۶	۷۲	۲	۸
۶۸	۳	۷۱	۷۰
۷۳	۶۸	۹	۱
۴	۶	۶۹	۷۲

۷۸۶

۳۶	۴۳	۲	۷
۶	۳	۴۰	۳۹
۴۲	۳۷	۸	۱
۴	۵	۳۸	۴۱

ایضاً اس نقش کو الو کے پر پر لکھکر دشمن کے سر پر ڈالے دشمن خراب ہو نقش یہ ہے

ایضاً اس نقش کو ہلدی سے کاغذ پر لکھے اور اپنے پاس رکھے تو مال بہت پاوے اور وہ نقش مذکور یہ ہے۔

۷۸۶

۹۴	۹	۲	۷
۶	۳	۸۸	۶۶
۹۱	۹۷	۸	۱
۴	۵	۸۶	۶۹

۷۸۶

۵۶	۶۳	۲	۷
۶	۳	۹۰	۵۹
۶۲	۵۷	۸	۱
۴	۵	۵۸	۶۱

ایضاً اس نقش کو لکھکر گھر مین رکھے دولت ملے نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۹	۶۶	۳	۷
۶	۳	۶۳	۳۲
۹۲	۹۰	۸	۱
۴	۵	۶۱	۶۴

ایضاً اس نقش کو موی کے ہوق سے لکھکر آسیب زدہ کو دھونی دے بھوت پریت بھاگ جائیگا نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

۸۴	۸۱	۳	۸
۷	۳	۷۸	۷۰
۸۰	۷۵	۹	۱
۴	۶	۷۶	۰

ایضاً اس نقش کو زمین پر بیٹھکر پچاس مرتبہ لکھے ادعا سیسی کا درد جاتا رہے نقش یہ ہے
ایضاً جب لڑکا بہت روئے صبح کو سات مرتبہ زمین پر
اس نقش کو لکھے سات روز تک نقش یہ ہی

۷۸۶

۲۳	۳۳	۲۲	۳۴
۳۰۰۰	۳۰۰۰	۴۰۰۰	۳۰۰۰
۲۲	۱۲	۱۲	۱۲
۳۰۰	۱۳	۱۲	۱۲

ایضاً جب عورت کے لڑکا ہوکر مرجاتا ہو اس نقش کو لکھکر بچے کے گلے مین ڈالے نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۰	۹	ے	ے
۱۳	۱۲	۱۱	ے
۱۰	۹	۱۶	۱۴
۳۲	۱۳	۲۲	۲۱

ایضاً سیتلا کے لیے لکھکر گلے مین ڈالے یہ ہے

۷۸۶

۱۱	۱۱۱	۲۴	۲۲
۱۰۰۰۰	۱۰۱	۲۱	۲۲
۲۱۱	۱۱۱	۱۱۱	۱۰۰۰
۱۱۱	۱۱۲	۱۱۱	۱۲

ایضاً چیچک کے لیے اس نقش کو گلے مین ڈالے نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۸	۱۱	۲۶۹	۱
۲۳۸	۲	۷	۱۲
۳	۱۲۷۱	۹	۹
۱۰	۵	۴	۲۱۷

ایضاً دروزہ کے لیے اس نقش کو صندل سرخ سے لکھکر دھوکر پلادے نقش مذکورالصدر یہ ہے

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

۷۸۶

۸	۲	۳۵	۲۸
۳۱	۳۳	۳	۷
۱	۹	۲۹	۲۲
۲۳	۳۰	۱۱	۴

ایضاً بواسیر کے لیے نیم کے درخت کے نیچے گاڑ دے نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۱	۱۲	۱۱	۱۰
۵۱	۸۱	۹۰	۲۴
۸	۵۶	۵۲	۲۴

ایضاً اس جنتر کو عورت باندھے حمل قائم رہے یہ ہے

۷۸۶

۷ ۱۴	۴ ۴۱	۶ ۲	۹ ۲۸
۰	۳	۱۵	۱۴
۲۰	۱۵	۱۶	۱۹
۲	۶	۹	۱۹

ایضاً اس نقش کو بیماری ہیضہ کے لیے صبح و شام پانی مین گھولکر پلاوے نقش یہ ہے

۷۸۶

بری	ہرلنگ	لنگ	جنگ
۲۴۲	۲۴۱	۲۴۰	۲۳۹
۲۳۸	۲۳۷	۲۳۶	۲۳۵
۲۳۴	۲۳۳	۲۳۲	۲۳۰

ایضاً اس نقش کو موٹے کے پر پر لکھ کر دشمن کے غلہ میں ڈال دے تو سڑ جاوے نقش یہ ہے

۷۸۶

۷	۲	۹۰	۸۳
۸۶	۸۷	۳	۶
۱	۸	۸۴	۸۹
۸۸	۸۵	۵	۴

ایضاً اس نقش کو لاکھ بار لکھکر دریا میں بہا دے تو تجارت میں نفع ہو نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۰	۵۷	۲	۷
۹	۳	۵۴	۵۳
۵۶	۵۱	۸	۱
۴	۵	۵۲	۵۵

ایضاً اس نقش کو اتوار کے دن کھیت میں گاڑ دے تو غلہ زیادہ پیدا ہو کیڑے سے کھیت بچا رہے یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۸	۷۱	۲۵
۲۳	۱۴	۳	۷
۱	۹	۲۶	۸۱
۸۰	۱۶	۱۷	۴

ایضاً اس نقش کو خاک سے لکھکر کوڑے او سیر مارے پر دیس گیا ہو آجاوے نقش یہ ہے۔

ایضاً جو کوئی گم گیا ہو بیچ کی اونگلی سے زمین پر لکھے اور چھیا مارے فوراً چلا آوے وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۷۲	۷۹	۱	۷
۶	۳۰	۷۶	۷۵
۷۸	۷۳	۸	۱
۴	۵	۸۴	۷۷

ایضاً: سطے نظر بد کے یہ نقش لکھے اور باندھ دے ہمیشہ بچا رہے گا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴	۸۱	۲۰	۱۵
۱	۳۵	۷	۱۸
۱۱	۷	۳۵	۱۷
۳۵	۱۰	۱۸	۷

ایضاً اس نقش کو ایکسو آٹھ بار ہر روز دیکھے علم بہت آئے عقل زیادہ ہو جائے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۲	۶۹	۲	۷
۶	۳	۶۶	۶۵
۶۵	۶۳	۶۹	۱
۴	۵	۶۴	۶۷

۷۸۶

۷۱	۷۱	۷۱	۷۱
۷۱	۷۱	۷۱	۷۱
۷۱	۷۱	۲۱	۲۱
۷۱	۸۱	۸۱	۸۱

ایضاً اس نقش کو لکھکر پیاز کے عرق میں گھولکر بچھو کے کاٹے پر لگا دے نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

۱۳	۱۲	۱۱	۹
۹	۷	۸	۱۴
۱۴	۹	۱۶	۱۱
۵	۴	۵	۱۰

فصل ۲۵ شعبدون مین پانی مین مچھلیان پیدا ہو جائین مچھلی کے انڈے لیکر مٹی
مین ملاکر اون مین رکھدین جب اولے تھم جائین اوس مٹی کو سایہ مین رکھین جب کسیکو شعبدہ
دکھانا منظور ہو تو ایک طشت مین پانی بھر کر اوس مٹی کو اوپر سے پراگندہ کرکے ڈالین فوراً مچھلیان
پیدا ہونگی **ایضاً** جو کوئی ہار ہار کا خون خشک کرکے آنکھون مین لگائے رات کو بے چراغ پڑھے
ایضاً شیشہ مثل چراغ کے روشن ہو تنگ منھ کے شیشے مین نمک اور سرکہ بھر کر آگ پر رکھے
جب جوش آوے اور دھوان اوٹھنے لگے دیا سلائی کا شعلہ اوس کو لگادے جبتک دھوان
شیشے مین رہیگا چراغ کے مانند روشن رہیگا بشرطیکہ دھوان ایکبار نہ نکلجائے **ایضاً**
ترکیب شیشہ چبانے کی اول شیشے کو آگ مین اسقدر گرم کرین کہ خود آگ بنجائے پھر ادرک کے عرق
مین غوطہ دیکر چبا جاوین ہرگز منھ مین زخم نہوگا **ایضاً** انڈے کو چھوٹے منھ کے شیشے مین اوتارنا
جسوقت مرغی انڈا دے اوسیوقت سرکہ انگوری مین قدرے نوشادر حل کرکے ڈالے جب
وہ نرم ہو جائے تب شیشے مین آہستگی سے داخل کرے اور اوپر سے گھی کا پانی چھڑکے
وہ انڈا بصورت اصلی ہو جاویگا **ایضاً** اگر منظور ہو کہ سارے انڈے جو قمار بازون کے
پاس ہین سب کو ایک انڈے سے توڑ ڈالین تو ایک انڈا جو اوسی روز کا ہو اوسکو آتش نرم پر
جوش دین صبح سے تا شام اور اسی طرح تین روز بہم عمل کرین تو اوس سے سارے
انڈے قمار بازون کے توڑ ڈالین **ایضاً** آگ کا باندھنا ہرتال پھٹکری لیکر عرق گھی عالم مین خوب
پیس ڈالین خواہ ہرتال کو زہرہ گاو کے ساتھ ملاکر اوسکو ہاتھ مین ملکر بے تکلف آگ کے انگارے
اوٹھالین **ایضاً** سفیدی بیضہ اور شب یمانی اور نمک حل کرکے کپڑے پر ملکر اوسمین آگ
اوٹھالیوین تو اوسکو آگ نہ جلاویگی **ایضاً** منھ مین آگ لین اور منھ نہ جلے پہلے نوشادر اور عقرقرحا
چبادین اور لعاب اوسکا منھ مین رہنے دین منھ نہ جلیگا **ایضاً** جنگلی مینڈک کی چربی تین بار
تلوے مین انگوٹھے سے ایڑی تک ملکر آگ پر چلے جائین پیر ہرگز نہ جلیگا **ایضاً** کپڑا نہ جلے کافور
ہرے دھنیے کے پانی مین گھس کر کپڑے پر لیپ کرین اور آگ مین ڈالین **ایضاً** چاندی سے لکھا ہو
معلوم ہو پارہ اور رانگہ کشتہ کرکے گوند کے پانی مین حل کرین اور شنجرف یا زرد کاغذ پر لکھین اور
خشک ہو پھر اکرین چاندی کا لکھا ہوا معلوم ہوگا **ایضاً** پھٹکری کے پانی سے کاغذ پر
لکھین جب خشک ہو کا پڑھا نجاویگا جب پانی مین ڈالین گے سب پڑھا جاویگا اور اگر پھٹکری
اور مازو زرد کاغذ پر ملکر منھ کے لعاب سے اوسپر لکھین سبز معلوم ہوگا **ایضاً** رات کو پڑھا جاوے

اور ون کو نہ پڑھا جاوے کبوتر وون خون سے لکھین ایضاً تیر آگدہ سے کاغذ لکھین جب خشک ہو جاے
کچھ نہ پڑھا جاوے اور جب اوسکی راکھ مین حرف سیاہ نمودار ہون ایضاً عورت کے پستان
غائب ہونے کا شعبدہ اتوار کو ایک چمگادڑ لائے اور سات اتوار گوگل کی دھونی دے پھر ذبح کرکے
سکھا کر رکھ دی اور قدرے لاجونتی پیسے اور تانبے کے چراغ مین مال کنگنی کا تیل ڈال کر کاجل پارے
پھر اوسکو ہاتھون پر ملکر جس عورت کو دکھاوے اور مٹھی بند کرلے وے چھاتیان غائب
ہو جائینگی جب مٹھی کھولے بدستور آجائینگی ایضاً ترکیب الو کی انجن جب اتوار کے دن اماوس
آوے تو دو آدمیون کی کھوپڑی لیکر مرگھٹ مین جائے ایک کھوپڑی مین الو کا پتہ اور تھوڑا
گھی ڈالکر روشن کرے اور دوسری مین کاجل پارے اور ایک سو آٹھ مرتبہ منتر پڑھے وہ یہ ہے
اونگ نموہاہی تری مری مری اپنی بدھنی پڑھے سری گرکو سواہا جب پڑھ چکے تب کاجل
تانبے کے تعویذ مین رکھکر منھ مین رکھ لے اور جہان چاہے چلا جاوے وہ سب کو دیکھے
اور اوسکو کوئی نہ دیکھے اور جو آنکھ مین لگاوے تو تمام جوگنی مطیع ہو جائین ایضاً اگر گندھک
اور ہرتال اور اجوائن خراسانی آک کے دودھ مین ڈالدے اور کوئی دانہ چاول یا دال
کا اوسمین ڈالدے جب خشک ہو جاوے جس جانور پرند کو کھلاوے بیہوش ہو جاوے
اور جب زیتون کا تیل پلادے ہوش آوے ایضاً مچھلی کے شکار کرنے کی ترکیب
مچھلی کا چارہ لیکر خوب باریک پیس ڈالین اور اوسکو قدرے گیہون کے آٹے مین ملاکر
خوب گردا گوندھین کہ مانند تی کے ہو جائے پھر چنے کے برابر گولیان بناکر سایہ مین خشک
کرین اور وقت حاجت کے حوض یا تالاب وغیرہ مین اوسکو چھڑک دیوین
اور وقت بھی ڈالنے کا ہو اوس وقت ساری مچھلیان پانی اوپر آویگی پھر جسقدر
چاہین پکڑلیوین اور علامہ دمیری مین اپنے مجربات مین لکھا ہے کہ یہ عمل آزمودہ ہے ایضاً باقلی کو ہرتال
کے ساتھ پکاکر گولیان بنالیوین انمین سے جب کبوتر کھائیگا زمین پر گر پڑیگا اور پھر نہ اوڑ سکیگا اوسوقت
اوسکو ہاتھ سے پکڑلیوین اور جب اسکو ہوش مین لانا ہو تو زیت اوسکے منھ مین ٹپکا دین
ہوشیار ہو جائیگا ایضاً مرچی اور ہرتال کو خمیر مین مخلوط کرین اوسمین سے جو جانور کھائیگا
بیہوش ہو جائیگا اور اگر سرد پانی سے اس مرغ بیہوش کو دھووین تو فوراً ہوش مین آجائیگا
ایضاً بتاشے کو روغن مین چرب کرکے پانی مین ڈالدین تو وہ نہ گھلیگا ایضاً عورت
کے دل کا بھید معلوم کرنا الو کا دل جامہ دل کتانین لپیٹ کر سوتی ہوئی عورت کے سینے پر رکھدے بتلائیگی

فصل ۲۶ طلسمات میں — یہ مرکب ہے قوای سماوی اور اجسام ارضی سے جب روز پنجشنبہ
کے قمر حوت یا قوس میں ہو مشتری کا ناظر ہو پہلی یا دوسری ساعت میں بلور کا ٹکڑا لیکر اوسپر صورت
ایک مرد کی بنا دے لباس پہنے کرسی پر بیٹھے ہوئے اور ہاتھوں میں کسی درخت کی شاخ لئے ہوئے اس
صورت کے نیچے یہ حروف لکھے ب س ر ہ ال پھر اس بلور کے نگینہ کو شیشہ کی انگشتری میں نصب
کرے اور نگینہ کے نیچے قدرے کافور رکھدے پنجشنبہ کے دن طلوع آفتاب سے پہلے انگلی
میں پہنے جو دعا کرے قبول ہو اور چشموں میں عزیز اور امین ہوگا بشرطیکہ سفید پوشاک
نہ پہنے اور مچھلی نہ کھاوے **ایضاً** جب روز جمعہ کے قمر ثور یا میزان میں ہو نگینہ لاجورد لیکر
اوسپر صورت ننگی عورت اور مریخ کی بنائے کہ اوسکی گردن میں زنجیر پڑی ہو اور عورت کے
پیچھے ایک لڑکا کاندھے پر تلوار رکھے ہوئے ہو اور اوسکے قدموں کے نیچے یہ حروف ح ع ع
ع لکھے اور اوس نگینے کو تانبے کی انگوٹھی پر نصب کرے اور نگینہ کے نیچے قدرے برادہ
مس اور لوبان رکھے اور ہاتھ میں پہنے مقبول بارگاہ امرا ہوگا اور عورتیں اوسکی طرف
میل کرینگی بشرطیکہ آب شور میں سیاحت نکرے اور مچھلی نہ کھاوے اور بڑھیا عورت سے
اپنا جسم مس نکرے اور اگر اوس انگشتری کو جمعے کے دن پہنے دعا مستجاب ہو **ایضاً**
جس وقت زہرہ برج ثور میں اور قمر برج سرطان میں ہووے تو چاندی اور سونا ہر ایک
سات سات مثقال لیکر دونوں کو گلواوے اور ایک تعویذ بنوائے اور اوسپر ایک گائے کی
صورت کندہ کروائے اور منھ پر ان حرفوں کو ا ای ط د ح د ع لکھے اور سینہ پر ان حرفوں کو
ع ط ا ا ہ ا ے اور جب قمر زہرہ کے ساتھ اتصال متقاولی رکھتا ہو تو سبز ریشم آسمانی والکر
بازو یا گردن میں باندھے ہمیشہ خوش و خرم رہے اور عزیز خلائق ہو **ایضاً** جب قمر جدی یا دلو میں
ناظر زحل ہو اور نظر بھی سعد ہو سنگ سبز کے نگینے پر روز شنبہ کے دن صورت مرد کی استادہ
اسطور پر بنا دے کہ دونوں ہاتھ اوٹھائے ہو اور دست راست میں ماہی اور دست
چپ میں خربزہ اور پیر کے نیچے سوسمار ہو اور اس نگینہ کو شیشے کی انگشتری پر رکھے اور نگینہ کے
نیچے تھوڑا ایلوا اور سوت رکھے اور جب پہننا چاہے تو اوسی ساعت میں اوسکو انگلی میں
پہنے دنیا میں عزت اوسکی زیادہ ہوگی اور ایذا رسائی عدو اور کاٹنے موذی جانوروں سے
محفوظ رہیگا بشرطیکہ لباس سیاہ نہ پہنے اور اونٹ پر سوار نہو اور سانپ کو نہ مارے اور کسی
کو قتل نکرے اور کچا گوشت نہ کھاوے اور کتے کو نہ مارے اور آگ اپنے ہاتھ سے نہ بجھاوے

فصل ۲۷ نسخون مین ۔ مولف مفاعمہ نے اس سے پہلے اکثر امراض کے اعمال اور تعویذات لکھے ہین اب نسخے لکھتا ہی کہ ناظرین رسالہ ہذا علاج اودیہ سے بھی باہر ہو جائین جان تو کہ سوائے موت کے کوئی ایسا مرض نہین کہ جسکے دفع ہونے کے لیے دوا اور دعا سے علاج نہو مسلم مین جابر سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہر بیماری کی ایک دوا ہی پھر جب وہ دوا بیماری کو پہونچے تو خدا کے حکم سے صحت حاصل ہوتی ہی جب آدمی کسی مرض مین مبتلا ہو جائے تو ضرور ہی کہ اللہ تعالی پر توکل کرکے اپنے مرض کا علاج کرے اور یہ سمجھے کہ شافی برحق اللہ ہی ہی اور دوا مین اوسی کی تاثیر بخشی ہوئی ہی اور موثر حقیقی وہی حکیم مطلق ہے دوا کرنے پر شفا منحصر نہین یہی سبب ہی کہ ایک دوا سو بار آزمائی بعضے جگہ مطلق اثر نہین کرتی مگر دنیا عالم اسباب ہی کوئی سبب چاہیے لکھا ہی کہ حضرت موسی علیہ السلام بیمار ہوئے لوگون نے عرض کیا کہ فلان دوا نافع ہوگی حضرت موسی علیہ السلام نے کہا کہ مجکو دوا کی احتیاج نہین ہی باریتعالی شفا عطا فرمائیگا وحی آئی کہ اے موسی تم ہماری حکمتون کو باطل کرتے ہو جبتک دوا اوسکا استعمال نکروگے ہرگز شفا نہوگی ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوتے تو علاج کرتے اور اگر کوئی مریض آپکے حضور مین حاضر ہوتا تو آپ اوسکا علاج فرماتے اور آپکی امت والون کو بھی چاہیے کہ علاج سے انکار نکرین بعضے شخص علاج سے انکار کرتے ہین اور کہتے ہین کہ ہم متوکل ہین ہمکو دوا کرنا نچاہیے کیا کوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر متوکل ہی عاقل کو اشارہ کافی ہی اور مفصل کیفیت بڑی بڑی کتابون مین لکھی ہی اس رسالہ مختصر مین گنجائش نہین اور دوسری حدیث مین آیا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر مبارک مین درد ہوتا تو آپ پچھنے لگواتے اب پچھنے لگوانا سنت ٹھہرا اور شرعۃ الاسلام مین لکھا ہی کہ پچھنے سر پر لگوانا شفا ہے پانچ مرضون سے جنون جذام برص اور دانتون کے درد سے اور آنکھون کے غبار سے اور سر کے درد سے اور لبستان مین کہ بہت گرمی مین خون نکلوانا اچھا نہین ہی اور ایسا ہی ہی شدت سرما مین بہتر فصل خون لینے کی موسم ربیع ہی اور ضرورت کے ہر فصل مین جائز ہے اور ان تاریخون مین خون کے سترھوین اور اونیسوین اور اکیسوین اور دنون مین یہ بہتر ہین پنجشنبہ دوشنبہ جمعہ یکشنبہ اور کوئی شخص شنبہ سہ شنبہ چہارشنبہ کو خون لیوے اور اوس سے کچھ مرض ہو جائے تو ملامت نکرے مگر اپنے تئین ۔ ایضاً جب سر مین درد ہو تو یہ ضماد لگاوے سونٹھ منقہ

ارنڈ کی جڑ کا چھلکا کوٹ چھانکر پانی سے دھو کر ساٹھی کے چاول کے ساتھ باریک پیسکر کے ضماد کرین ایضاً رینڈی اور سونٹھ اجوائن پانی مین پیسکر گرم کر کے ضماد کرین ایضاً تخم ترپر گل حکمن پانی مین پیسکر ضماد کرین ایضاً جب دماغ کی خشکی اور ضعف کے سبب سے سر مین درد اور دیر ہوتا ہو اس حریرہ کا استعمال کرین مغز بادام شیرین ۵ عدد خشخاش سفید ۴ ماشہ شیرہ کشنیز خشک ۶ ماشہ شیرہ تخم کاہو مقشر ۶ ماشہ شیرہ مغز تخم کدو شیرین ۴ ماشہ ان دواؤن کو پانی مین پیسکر رکھین روغن گاؤ تین تولہ کو جوش دیکر نوش کرین ایضاً اطریفل کشنیزی کہ واسطے درد سر اور بدان اور آنکھونکی بیماری اور رقت منی کے لیے مفید ہی ہلیلہ مربی ۵ تولہ مربے آملہ بنارسی ۵ تولہ منقی ۵ تولہ کشمش سبزہ تولہ مغز بادام شیرین ۵ تولہ انکو عرق گاؤزبان ۲۰ تولہ مین حل کر کے رکھین پوست زرد ۴ تولہ ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ ہلیلہ کابلی ۴ تولہ بلیلہ ۴ تولہ آملہ خشک ۴ تولہ منڈی ۳ تولہ اور اسطوخودوس ۳ تولہ برگ بادرنجبویہ ۳ تولہ اصل السوس ۳ تولہ سرگل بنفشہ کشمیری ۳ تولہ صندل ۲ تولہ گل سیوتی ۲ تولہ کشنیز خشک ۳ تولہ بہمنین ۶ ماشہ تودرین ۶ ماشہ شقاقل ۴ ماشہ تالمکھانہ تولہ بھر مغز ریٹھہ ۳ تولہ ان دواؤن کو کوٹ چھانکر روغن گاؤ ۵ تولہ مین چرب کر کے قند سفید آدھ سیر شہد خالص آدھ سیر عرق گاؤزبان ادھ سیر مین قوام کر کے مربیات مسحوقہ ملاکر آگ پر رکھین جب خوب قوام آجائے ادویہ بالا کو تھوڑا تھوڑا ڈال کر زعفران ۵ ماشہ ورق نقرہ ۱۰ عدد اضافہ کر کے اطریفل بنائین مؤلف کا آزمودہ ہی صرع جسکو مرگی کا عارضہ ہووے تخم کشنیز کو روغن گاؤ مین جوش دیکر مصروع کی ناک مین ڈالین ایضاً لہسن ایک غلافی ۱۱ تولہ لیکر آدھ سیر گھی مین بریان کر کے اسکو ہر روز چودہ دن تک کھاوے اور اوسکا گھی ناک مین ڈالے ایضاً فلفل گرد لیکر دھتورہ خام کہ درخت پر لگا ہو رکھ دی اور درخت سے نہ توڑے یہانتک کہ خشک ہو جائے اور اسی طرح سے کڑوے کدو مین کھوپچ کو رکھے اور اسی طرح فلفل دراز اور سونٹھ کو اندرائن خام مین رکھے اور بعد خشک ہو جانے کے گیاہ کوتہ مین خوب حل کر کے اپنے پاس رکھ لے جسکو مرگی آتی ہو ایک چاول بھر اس شخص کی ناک کے اندر ڈالے وہ شخص فوراً ہوش مین آجائے اور پھر یہ عارضہ اوسکو کبھی نہو ایضاً عاقرقرحا کوٹ چھانکر شہد مین ملاوے جوان ایک تولہ کھاوے اور بچہ ۲ ماشہ مجرب ہی درد چشم اگر نزلہ سے ہو تو زعفران ایک ماشہ پھٹکری ماشہ افیون ۲ رتی ملاکر آنکھون پر لگائے اگر آنکھونسے پانی جاری ہو تو سداب یعنی تلی

کو پانی مین جوش دیکر آنکھون پر لگاوے ایضاً جسکی آنکھ مین سرخی ہو نمک طعام کو پانی مین گھسکر
آنکھ مین ٹپکائے ایضاً ضعف بصر آب پیاز سفید شہد مین ملاکر آنکھون مین لگاوے یا پانی مین
سونٹھ حل کرکے لگاوے ایضاً سرمہ مقوی بصر زعفران اور کافور اور مصری تینون ادویہ
مساوی الوزن لیکر حل کرے بطور سرمہ لگاوین اس نسخہ کا مولف نے بھی استعمال کیا ہی
ایضاً سرمہ مقوی بصر مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ سرمہ اصفہانی ۲ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۲ ماشہ
اور بلبلوچن ۲ ماشہ ورق طلا ۳ عدد کھرل مین ڈالکر گلاب کے ہمراہ حل کرین اور جب خشک
ہوجاوے آنکھون مین لگائین ایضاً سرمہ تحفہ ۲ تولہ لیکر مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ ڈالکر آب باران
مین حل کرین جب خشک ہوجائے آنکھون مین لگائین ایضاً سرمہ سیاہ ایک تولہ جست خالص
۲ ماشہ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ یاقوت رمانی ۲ ماشہ آملہ منقی اقلیمیاے فضی ۳ ماشہ اقلیمیاے ذہبی
۳ ماشہ مامیران چینی ۳ ماشہ تین روز تک متواتر سونف کے پتی کے عرق مین حل کرکے ورق
نقرہ ۳ ماشہ ورق طلا ۳ ماشہ ملاکر بطور سرمہ بنائین ایضاً کاجل موم مغز تخم کدو شیرین
۲ ماشہ تخم کاہوے مقشر ۲ ماشہ تخم خشخاش ۲ ماشہ بزر البنج ۳ ماشہ تخم خرفہ سیاہ ۲ ماشہ مغز
تخم تربز ۲ ماشہ خانہ عنکبوت ۲ عدد سب کو کوٹکر کپڑے مین رکھکر فتیلہ بناکر کورے سکورے
مین رکھکر روغن گاو چار تولہ ڈالکر چراغ جلادین اور دودھ لیکر تھوڑا موم ملاکر آنکھون مین لگائین
ایضاً کاجل آنکھون مین ٹھنڈک اور نظر کو تیز کرے اور عرب لوگ اکثر استعمال کرتے مین
میرے مرشد نے مجھے اس نسخہ کو تعلیم فرمایا ہی بکری کے گردی کے چربی لیکر نصف کو جلادے
اور اس کا دھوان لیکر نصف باقیماندہ کو اوسمین ملادے اور آنکھون مین لگاکر سو رہا کرے
ایضاً سرمہ مقوی بصر آنکھ کے غبار کو دور کرے فلفل سوختہ ایک عدد سپاری سوختہ
ایک عدد طوطیاے بریان ایک رتی پھٹکری بریان چار برنج رسوت خالص چار سرخ
ہلیلہ زرد ۲ سرخ جست کے ظرف مین نیم کے سونٹے سے قدرے قدرے سونف کی پتی کا
عرق ڈالکر خوب حل کرین جب ہوجاوے آنکھون مین لگائین درد گوش اگر کان مین
درد سردی سے ہو بکری کی مینگنی اجوائن خراسانی انسان کے پیشاب مین جوش دیکر
بخور لین ایضاً برگ نیب کا پھپارہ لین ایضاً کان کا زخم اچھا ہوجاوے [illegible]
رات کو پانی مین بھگو کر صبح کو صاف کرکے نیمگرم تین قطرے کان مین ڈالین ایضاً
گھیکوار کا پتا گرم کرکے دوسرے کان مین ٹپکائین ایضاً مرغی کے انڈے کی سفیدی کا [illegible]

ڈالنا درد کو دفع کرتا ہے ایضاً پوست خشخاش ایک عدد بنفشہ کشمیری ۶ ماشہ برگ سیب ۸ ماشہ گوکھرو سبز برگ
سکہ ورشن ۶ ماشہ برگ صد برگ ۹ ماشہ پانی مین جوش دیکر پچپارہ لین ایضاً گیندے کی پتی کانمین ٹپکائین
ایضاً عرق برگ نیب ۶ ماشہ شہد ۳ ماشہ کانمین ڈالین اگر زخم ہوگا اچھا ہو جائیگا اس عاصی کو کانمین
ایکمرتبہ درد ہوا تھا اسی سے اللہ تعالیٰ نے شفا دی تھی ایضاً سرس یا ابنہ کی پتی کا عرق لیکر
نیم گرم کانمین ٹپکائین ایضاً واسطے بہرے ہونے کان کے اور ریمناک ہونے اور واسطے مارنے
کیڑون کے جو اندر کان کے ہون چنانچہ آب پیاز جب کانمین ٹپکایا جاوے تو ضرور فائدہ کرے ایضاً جس
کان مین کیڑے ہون حنظل کو روغن زیتون مین پکا کر ٹپکایا جاوے تو کیڑے مرجائین ایضاً کم
کانمین آواز بھیانک آتی ہو اور کان بجتا ہو بے روغن حنظل کو ڈالے ایضاً جو کوئی بہرا ہو اسکے کانمین
گرونڈے کو دو ٹکڑے کرکے نچوڑین عارضہ زائل ہو جائے ایضاً واسطے کری گوش کے
روغن کلونجی نرم آگ پر گرم کرکے کانمین ٹپکائین درد دندان ہلدی باریک پیسکر چھانکر دانت
کے نیچے رکھین ایضاً ببول دانت کے نیچے دبا کر سو رہین ایضاً واسطے درد دندان کے برگ
برگ سقط و قرطہ لیکر خوب باریک پیسین یہان تک کہ مثل غبار کے ہو جاوے تب دندان پر
مالش کرین درد و ورم ہوگا اور ورم جاتا رہیگا اور دانت ہلتے ہوئے مضبوط ہو جاوینگے ایضاً
واسطے درد دندان کے مغز سیر اور تین دانے فلفل کے لیکر شہد مین ملا کر دانتون پر رکھین تو درد
جاتا رہے اور کیڑے مرجائین ایضاً جس شخص کے دانتون مین درد رہتا ہو تو اپنے گلے مین دانت
کسی شخص میت کا باندھے فوراً درد دور ہو جاویگا ایضاً عاقرقرحا نوشادر افیون ہر ایک پانچ ماشہ
پیس کرکے دانتون پر رکھے درد دور ہو کیڑے بھی مرجائین ایضاً منجن پھٹکری بریان ۶ ماشہ
کرنجوا سوختہ دو عدد توطیا بریان ۴ ماشہ سیاہ مرچ بارہ عدد کوٹ چھانکر ملین ایضاً جنبش
دندان کے لیے پھٹکری بریان ایک حصہ توتیا چوتھا حصہ کتھ ڈیڑہ حصہ کوٹ چھانکر
منجن بنائین ایضاً واسطے جنبش دندان اور استحکام لثہ کے اور اس منجن کی مداومت سے
بال سیاہ رہتے ہین آزمودہ ہے پوست ہلیلہ کابلی پوست آملہ نمک سنگ زنجبیل دار فلفل توتیای
سبز خام تخم مازوی سبز ہر ایک جز مساوی الوزن لیکر کوٹ چھانکر قدرے مسی ملا کر منجن بنائین
ایضاً غرغرہ جب دانتون مین درد ہو عاقرقرحا سنور پوست خشخاش جوش کرکے کئی مرتبہ
کلی کرین ایضاً گیہون کی بھوسی پرانے جو کی بھوسی جوش دیکر کلی کرین ایضاً جب منہ آجاوے
کتھ سفید شورہ قلمی برابر لیکر منہ مین چھڑکین ایضاً گاؤزبان برابر سوختہ اسکے کتھ سفید لیکر

منہ مین چھڑکین ایضاً انار کی چھال گوندی کی چھال کتھ سفید جوش دیکر غرغرہ کرین ایضاً
جسکو کتھ ملا ہو یہ دوا لگا کے مولی کے بیج بکری کے دودھ مین پیسکر لگادین ایضاً مسور دھنیا
شیر کے مین پکا کر لگایا کرین ایضاً سونٹھ تین ماشہ تخم کلونجی نو ماشہ گائے کے پیشاب مین ضماد
کرین دمہ کا علاج مدار کا پتہ ایک عدد کالی مرچ بیس عدد کوٹ چھانکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان
بنائین خوراک جوان کے لیے سات گولیان اور بچے کے لیے دو ایضاً گل زوفہ ۵ ماشہ ارمیا
۳ ماشہ مویز منقے ۵ دانہ اور اصل السوس مقشر سبوس گندم بادیان بیخ بادیان ہر ایک ۱۰ ماشہ
انجیر سفید ولایتی ۵ عدد عرق گلو نیم آثار مین جوش دیکر صاف کرکے شربت [illegible] فاصل کرکے پیوین
ایضاً شربت تمباکو کے سبز پتے کا شیرہ گڑ مساوی الوزن لیکر شربت بنا کر صاف کرکے
رکھین خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک کم قوت کو کم دین کہ اوسکو قے اور اسہال کا اندیشہ ہے یہ
بہت مفید ہے پانچ چھ روز مین صحت ہوگی ایضاً ادرک کا عرق پیاز کا عرق لسن کا عرق گھیکوار کا
عرق شہد ادویہ کے برابر لیکر چینی کے برتن مین رکھکر زمین مین دفن کرین تین روز کے بعد
نکالین اور برابر کوڑی کے ہر روز کھائین ذبہ اطفال پسلی کا عارضہ کمیلا چونہ توتیائے
سبز ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ کتھہ سفید مساوی الوزن لیکر پیسکر کے گولیان بنائین وقت
حاجت کے تھوڑے گھی مین ملاکر ضماد کرین ایضاً پارہ گندھک ہرتال سونٹھ سیاہ مرچ
پیپل پوست ہلیلہ زرد بہیڑہ آملہ سہاگہ مغز تخم تربز ریحان کے پتون کا عرق عرق مساوی
لیکر اول پارہ اور گندھک خوب پیسکر باقی ادویہ لوہے کے برتن مین ڈالکر لوہے کے دستہ سے
بھنگرے کے عرق مین تین روز پیسکر مونگ کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی روز کھایا کرین
مفید ہے ایضاً مغز تخم کرنجوہ ایک عدد طوطیائے سبز خام ایک سرخ باریک پیسکر سرسون کے
برابر گولیان بنا کر ایک گولی روز کھائین ایضاً ضماد گوند آنولہ ایلوا چھ ماشہ کوٹ چھان کر
گھیکوار کے عرق مین ملا کر لگادین ذات الجنب ترمذی نے روایت کی زید بن ارقم سے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ دوا کرو اے لوگو ذات الجنب کی قسط
بحری اور زیت کے ساتھ ایضاً بارہ سنگھے کا سینگ سیاہ مرچ ۵ عدد پیسکر نیم گرم ضماد
کرین ایضاً میتھی شہد مین ملا کر جوش کرکے لگانا مفید ہے درد قلب ابو داود سے
روایت کی ہے سعد سے کہ ایک بار بیمار ہوا مین سو آئے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری خبر کو پس
رکھا ہاتھ مبارک اپنا میرے سینے پر یہان تک کہ سردی پائی مین نے اپنے دل پر فرمایا کہ تیرے دل مین

درد ہی سو جاتا تو حارث بن کلادہ کے پاس اسواسطے کہ وہ علاج کیا کرتا ہی تو گوٹھلی پھر لیوی حارث سات
کھجورین مدینے کی کھجوروں مین سے پھر اونکی گٹھلی سمیت کوٹ ڈالے پھر تجھے کھلادے ہضم طعام
بھوک کے واسطے سیاہ نمک سیاہ مرچ پیپل ہر ایک ۲ تولہ سہاگہ بریان ۱ تولہ بارہ پھر لیمون کے عرق مین
کھرل کر کے رکھیں خوراک چار رتی سے ۱ ماشہ تک بعد غذا کے کھائین ایضاً سونف شبا
نمک پیپل سیاہ مرچ سونٹھ گلاب کے پھول نوسادر پان ادویہ مساوی الوزن کوٹ چھانکر
خوراک ایک تولہ ایضاً ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ ہلیلہ آملہ مرچ سیاہ تیزپات
پیپل زیرہ نمک لاہوری اجوائن سونٹھ مساوی الوزن گیارہ لیمون کے عرق مین حل کر کے
چورن بنائین اس عاجز نے اسکا استعمال کیا ہی مفید ہوا ہی ایضاً جس لڑکے کو قبض رہتا ہو ان گولیوں
کھلائین ہلیلہ سیاہ ۱۱ ماشہ نرکچور ۳ ماشہ سونف ۹ ماشہ سہاگہ بریان ۶ ماشہ کوٹ چھانکر گولیان
برابر چنے کے بنائین ہیضہ مدار کی جڑ مساوی ادرک کے پانی مین کھرل کر کے برابر سیاہ
مرچ کے گولیان بنا کر ایک گولی ہیضہ والے کو دین ایضاً چھوٹی الائچی کا پوست ایک تولہ
گلاب مین جوش جب نصف رہجائے پلائین ایضاً صندل سرخ گلنار سرخ برگ سود
پیکر گلاب کے ساتھ شکم پر طلا کرین ایضاً دانہ الائچی خورد پودینہ خشک طباشیر زرشک
ہر ایک دو ماشہ باریک پیکر شربت انار ترش مین حل کر کے تھوڑا تھوڑا چاٹین ایضاً
تخم لیمون کاغذی جدوار تلخ عود غرقی زعفران ہر ایک ایک ماشہ ہمراہ آب ادرک کے
پیسکر گولی بنا کر کھلادین بعد اسکے آلو بخارا گلاب عرق بادیان مین تر کر کے چھان کر شربت
انار حل کر کے پیوین ہجگلی مودے پر جلا کر تین ماشہ شہد مین کھائین ایضاً سیاہ ماش
بجائے تماکو کے حقے مین پیئین ایضاً ہینگ دو ماشہ مغز بادام چار عدد ملا کر پیسکر پیئین
ایضاً ٹاٹ جلا کر چار ماشہ راکھ اسکی پانی مین ملا کر پھر اس پانی کو صاف کر کے پیئین
طحال ایلوا ہینگ سہاگہ نوسادر بجی سفید مساوی لیکر گھیکوار کے لعاب مین جنگلی بیر کے برابر
گولیان بنا کر ایک گولی روز کھائین ایضاً شیرہ تخم کشوث شیرہ تخم انیسون ہر ایک چار ماشہ
ہمراہ گلقند اور شربت بزوری کے پیوین۔ ایضاً برگ جھاؤ کو خشک عرق مکو عرق بھنگرہ ہر ایک
پانچ تولہ سکنجبین ۲ تولہ حل کر کے پیئین ایضاً بیخ کبر نوسادر مرکی مساوی گھیکوار کے لعاب مین
جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کر صبح و شام ایک گولی کھائین ایضاً چونہ کلی باریک پیسکر شہد مین
ملا کر تلی پر ضماد کرین ایضاً گیہون کی بھوسی اور لسن مقشر جلا کر اسکی راکھ سرکہ مین ملا کر نیم گرم تلی پر

ایضاً کریل کی خشک کوپل ساڑھے تین مثقال سیاہ مرچ نصف وزن کوٹ چھانکر ہر روز صبح کو
پانی کے ساتھ پیوین تلی دور ہووے ایضاً سرکہ تندرین آدمی کے سر کے بال کا ضماد لگانا تلی کو دور کرتا ہے
بواسیر وہ دو قسم ہے ایک وہ کہ مقعد کے کنارے مسون کی فرزدنی ہووے اور اس سے خون نکلے
اسکو بواسیر خونی کہتے ہین دوسرے وہ مقعد مین مسے نمون اور پیٹ مین قراقر ہو اور اگر مقعد مین
فرزدنی ہووے پھولجائے اور خون نہ نکلے اسکو بواسیر بادی کہتے ہین ہار سنگھار کے بیج مقشر کرکے
ایک تولہ سیاہ مرچ ۲ ماشہ کوٹ چھانکر گولیان بنائین خوراک ۳ ماشہ سرد پانی کے ساتھ ایضاً بواسیر
خونی کے واسطے نافع ہے شورہ قلمی رسوت مساوی پیسکر کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک
گولی صبح کھایا کرین ضماد کے واسطے بھی یہ گولیان بہتر دوائی ہین ایضاً بواسیر خونی کے لیے رسوت
دم الاخوین اول کھاوین بعد اُسکے لعاب اسبغول شیرہ تخم خرفہ شیرہ بیج انجبار ہمراہ آب نقوع کے دین
ایضاً آملہ مربے آب گرم سے دھوکر طباشیر ایک ماشہ اضافہ کرکے کھاوین رسوت آب کشنیز سبز کے ساتھ ملا
کرین ایضاً اول ہلیلہ مربی آب گرم سے دھوکر کھاوین بعد اسکے لعاب اسبغول ہمراہ آب تازہ کو دین
ایضاً تخم بکائن مغز تخم نیم مقل ازرق رسوت ہلیلہ زرد کوٹ چھانکر آب ککروندہ مین گولی بناکر نگاہ
رکھین ایک گولی ہر روز کھاوین اور رسوت ہمراہ عرق ککروندہ کے پیسکر لگائین ایضاً کالی زیری
کا سفوف بواسیر خونی و بادی کو مفید ہے کالی زیری تولہ بھر نصف بریان اور نصف خام ہر روز
ساٹھی کے چاول کے پانی ساتھ ایک درم کھائین ایضاً بخور بواسیر کے لیے نافع ہے جھنگ کی
پتیان نیب کی پتیان بکائن کی پتیان گائے کے دودھ مین پکاکر پہلے آدھے کھائین پھر پیسکر
کروش دیگر تجربہ ہین ایضاً بھنگ کی پتیان گائے کے دودھ مین پکاکر پہلے ادھے کھائین پھر پیسکر
سر پر باندھین ایضاً بواسیر خونی کے لیے رسوت ۱ ماشہ گوند ببول ۱ ماشہ دم الاخوین ۱ ماشہ
کوٹ چھانکر بکرے کے عرق مین گولیان بناکر ہمراہ عرق مذکور کے کھائین اگر اس سے نفع نہو آدھ آدھ ماشہ
دوا برابر بڑھاکر گولیان بناکر ہمراہ عرق بارتنگ سبز ۶ تولہ کے کھائین سوزاک جب کسی کو
سوزاک ہوجائے ان نسخون کا استعمال کرے نسخہ سفیدہ کاشغری ۸ ماشہ گوند ببول دو ماشہ
نشاستہ گندم ۳ ماشہ رسوت زرد ۴ ماشہ افیون خالص ۳ ماشہ سب دواؤن کو باریک
پیسکر انڈے کی سفیدی مین ملاکر سایے مین خشک کرین جب ضرورت ہو دودھ کے تورین ملاکر
پچکاری مین لین ایضاً کافور ۱ ماشہ کتھ ۲ ماشہ سنگ جراحت ۲ ماشہ مردار سنگ ۱ ماشہ رسوت
۴ ماشہ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ گوگل ۴ ماشہ پھٹکری بریان ۱ ماشہ گیرو ۲ ماشہ کوٹ چھانکر بکری کے

دودھ مین ملاکر پچکاری لین **ایضاً** طوطیا ۲ ماشہ پھٹکری بریان ماشہ ادھ سیر پانی مین جوش
دین جب آدھا پانی رہجائے شیشہ مین رکھکر پچکاری لین اگر اس دوا سے خون آنے لگے کچھ اندیشہ
نہین ہی اگر درد زیادہ ہو جائے عورت کے دودھ کی پچکاری دے لین **ایضاً** پوست ہلیلہ زرد
پوست بہیرہ آملہ ہر واحد ایکدرم طوطیا سبز ادھا درم سب اجزا کوٹ کر رات کو پانی مین
بھگو کر صبح پچکاری لین **ایضاً** کباب چینی ریوند چینی دانہ الائچی خورد ہر ایک ۶ ماشہ شورہ قلمی ایکتولہ
نبات ۲ دو تولہ سفوف کرکے ہمراہ شیر گاو کے پین **ایضاً** انزروت مدبر طباشیر صمغ عربی تخم
بریان لعاب اسبغول ہر ایک چار رتی مردار سنگ ایکماشہ کتھ سفید ۲ ماشہ باریک کرکے ساتھ آب
جغرات کے چھانکر پچکاری لین **ایضاً** ست بہروزہ ایک تولہ طباشیر کبود ا تولہ دانہ الائچی خورد
۲ تولہ مصری ۲ تولہ کوٹ چھانکر ہمراہ پاؤ بھر شیر گاو کے کہائین **ایضاً** برے سوزاک کافور ا تولہ روغن
چنبیلی ۸ تار گرم شاخ گاو ۱ تولہ روغن مذکور مین حل کرکے سرمہ بنائین **ایضاً** اندری جلاب سوزاک کے لیے
برگ ببول ۲ تولہ برگ انار ترش ۲ تولہ برگ انار شیرین ۲ تولہ شیرہ گاو ۲ سیر آب خالص ۲ سیر سبتون
کو پیسکر ٹکیہ بنا کر لوٹے مین رکھے بعد ایک ایک گھڑی کے ایک آبخورہ پیا کرے اور آبخورہ بھر
پانی اس لوٹے مین ڈالا کرے اسطرح تمام دن پیے شام کو دہی خشکہ کھائے بہت لوگون نے
اسکو آزمایا ہی سب کو فائدہ کیا ہی **ایضاً** سنگ جراحت ۶ ماشہ کتھ سفید ۶ ماشہ طوطیائے سبز
۳ ماشہ ۶ سیر پانی مین ڈالکر پچکاری لین **ضعف باہ** اگر قوت باہ منظور ہو تو ثعلب مصری
رومی مصطگی دارچینی ہر ایک چار ماشہ نبات سفید ۲ تولہ باریک پیسکر ہمراہ شیر مادہ گاو کے
حل کرکے پین **ایضاً** موچرس ۶ ماشہ ہمراہ آب کوکنار کے کہیا دین فائدہ ویک ماہی کا ہے
ایضاً معجون مال کنگنی باہ کو قوت دیتا ہی مال کنگنی عاقر قرحا تخم کیوڑہ لونگ زعفران ہر ایک
ایکدرم اسپند آدھا درم خشخاش سفید ۵ درم تل چار درم زردی بیضہ ۹ عدد شہد اور قند
چہار چند لیکر بدستور معجون بنائین **ایضاً** پیپل نمک سنگ شیر گوسفند روغن گاو باہم ملاکے
رات کو اکیس روز تک کھائے اور تا میعاد عورت سے پرہیز کرے **ایضاً** سیماب گندھک دو
ہموزن چھتاور کے عرق مین تین روز کھرل کرے اور گولی باندھکر گوشت تازہ گوسفند
مین رکھکر روغن گنجد سیاہ مین پکاوے جب گوشت سرخ ہو جاوے اوسوقت اجزا کو نکالکر موصلی
سیاہ کو جوش دیکر سب کو تین روز تک کھرل کرے پھر مصری ملاکر بقدر ایک ماشہ خواہ کم و بیش
حسب موافقت مزاج کھائے **ایضاً** پارہ گندھک عرق کیول گٹہ ہموزن سب کو ایک پہر کا ...

کھرل کرکے چھوٹے شیشے مین رکھکر بالون مین اکیس روز تک دفن رکھکر پھر دو رتی کھائے ایضاً
تخم پیاز زمین بوئے جب شاخین نکلین اور گٹھی بقدر سپاری ہوجائے اوسکی شاخون کو تھوڑا
کاٹکے ہر شاخ مین ماشہ بھر پارہ ڈالدے بعد اوسکے پھر بیسوین روز ڈالا کرے یہانتک کہ پیاز
جب قابل کھانے کے ہو ایک گٹھی سالن مین کھایا کرے باہ کے لیے یہ عجیب الاثر ہی ایضاً معجون
مقوی باہ عاقرقرحا ۱ تولہ بزرتقت ۱ تولہ اقموان ۶ ماشہ دارفلفل ۶ ماشہ فلفل ابیض ۶ ماشہ
جتہ الخضر ۱۲ ماشہ جب شونیز ۴ ماشہ خردل ۵ ماشہ نارجیل ۱ تولہ سب دواؤنکو کوٹ چھانکر شہد
سہ چند مین ملاکر معجون بنائین مقدار خوراک ۱ تولہ ایضاً قوت باہ کے لیے یہ نسخہ نہایت مفید
فقیر مولف نے آزمایا ہی زہر کچور آدہ سیر بیج کنیر سفید ایک آثار کریاری ایک آثار نوسرگائی
کا دودہ لیکر دواؤن کو جوش دین جب جوش آجائے آگ سے اوتار کر اسکا وہی بناوین اس سے
گھی نکالین پان مین ایک رتی روز کھائین اور ایک ماشہ آلہ تناسل پر لگائین ایضاً زہر تلبیہ
دارچینی قطمی دھتورہ جند بید ستر عاقرقرحا گجراتی مشک خالص مومیائی اور خراطین مساوی
الوزن پانی مین پیسکر روغن چنبیلی ملاکر قضیب پر ملین اور گوشہ ران اور زیرناف لیپ کرین ٹھنڈے
پانی سے پرہیز کرین ایک ہفتہ تک لگائین ایضاً سینک کہ قضیب کی سستی کو دور کرے مال کنگنی
۲ ماشہ برادہ دندان فیل دو ماشہ آنبہ ہلدی ۲ ماشہ تینون دواؤن کو ایک پوٹلی مین
باندھین اور آدہ سیر دودہ مین جوش کرین اور ہانڈی کے وسط مین سوراخ کرکے اس
سوراخ پر پوٹلی رکھین جب وہ دودہ کے بخار سے گرم ہوجائے اس پوٹلی سے قضیب کو سینکین
ایک ہفتہ تک اسکا استعمال کرنا چاہیے ایضاً جی کہ آلہ تناسل کو سخت کرے کپڑا آنبہ ہلدی مین
رنگ کر خشک کرین اسکے بعد دھتورے کے عرق مین تین مرتبہ بعد اوسکے مدار کے دودہ مین
تین مرتبہ تر کرکے سایہ مین خشک کرین پھر بھینس کے گھی مین نرم آگ پر بریان کرکے وقت حاجت
کے بتی پر شہد لگاکر پھر اہینگ ایک رتی کے برابر پیسکر اسپر چھڑک کر تین روز باندھین ایضاً
تحلیق کے لیے ایک مارو بیگن خشک ہوجاوے آدہ سیر میٹھے تیل مین اسے جوش دین جب تیل جوش کھانے
لگے سات تولہ خراطین خشک تیل مین ملائین جب کینچوے جل جائین لہسن چھیلکر اوسمین ڈالین پھر
کھرل کرکے شیشے مین رکھین اور پندرہ روز تک ہر روز ایک ماشہ ذکر پر ملکر پر گند کا پتہ اوسپر
باندھین ایضاً طلا قضیب کی سستی کو دفع کرے اونٹ کٹارے کا درخت مع جڑ اور پتون کے
بکری کے دودہ مین تر کرکے بطریق پتال جنتر کے روغن اسکا کھینچکر قضیب پر لگائین۔

ایضاً امساک کے لیے شنگرف موچرس افیون ہر ایک چار ماشہ سہاگہ پیسکر سیاہ مرچ کے برابر
گولیان بنائے ایک گولی قبل جماع کے کھائے ایضاً تخم دھتورہ تخم پنوار پانچی مغز تخم بدانجیر
سب مساوی الوزن بکری کے دودھ مین پیسکر گولیان ایک ایک ماشہ کی بناکر ہمراہ شیر گاو کی کھاوے
بعد دو گھڑی کے مشغول ہو جب تک کہ ترشی نہ کھاوے فارغ نہو ایضاً درازی ذکر کیلیے
اندرجو باریک پیسکر قدرے گائے کے دودھ مین جوش دیکر قضیب کو گرم پانی سے خوب دھوکر اوس پر
بالا کو مثل مرہم کے لگائے اسطرح کئی دن تک کرے ایضاً واسطے سطبری ذکر کے بورہ ارمنی
۴ ماشہ سنبل ۴ ماشہ جونک طویل خشک کوٹ پیسکر شہد اور دودھ مین ملاکر آلہ تناسل مین
ملاکرین ذکر کو خوب رگڑے گرم پانی سے دھوکر لگائین ایضاً واسطے گندگی ذکر کے گندھک بیل -
مساوی الوزن کوٹ چھانکر شہد ملاکر ذکر پر مالش کرین گھنٹہ بھر توقف کرے گرم پانی سے دھو ڈالین
ایضاً مغز بینہ دانہ باریک پیسکر چھانکر شیر خام تازہ دوشیدہ ملاکر جماع سے پہلے ذکر پر مالش کرین اور
جو کوئی مداومت کریگا ذکر گندہ ہو جائیگا ایضاً معجون سرعت انزال کو نافع ہے پوست ہلیلہ
زرد بہیرہ آملہ خرما بریان ثعلب مصری میدہ لکڑی گوکھرو موصلی سفید و سیاہ بالچھڑ تخم کونچ
سنگھاڑہ خشک مغز کنول گٹہ اندرجو شیرین املی کے بیج کا مغز ہر ایک دو درم گلنار شہدانہ
اجوائن خراسانی زیرہ حب الآس دھنیان طباشیر ہلدی کونپل مصطگی رومی مصطگی شاہ بلوط
بیج بند سربالی لودھ اسپند و بریان ہر واحد ایکدرم تخم اسگند تالمکھانا بریان سمندر سوکھ چنیان گوند
ناگرموتھ گل دھاوا موچرس ستاور ببول کی پھلی کیوڑے کے بیج ہر واحد ایک مثقال قند سفید
ڈالکر معجون تیار کرین ایضاً جریان منی کے لیے گوکھرو ۵ ماشہ اور سنگھاڑہ اور ساٹھی کے
چاول کنول گٹہ کا مغز ہر ایک ۳ ماشہ تال مکھانہ دو ماشہ موچرس ۳ سمندر سوکھ سربالا بیج
بند ہر واحد ۳ ماشہ شکر برابر سب ادویہ کے ملاکر سفوف بنائین خوراک ا تولہ ایضاً جریان منی
پوست بیضہ مرغ تالمکھانا ایک تولہ لاکھ خام ۶ ماشہ گوند چنیا ۹ ماشہ شہد خالص لیکر چنے کے
برابر گولیان بنائین صبح و شام ایک گولی کھائین ایضاً مرض آتشک کو یہ گولیان مفید ہین
رسکپور ایک تولہ شورہ قلمی ایک تولہ لونگ ۵ عدد ان سب کو بنگلہ پان کے عرق مین پیسکر
کنار دشتی کے برابر گولیان بنائین صبح کے وقت ملائی مین لپیٹ کر حلق مین چھوڑ دے
اور سات روز کے بعد ایک گولی کھایا کرین چنبیلی کی پتی سے غرغرہ کرین ایضاً دفع آتشک جسلی
کی پتیان سبز چار درم توتیا سبز ایکدرم باہم پیسکر بیر کے برابر گولیان بنائین صبحکو ایک گولی گرم

پانی سے کھائے ایضاً جب عورت حمل کی طالب ہو اس نسخہ کا استعمال کرے تلی پای شتر سیکر اسکا
دہن نکال لیوے اور دہن مرغابی اور لونگ اور زعفران سب کو باہم خوب حل کر کے شہد ملا کر صوف مین لپیٹ کر
بعد حیض کے حمول کرے ایضاً عورت بعد طہر کے روغن حلبہ کو صوف مین آلودہ کر کے
حمول کرے ایضاً جب عورت کو شیر مادہ اسپ پلا دین اور اسکو معلوم نہو دیوے
بعد اس کا شوہر اس سے صحبت کرے تو حاملہ ہو جاویگی ایضاً جس عورت کے پیٹ مین بچہ مر گیا
ہو اسکے اندام نہانی مین سانپ کی کینچلی کی دھونی دین بچہ مردہ پیٹ سے نکل پڑیگا ایضاً
بعضے اہل تجربہ نے لکھا ہو کہ اگر ایک دانہ ریندی کا کوئی عورت نکل جائے تو ایک سال
کامل تک اسکو حمل نہ ہو اور اگر دو دانے نکال لیوے تو دو سال تک حاملہ نہو اسی طرح ہر سال کے
لیے ایک ایک دانہ کافی ہے کہ حمل سے فراغت رہیگی ایضاً اگر دریافت کرنا منظور ہو کہ عورت
حاملہ پسر کی ہو یا حاملہ دختر کی ہی تو ایک جون ہتھیلی مین رکھکر اسپر دودھ اس عورت کا ڈالین اگر
وہ جون اس دودھ سے نکل جاوے تو معلوم کرو کہ اسکو حمل دختر کا ہو اور اگر وہ اوسمین سے نہ نکلی تو
جاننا چاہیے کہ حمل پسر کا ہو ایضاً جب عورت کا بکر زائل ہو جاوے تو استخوان ماکیان جلا کر
اسکو خوب باریک پیس ڈالین اور آب خس سبز تازہ اور آب برگ انگوران دونون عرقونکو ملا کر
صوف کے ساتھ حمول کرے تو عورت از سر نو باکرہ ہو جاویگی ایضاً بعد ازالۂ بکارت پھر
بکر ہونا مورد ایک ایک حصہ مازو ایک حصہ شنگرف ایک حصہ یہ سب مساوی الوزن لیکر
خوب باریک پیس ڈالین اور وہ عورت جسکا بکر جاتا رہا ہو اس دوا کو اندام نہانی مین مل لیوے کر
اور تھوڑی دیر اپنی ران کو ران پہ رکھے اور ایک گھنٹے کے بعد اسکا شوہر صحبت کرے تو اوسکا
اسی طرح بکر پاویگا جیسے وہ اول مین تھی کہ اس سے خون ٹپکیگا ایضاً برص کا نسخہ نظم
ستان باچی خوب تخم پنوار ؛ دگر پوست از تخم انجرا آرہ ؛ بوزن برابر نہ بیش و نہ کم ؛ درو اندکے
بھنگرہ کن تو ضم ؛ بگمن آس یکجا بسحق تمام ؛ کفے زین تو میر دص راده مدام ؛ بنہ دامت
نماند بماہ چہار ؛ شود دفع از فضل پروردگار ایضاً جب کہ سفید
داغ کو مفید ہے باچی مدبر سفشر پوست بیخ کٹومر پوست بیخ نسب پوست شاخ نیب برگ نیب
مساوی الوزن کوٹ چھانکر رکھین اور کتھے کی لکڑی ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک حصہ لیکر آٹھ
حصہ پانی مین جوش دین جب نصف رہے صاف کر کے ادویہ مذکورہ بالا کو اس مین
خمیر کرین اور گولیان بنا کر ایک درم سے ڈیڑھ درم تک کھامین مفید ہون گی - ایضاً

جذام کے لیے شاہ ترہ اسگندھ برہم ڈنڈی پوست ہلیلہ زرد مساوی الوزن دو تولہ رات کو پانی
مین تر کرکے صبح مل کرکے پیئین ایضاً جذام کے واسطے چنے کی بھوسی آدھ پاؤ ایک سیر پانی مین
ترکرکے صبح مل کر چھان کر پیئین اسی طور سے ایک مہینا او بیس روز تک پیا کرین چاول اور
دودھ دہی اور جو سفید چیز ہو اور ترشی سے بھی پرہیز کرین گوشت اور گوڑ اور شکر جو ائین جو
میسر آئے کھائین ایضاً داد کو نافع ہی گندھک چوکیہ سہاگہ رال برگ نیب تخم پالک مساوی الوزن
لیکر سیکر تیز پہ مین ملاکر اکیس گولیان بنائین ایک گولی کو پانی مین گھسکر لگایا کرین ایضاً نسخہ
داد بازو سے سبز سہاگہ گندھک توطیا رال مساوی الوزن لیکر پانی مین گولیان بنائین جب
لگانا ہو ایک گولی پانی مین گھسکر لگائین ایضاً نافع خارش طوطیاے سبز تماکو خشک ہر واحد
ایک تولہ کمیلہ ۲ تولہ سفید چینی ۴ تولہ کر دی تیل مین ملاکر تین روز لگا ایضاً خارش کے لیے پنوار کے
بیج ایک سیر گندھک ایک دام ایک سیر گاے کے دودھ مین آدھ پاؤ گھی ملاکر جوش دین جب دودھ
جلکر روشن رہ جاے صاف کرکے ملین ایضاً جب گھر مین مچھر بہت ہو جاوین گلقند اور کلونجی کا دھواں
کرے تو اوس گھر مین مچھر نہ گھسینگے ایضاً بھینس کی کھال جلائے مچھر بھاگ جائینگے ایضاً اگر کمون کو
پانی مین پیسکر گھر کی دیوارون پر چھڑک دیوے تو اُس گھر کے سب پسو مر جاوینگے ایضاً زفت
رومی اور گندھک کا بخور کرین تو مکھیان اور چوہے بھاگ جاوینگے ایضاً اگر کوئی شخص چوہا پکڑ کر
اُسکو خصی کرکے اسکی دم کاٹکر کسی جگہ چھوڑ دیوے تو جتنے چوہے ہونگے سب بھاگ جائینگے ایضاً واسطے دفع
چیونٹیون کے زیت کا روغن لیکر نمک ملاکر اُنکے سوراخون مین ڈالے تو وہ سب نکلجاوینگی ایضاً
جس جگہ چونٹیان بہت ہون ہرتال لیکر اس مقام پر لگا دیوین تو وہان چونٹیان نجاینگی
ایضاً جب کسی جگہ دیک ہو یا کتاب مین کیڑا لگ جائے تو یا کبیکج یا کبیکج یا کبیکج لکھدے
ایضاً جب کپڑے پر سیاہی دوات کی گر پڑے تو چاول پیسکر اُسپر رکھدے تو چھوٹ جاویگی
مجرب ہی ایضاً سیاہی کے دھبہ کو لیمون لگاکر دھوئے بعد ازان صابون سے دھو ڈالے
کپڑا صاف ہو جاویگا ایضاً اگر کپڑے پر تیل گر پڑے تو گنے کا رس لیکر آگ پر جوش دیکر اور اُسے
دھوئے وہ چھوٹ جائیگا ایضاً جب لکھنے مین غلطی ہو جائے اور اوسکا مٹانا منظور ہو تو پھٹکڑی
مازو گوگرد ابیض ہموزن لیکر خوب باریک پیسکر سرکہ خالص مین حل کرین جب شل مرہم کے
ہو جائے سپاری کے مانند گولی بناکر اور سایہ مین خشک کر لیوین تو اُس سے سیاہی کو چھیلین
تو حروف زائل ہو جاوینگے اور ایسے مٹ جاوینگے کہ کچھ اثر و نشان بھی اونکا باقی نرہیگا مجرب ہی

باب چھٹا تعبیر خواب کے بیان مین اور اس باب مین گیارہ فصلین ہین

فصل اول کیفیت خواب اور اوسکے لوازم اور شرائط کے بیان مین جاننا چاہیے کہ حدیث
مین وارد ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ خواب مومن کا چھیالیس حصون مین ہے
ایک حصہ ہے اور فرمایا علیہ السلام نے نہ باقی رہیگا میرے بعد نبوت سے مگر مبشرات صحابہ نے
عرض کیا کہ مبشرات کیا ہین یارسول اللہ فرمایا نیک خواب جسکو نیک مرد دیکھے یا اوسکے واسطے
اور نیک مرد سچا خواب دیکھے مفسرین فرماتے ہین کہ آیہ کریمہ لَہُمُ البُشریٰ فی الحیوٰۃ الدنیا مین بشریٰ سے
مراد خواب صالح ہے خواب کے ذریعہ سے اللہ تعالی اپنے بندونکو اسرار غیبی پر آگاہ کرتا ہے کہ اچھا خواب
دیکھکر خوش ہووین اور نزول رحمت الٰہی کے منتظر رہین جب اوسکا ظہور ہو شکر منعم حقیقی بجالاوین
اور اگر کسی امر بد سے اپنے بندے کو عالم رویا مین متنبہ کرے اوس سے پرہیز کرین اور گناہون سے
توبہ کرکے اللہ تعالے کیطرف متوجہ ہو جاوین حدیث مین آیا ہے کہ جب کوئی خواب پریشان دیکھے
تو کسی سے بیان نکرے منقول ہے کہ پہلے خواب حضرت آدم علیہ السلام نے دیکھا تھا جب بیدار
ہوے حضرت حوا کو اپنے پہلو مین پایا جناب الٰہی سے خطاب ہوا کہ اے آدم یہ کون ہے آپنے عرض کیا
یہ حوا ہے جسکو مین نے خواب مین دیکھا تھا دوسرا خواب حضرت ابراہیم کا جسکی تعبیر مین
حضرت اسمعیل کے ذبح پر آمادہ ہوئے اور تیسرا خواب حضرت یوسف علیہ السلام کا جسکے
نتیجے مین سلطنت مصر ملی بھائیون اونکی اطاعت قبول کی چوتھا خواب حضرت رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آپ نے خواب مین دیکھا تھا کہ لبید بن عاصم نے سحر کرکے
کنوئین ڈالا ہے صبحکو آپ نے بیان کیا اور کنوئین سے موے مبارک طلب کیے اوسوقت حضرت
جبرئیل آئے اور معوذتین تعلیم کی اوسکی برکت سحر کھل گیا غرضکہ سچون کے خواب بھی
سچے ہوتے ہین جیسا کہ حدیث مین ہے اَصدَقُکُم رُؤیا اَصدَقُکُم حَدیثاً مسلم مین ابو ہریرہ
ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تم لوگون مین بہت سچے خواب والا سچ بولنے والا
ہے یعنی جسکی بات سچی ہے اوسکا خواب بھی سچا ہے اسواسطے کہ جھوٹ بولنے سے آئینہ دل اندھا
اور زنگ آلود ہو جاتا ہے تو خواب مین عالم مثال کا عکس ٹھیک ٹھیک نہین پڑتا اسیواسطے
فاسق کا خواب اکثر پریشان ہوتا ہے خواب دیکھنے والے کو لازم ہے کہ اپنا خواب ہر ایک کے سامنے
بیان نکرے کسی عالم متبحر جو تفسیر اور حدیث اور فقہ جانتا ہو اور متقی اور پرہیزگار اور اوسکا دوست

